يا أهل الكتاب تعالوا إلى كلمة سواء بيننا وبينكم ألا نعبد إلا الله

الحمد لله الموفق انی کتبت هذه الرسالة والصحيفة العجالة لعلاج مرض المتنصرين الذي امتدّ مداه وعرقهم مُداه واكلهم نار انكار الفرقان والصول على كتاب الله القرآن۔ فاردنا ان نُنجيهم من مخلب الحِمام۔ ونريهم سمّ داءهم ونهديهم الى دواء السقام۔ فالفنا هذا الكتاب۔ مع انعام كثير لمن اجاب۔ وهو خمسة آلاف من الدراهم لكل من اتى بمثله واری الجواب۔ وهو بفضل الله حسن وطيب والطف وادق۔ وسميته الحصة الاولى من

نور الحق

عسى ربكم ان يرحمكم وان عدتم عدنا وجعلنا جهنم للكافرين حصيرا ان هذا القرآن يهدي للتي هي اقوم ويبشر المؤمنين الذين يعملون الصالحات ان لهم اجرا كبيرا

قد طبع في المطبع المصطفائي في لاهور سنة ۱۳۱۱ھ

بار اول جلد ۱۴۰۰

قیمت فی جلد ۱۲



الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على سيد رسله وصفوة

تمام تعریفیں خدا کے لئے ثابت ہیں جو تمام عالموں کا پروردگار ہے اور درود اور سلام اُسکے نبیوں کے سردار پر ہو جو اُسکے دوستوں میں سے

احبته وخيرته من خلقه ومن كل ما ذرء وبرء وخاتم انبيائه وفخر اوليائه

برگزیدہ اور اسکی مخلوق اور ہر ایک پیدائش میں سے پسندیدہ اور خاتم الانبیاء اور فخر اولیا ہے۔ ہمارا سید ہمارا امام ہمارا نبی

سيدنا وامامنا ونبينا محمد المصطفى الذي هو شمس الله لتنوير قلوب اهل

محمد مصطفی جو زمین کے باشندوں کے دل روشن کرنے کے لئے خدا کا آفتاب ہے۔ اور سلام اور

الارضين - وآله وصحبه وكل من آمن واعتصم بحبل الله واتقى وجميع عباد الله

درود اُس کی آل اور اُسکے اصحاب اور ہر ایک پر جو مومن اور حبل اللہ سے پکڑنے والا اور متقی ہو اور ایسا ہی خدا کے

الصالحين - اما بعد فاعلموا ايها الاخوان بارك الله فيكم ولكم وعليكم ان فساد

تمام نیک بندوں پر سلام۔ بعد اسکے اے بھائیو خدا تم میں اور تمہارے لئے اور تم پر برکت نازل کرے تمہیں معلوم ہو

زماننا هذا قد بلغ الى النهاية وسود الشرك والفسق والارتداد وجوه كثير

کہ ہمارے اس زمانہ کا فساد انتہا تک پہنچ گیا اور شرک اور بدکاریوں اور بے ایمانیوں نے بہتوں کے مونہہ کو سیاہ

من الناس وانتابت الفتن المبيدة والبدعات المسحتة ولم تخل تتابع الى ان ادرك

کر دیا ہے اور ہلاک کرنیوالے فتنے اور بیخ کنی کرنے والی بدعتیں یکے بعد دیگرے ظاہر ہو رہی ہیں ان کا

حطب الضلالة الذين كانوا سفهاء بادي الراي وكانوا من تعاليم الله غافلين -

پے در پے آنا کم نہ ہوا یہاں تک کہ اُن لوگوں کو سرعت سے گھیر لیا جو احمق اور سرسری عقل والے اور الٰہی تعلیموں سے غافل تھے -

وانتم ترون العواصف التي هبت في هذه الايام والشرور التي هاجت وماجت

اور تم دیکھ رہے ہو کہ ان دنوں میں کیسی تیز آندھیاں چل رہی ہیں اور کیسی ہر ایک طرف سے شرارتیں برانگیختہ اور موجزن

من كلّ طرف وصبت كوابل على الاسلام حتى حلّ كلّ قلب حبّ الدنيا
ہوکر بارش کیطرح اسلام پر گر رہی ہین یہانتک کہ ہریک دل مین دُنیا کی محبت اور دنیا کی شہوات گھر کر گئین
وشهواتها الا الذي عصمه رحم الله فانثنى بفضل منه ورحمه وكان من المحفوظين
اور اُن سے کوئی نہین بچ سکا بجز اُسکے جسکو خدا کے رحم نے بچا لیا۔ جسپر رحم ہوا وہ فضل اور رحم الٰہی کے ساتھ ان تمام بلاؤں سے باہر نکل آیا
وترون كيف ذهبت ريح عامة المسلمين وتفرقوا وانتشروا انتشار الجراد
اور تم دیکھ رہے ہو کہ کیسی عام لوگون کی ہوا نکل گئی اور اُنمین نااتفاقی اور تفرقہ پیدا ہو گیا اور وہ ٹڈیون کیطرح
واستنّت نفوسهم الامّارة استنان الجياد وتركوا سير المتقين المتواضعين
الگ الگ جا پڑے اور اُن کے بیراہ نفسون نے خودرو گھوڑون کیطرح توسنے شروع کئے اور پرہیزگارون اور فروتنون کی خصلتین
هذه احوال العامة واما حال علماء هذه الديار فهو شر من ذلك ما بقي لاكثرهم شغل
اُنھون نے چھوڑ دین۔ یہ تو عام لوگون کا حال ہے مگر اس ملک کے اکثر عالمون کا حال اس سے بھی بدتر ہے ان مین سے بہتون کا شغل
من غير ان يكذّبوا صدوقا او يكفّروا مومنا وليس معهم من العلم الا كنغبة طير
بجز اسکے اور کچھ نہین کہ کسی سچے کو جھوٹا قرار دین یا کسی مومن کو کافر ٹھہرا دین انکا علم تو فقط اس قدر ہے جیسے کہ چھوٹے سے
الطيور او اقل منها ولكن الكبر اكبر من كبر الشياطين يعلون انفسهم بغير
بلکہ بہت سے کم قدر پرند کی چونچ مین پانی سما سکتا ہے مگر تکبر شیطان کے تکبر سے بھی زیادہ ہے۔ یہ لوگ اپنے تئین بے وجہ اونچا کھینچتے
حق ومن كان تبوّء ذروة في الفضل والعلم فهو ليس في اعينهم الا جاهل غبي
ہین اور جو شخص درحقیقت فضل اور علم کے بلند ٹیلے پر جاگزین ہو وہ انکی نظر مین ایک جاہل غبی ہے اور جو شخص
ومن ملاء قلبه ايمانا ومعرفة فهو ليس عندهم الا كافر دجّال فانظروا كيف
درحقیقت ایمان اور معرفت سے بھر گیا وہ انکے نزدیک ایک کافر دجال ہے۔ سو دیکھو کیسی حقیقتین
عميت عليهم الحقائق وكذلك يجعل الله مآل الزائغين المعتدين۔ وقد رأيتم
ان پر چھپ گئین اور خدا ایسا ہی اُن لوگون کا انجام کرتا ہے جو ٹیڑہی چلتے اور حد سے گذرتے ہین۔ اور آپ لوگون نے دیکھا
اننا كيف اوذينا من لسنهم انهم كذّبونا وشتمونا۔ لعنونا وما كان لهم علينا ذنب
کہ ہم کیسے ان لوگونکی زبانون سے ستائے گئے انہون نے ہمین جھٹلایا گالیان نکالین لعنتین کین اور ہمنے کوئی انکا گناہ نہین کیا تھا
وما كنّا مجرمين۔ ثم ما اقتصروا عليه بل جاؤا يهرعون الينا مشتعلين وسمّونا
اور نہ کوئی جرم سرزد ہوا تھا۔ پھر انہون نے اسی پر قناعت نہ کی بلکہ اشتعال طبع سے ہماری طرف دوڑے اور ہمارا نام

كافرين - وما كان لهم أن يتكلموا في مسلمين إلا خائفين ولكنهم لا يبالون

کا فر کہا اور انہیں نہیں چاہئے تھا کہ بے ڈر ہو کر مسلمانوں کے حق میں ایسے کلمات منہ پر لاتے مگر وہ لوگ خدا تعالیٰ کی مخالفت

في ذي الجلال بل لهم أعمال دون ذلك يقولون للمسلم لست مومنا

کی کچھ پروا نہیں کرتے بلکہ وہ تو اور ہی کاموں میں لگے ہوئے ہیں مسلمانوں کو کہتے ہیں کہ تو مومن نہیں

ويعلمون أنهم تركوا القرآن بقولهم هذا واتخذوه مهجورا فبعدوا عن الحق فقست

اور جانتے ہیں کہ ایسا کہنے سے وہ قرآن کو چھوڑتے ہیں اور قرآن کو تو وہ چھوڑ ہی بیٹھے ہیں سو اسی وجہ سے وہ سچائی سے دور جا پڑے

قلوبهم يفعلون ما يشاؤن ولا يتقون افتراءً ولا زورا وكذلك افتروا علينا وحثوا

اور انکے دل سخت ہو گئے جو چاہتے ہیں کرتے ہیں نہ افترا سے کچھ پرہیز [illegible] نہ جھوٹھ سے کچھ خوف اور اسی طرح انہوں نے ہم پر افترا کیا

ناسا كثيرا من ذوي سفه على إيذائنا وكفرونا من غير علم ولا برهان مبين -

اور بہت سے نادان لوگوں کو ہمارے ستانے کیلئے اٹھایا اور ہمیں کافر ٹھہرایا حالانکہ کوئی بھی وجہ کفر نہیں تھی -

وإمامهم في هذه الفتاوى شيخ عاري الجلدة من الحلل الإنسانية والديانة الإيمانية

اور ان فتووں میں پیشوا ان کا ایک شیخ ہے جو انسانیت کے پیرایہ سے بے بہرہ اور بے دیانت اور ایمانی دیانت سے عاری ہے

وتبعوه أمثاله جهلا وحمقا وما كنا مجهولين لا نعرف بل كانوا على إسلامنا مطلعين -

اور اسکے پیرو اسی کی مانند جو محض جہل اور حمق سے اسکے پیچھے ہو لئے اور ہم ایسے نہیں تھے جو ہمارا حال انہیں پوشیدہ ہو بلکہ ہمارے اسلام پر اطلاع رکھتے تھے

وما صرنا بتكفيرهم كافرين عند الله ولكن سُبر إيمانهم وتقواهم ومبلغ فهمهم وعلمهم

اور ہم ان کے کہنے سے ہم خدا کے نزدیک کافر نہیں ہو گئے مگر ان کا ایمان اور ان کا تقویٰ اور ان کا اندازہ فہم اور علم سب آزمایا

وتبين ما كانوا يستترون وبان أنهم كانوا حاسدين - يا حسرتا عليهم ما عطف

گیا اور جو کچھ وہ چھپاتے تھے وہ سب ظاہر ہو گیا اور کھل گیا کہ وہ [illegible] حاسد تھے - آہ [illegible] افسوس ان پر کہ ان میں سے ایک بھی ہماری طرف

إلينا أحد منهم ليسأل ما أشكل عليه علما ورفقا وما سمعنا صدقة مستفتٍ من المسترشدين

متوجہ نہ ہوا تا اپنی مشکلات کی نسبت علم اور رفق سے سوال کرے [illegible]

وما جاءنا أحد منهم بصدق القلب وصحة النية بل بادروا إلى التكفير [illegible] قبل

اور کوئی انہیں میں سے ہمارے پاس صدق قلب اور صحت نیت سے نہ آیا بلکہ جھٹ پٹ تکفیر کی طرف دوڑے قبل اسکے جو ہمارا کفر

أن يثبت كفرنا ثم ما اقتصروا عليه بل قالوا إن هؤلاء مرتدون خارجون من الدين

ثابت ہو کافر ٹھہرایا اور پھر اسی پر بس نہ کیا بلکہ یہ کہا کہ یہ لوگ مرتد اور دین سے [illegible]

وفي قتلهم اجر عظيم ونهب اموالهم حلال طيب ولو بالسرقة واخذ نساءهم
اور ان کا قتل کرنا بڑے ثواب کی بات ہے اور ان کا مال لوٹنا اگرچہ چوری سے ہی کیوں نہ ہو حلال طیب ہے، اور انکی عورتوں کو
وسبي ذراريهم عمل صالح حسن ومن انسل بسحرة وسقط على احد من مسافريهم
پکڑ لینا اور انکی اولاد کو غلام بنا لینا عمل صالح میں داخل ہے اور جو شخص فجر کو پہلے وقت اٹھے اور جنگل میں نکل جائے اور انکے مسافروں میں سے
كاللصوص فهو من نخب الصالحين - هذه اقوالهم وفتاواهم وما امتنعوا الى
کسی پر چوروں کیطرح ڈاکہ مارے تو وہ بڑا ہی نیکبخت اور چنے ہوئے لوگوں میں سے ہے - یہ انکی باتیں اور یہ انکے فتوے ہیں اور اب تک ان
هذا الوقت من هذه الفتن الصماء وما فاؤا الى الارعواء وما كانوا متندمين -
نہایت پر شتہ فتنوں سے باز نہیں آئے اور حیا کی طرف رجوع نہیں کیا اور نہ نادم ہوئے -
ولولا خوف سيف الدولة البرطانية لمزقونا كل ممزق ولكن هذه
اور اگر انگریزی سلطنت کی تلوار کا خوف نہ ہوتا تو ہمیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے لیکن یہ دولت
الدولة القاهرة السائسة المباركة لنا جزاها الله منّا خير الجزاء تؤوي
برطانیہ غالب اور ا سیاست جو ہمارے لئے مبارک ہے خدا اسکو ہماری طرف سے جزا خیر دے کمزوروں کو اپنی مہربانی
الضعفاء تحت جناح التحنّن والترحم فما كان لقوي ان يظلم الضعيف ونعيش
اور شفقت کے بازو کے نیچے پناہ دیتی ہے پس ایک کمزور پر زبردست کچھ تعدی نہیں کر سکتا سو ہم اس سلطنت
تحت ظلها بالامن والعافية شاكرين - وانّ هذا فضل الله علينا واحسانه انه
کے سایہ کے نیچے بڑے آرام اور امن سے زندگی بسر کر رہے ہیں اور شکرگذار ہیں اور یہ خدا کا فضل اور احسان ہے جو اس نے ہمیں کسی ایسے
ما فوّض امرنا الى ملك ظالم يدوسنا تحت الاقدام ولا يرحم بل اعطانا
ظالم بادشاہ کے حوالہ نہیں کیا جو ہمیں پیروں کے نیچے کچل ڈالتا اور کچھ رحم نہ کرتا بلکہ اس نے ہمیں ایک
ملكة راحمة التي تربينا بوابل الاحسان والاكرام وتنهضنا من حضيض
ایسی ملکہ عطا کی ہے جو ہم پر رحم کرتی ہے اور احسان کی بارش سے اور مہربانی کے مینہ سے ہماری پرورش فرماتی ہے اور ہمیں ذلت اور کمزوری کے
الضعف والهوان فجزاها الله خير ما جازى ملكاً عادلاً عن رعيته واجزل امتنانها
پستی سے اوپر کیطرف اٹھاتی ہے سو خدا اسکو وہ جزا خیر دے جو ایک عادل بادشاہ کو اسکی رعیت پروری کیوجہ سے ملتی ہے اور اسکو بہت ہی
وبارك فيها ولها وتفضّل عليها بنعماء التوحيد والاسلام ورحمها كما رحمنا
دے اور ہمیں اور اسکے لئے برکت نازل کرے اور اسپر یہ احسان بھی کرے کہ وہ مسلمان ہو جائے اور توحید اور اسلام کی نعمت اسکو ملے اور اسپر رحم کرے جیسا کہ

وهو ربنا ارحم الراحمين +

ہمپر رحم کیا اور وہ ہمارا خدا رحم مین سب سے بڑھکر ہے -

وانتم تعلمون ايها الاخوان ان فتاوى التكفير ما كانت

اور بھائیو آپ لوگ جانتے ہین کہ تکفیر کے فتوے کسی تحقیق پر مبنی نہین تھے

مبنية على تحقيق وما كان فيها رائحة صدق بل نسجوا كلها بمنسج الكيد

اور اُن مین سچائی کی بو بھی نہین تھی بلکہ وہ سب فتوے مکر اور ظلم اور جھوٹھ کی تر

والظلم والزور افتراء او حسدا من عند انفسهم وكانوا يعرفوننا ويعرفون ايماننا

پر بُنے گئے تھے لیکن محض افترا اور نفسانی حسد سے اور یہ لوگ خوب جانتے تھے کہ ہم مومن ہین اور

ويرون باعينهم انا نحن مسلمون نؤمن بالله الفرد الصمد الاحد قائلين لا اله الا

اپنی آنکھون سے دیکھتے تھے کہ ہم مسلمان ہیں خدائے واحد لاشریک پر ایمان لاتے ہین اور کلمہ لا اله الا الله کے قائل ہین۔

هو ونؤمن بكتاب الله القرآن ورسوله سيدنا محمد خاتم النبيين ونؤمن

اور خدا کی کتاب قرآن اور اُسکے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جو خاتم الانبیاء ہے مانتے ہین - اور فرشتون

بالملائكة ويوم البعث والجنة والنار ونصلي ونصوم ونستقبل القبلة ونحرم

اور یوم البعث اور دوزخ اور بہشت پر ایمان رکھتے ہین اور نماز پڑھتے اور روزہ رکھتے ہین اور اہل قبلہ ہین اور جو کچھ

ما حرم الله ورسوله ونحل ما احل الله ورسوله ولا نزيد في الشريعة ولا ننقص منها

خدا اور رسول نے حرام کیا اسکو حرام سمجھتے اور جو کچھ حلال کیا اسکو حلال قرار دیتے ہین اور نہ ہم شریعت مین کچھ بڑھاتے اور نہ کم کرتے ہین

مثقال ذرة ونقبل كلما جاء به رسول الله صلى الله عليه وسلم وان فهمنا او لم

اور ایکذرہ کی کمی بیشی نہین کرتے اور جو کچھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ہمین پہنچا اسکو قبول کرتے ہین چاہے ہم اسکو سمجھین یا نہ سمجھے

نفهم سره ولم ندرك حقيقته وانا بفضل الله من المؤمنين الموحدين المسلمين

بھید کو سمجھ نہ سکین اور اسکی حقیقت تک پہنچ نہ سکین اور ہم اللہ کے فضل سے مومن موحد مسلم ہین -

وما خالفنا المكفرين الا في وفات عيسى ابن مريم عليه السلام

اور جن لوگون نے ہمین کافر ٹھہرایا ہے ان سے ہم صرف اس بات مین اُنکے مخالف ہین کہ ہم حضرت عیسے کی وفات

فاغتاظوا غيظا شديدا ومتوا منه كانهم لا يؤمنون باية يا عيسى اني متوفيك

کے قائل ہین پس وہ لوگ بہت غضبناک ہوکر اور غصے سے بھر گئے گویا انہین اس بات پر کچھ ایمان نہین کہ اے عیسے میں تجھے وفات دونگا

بوعد الوفات الذي قد صُرّح فيها وكانهم لا يعرفون اية فلما توفيتني التي فيها

اور نہ وعدہ وفات پر ایمان ہے جسکی اس آیت میں تصریح ہے اور گویا وہ لوگ اس آیت کو بھی پہنچانتے نہیں جسمیں حضرت عیسیٰ کی اقرار

اشارة الى انجاز هذا الوعد ووقوع الموت والايات بينة منكشفة فلعلهم في شك

ہے کہ تونے مجھ وفات دی سو وہی آیت فلما توفیتنی ہی جسمیں اس وعدہ موت کے پورے ہونے کیطرف اشارہ ہے جو آیت انی متوفیک

من كتاب مبين ـ فنبذوا كتاب الله وراء ظهورهم بعد ما كانوا مؤمنين ـ

مین ہو چکا تھا آیات کُھلے کھلے ہین مگر شاید یہ لوگ قرآن پر یقین نہیں رکھتے اور شک مین ہین اور کتاب اللہ کو انہون نے ایمان لانیکے بعد اپنی پس پشت پھینکدیا

وتعجبتُ ولا تعجّبَ من ختم الله واضلاله ان اكثر علماء هذه الديار

اور مینے تعجب کیا اور خدا کے قہر اور اُس کے گمراہ کرنے سے کچھ تعجب بھی نہیں کہ اسملک کے اکثر مولوی

فسدوا حتى عُطّلت حواسهم وسُلبت عقولهم وغُمرت مداركهم وكدرت آراءهم

بگڑ گئے یہانتک کہ اُن کے حواس بیکار اور معطل ہو گئے اور اُنکی عقلین مسلوب ہو گئیں اور انکی دماغی قوتین گم ہو گئیں

وغشيت اعينهم فيا عجبا لفعل الله وقهره كيف اخذ كلما كان عندهم من البصيرة

اور اُنکی رائون پر تاریکی چھا گئی اور آنکھوں پر پردے پڑ گئے سو تعجب خدا کا کام اور اُسکا قہر کس طرح اُسنے انکی بصیرت اور معرفت اور دانائی لے لی

والمعرفة والدراية وتركهم في ظلمات لا يبصرون لا يأخذهم رقة على مصائب

اور ان کو اندھیرے مین چھوڑ دیا اُن کا دل اسلام کی مصیبتین دیکھ کر کچھ بھی نرم نہیں ہوتا

الاسلام يكفروننا ويكفرون كل من خالفهم من المسلمين في ادنى امر ولو في بعض مسائل الاستنجاء

ہمیں کافر ٹہراتے ہین اور نہ صرف ہمیں بلکہ ہر ایک مسلمان انکے نزدیک کافر ہے جب کہ وہ ایک ادنیٰ بات مین بھی انکا مخالف

ويدّعون المسلمين بايديهم ويريدون ان يقللوا الاسلام ويرون باعينهم ان النصارى

اگرچہ کسی استنجا کے مسئلہ مین ہی اختلاف ہو مسلمانون کو دھکے دیدیکر دین سے باہر نکالتے ہین اور چاہتے ہین کہ اسلام بہت کم رہجائے اور اپنی آنکھون سے

قد غلبوا وكثر مذهبهم وامتد الى اقطار الارض وهم ينسلون من كل حدب واتخذوا

دیکھتے ہین کہ نصاریٰ غالب آگئے اور ان کا مذہب زمین پر بہت بڑھ گیا اور زمین کے کنارون تک پھیل گیا اور ہر ایک بلندی انہیں کے حصہ مین آگئی

العبد العاجز الها وابنا وابا ورسوا على خزعبلاتهم امثال الجبال والربا وعلماؤنا

اور ایک عاجز بندہ کو انہون نے خدا ٹہرایا اور اپنی طرف سے باپ اور بیٹا تراش لیا اور اپنی باطل باتون پر پہاڑون اور ٹیلون کی

هؤلاء عقدوا الجهلات لهم الحبا وصارت كلماتهم لزهر فريتهم كالصبا وجعلوا رواياتٍ

طرح استحکام پکڑ گئے اور یہ ہمارے مولوی لوگ اُنکے آگے اُنکی باطل باتون کے سننے کیلئے زانو بندکر بیٹھ گئے اور اُنکی باتین عیسائیون کے شگوفونکے لئے ہوا کے حکم مین ہوگئین

واهية كحاطب ليل او طالب سيل ونصروا النصارى بكلماتهم و
اور بیہودہ اور سست روایتیں انہوں نے جمع کیں جیسے کوئی رات کو ہر ایک قسم کی خشک تر لکڑی جمع کرتا ہو یا جیسے کوئی طوفان کا طالب ہو اور انہوں نے اپنی

قالوا ان المسيح منفرد ببعض صفاته وما وجد فيه من كمال وجلال وعظمة فهو
نصاریٰ کو اپنی باتوں سے مدد دی جیسا کہ انہوں نے کہا کہ مسیح ابن مریم اپنی بعض صفات میں بے مثل ہے اور جو کمال اور بزرگیاں اس میں پائی جاتی ہیں

لا يوجد في غيره انه كان على اعلى مراتب العصمة ما مسه الشيطان عند تولده
اس کے غیر میں نہیں پائی جاتیں وہ ایک ہے جو اعلیٰ درجہ پر گناہوں سے پاک ہے شیطان نے اسکی پیدائش کے وقت اسکو

ومس غيره من الانبياء كلهم ولا شريك له في هذه الصفة حتى خاتم النبيين
چھوا نہیں اور بجز اسکے سب نبیوں کو چھوا اور کوئی شیطان کے مس سے بچ نہ سکا مگر ایک مسیح اور اس صفت میں نبیوں میں سے اسکا کوئی شریک نہیں یہاں تک کہ

وقالوا انه كان خالق الطيور كخلق الله تعالى وجعل الله شريكه باذنه والطيور التي
اور خدا تعالیٰ کی طرح وہ پرندوں کا بھی خالق تھا اور خدا تعالیٰ نے اپنے اذن سے اسکو اپنا شریک بنایا۔ وہ پرندے جو

توجد في هذا العالم تنحصر في القسمين خلق الله وخلق المسيح فانظر كيف جعلوا
جو دنیا میں پائے جاتے ہیں دو قسم کے ہیں کچھ خدا کی پیدائش اور کچھ مسیح کی سو دیکھو کیونکر

ابن مريم من الخالقين۔ ويشيعون في الناس هذه العقائد ولا يدرون ما فيها
ابن مریم کو خالق بنا دیا۔ اور لوگوں میں یہ عقاید شائع کرتے ہیں اور نہیں جانتے کہ ان عقیدوں

من البلايا والمنايا ويؤيدون المتنصرين - وهلك بها الى الآن الوف من
میں کیا کیا بلائیں اور موتیں ہیں اور نصاریٰ کو مدد پہنچا رہے ہیں - اور ان عقاید کی شامت سے اب تک ہزاروں انسان

الناس ودخلوا في الملة النصرانية بعد ما كانوا مسلمين۔ وما كان في القرآن
ہلاک ہو گئے اور نصرانی مذہب میں داخل ہو گئے بعد اسکے جو وہ مسلمان تھے اور قرآن میں مسیح کے پرند

ذكر خلقه على الوجه الحقيقي وما قال الله تعالى عند ذكر هذه القصة فيصير
بنانے کا ذکر حقیقی طور پر کہیں بھی نہیں اور خدا نے اس قصے کے ذکر کرنے کے وقت یہ نہیں فرمایا کہ فیصیر

حيا باذن الله بل قال فيكون طيرا باذن الله فانظروا لفظ فيكون ولفظ طيرا
حیا باذن اللہ بلکہ یہ فرمایا کہ فیکون طیرا باذن اللہ سو لفظ فیکون اور لفظ طیرا میں غور کرو

لم اختارهما العليم الحكيم وترك لفظ يصير حيا فثبت من ههنا
کیوں اس علیم حکیم نے انہیں دونوں لفظوں کو اختیار کیا اور لفظ فیصیر حیا کو چھوڑ دیا سو اس جگہ ثابت ہوا کہ

ان الله ما اراد ههنا خلقا حقيقيا كخلقه عز وجل ويؤيده ما جاء في كتب

کہ اس جگہ خدا تعالیٰ کی مراد حقیقی خلق نہیں ہے اور وہ خالقیت مراد نہیں ہے جو اسکی ذات سے مخصوص ہے اور اسکی تائید وہ بیانات

التفسير من بعض الصحابة ان طير عيسیٰ ما كان يطير الا امام اعين الناس

کرتے ہیں جو بعض صحابہ سے تفسیروں میں بیان ہوئے ہیں اور وہ یہ کہ عیسیٰ کا پرندہ اسی وقت تک پرواز کرتا تھا جبتک کہ وہ لوگوں کی

فاذا غاب سقط على الارض ورجع الى اصله كعصا موسیٰ وكذلك كان احياء عيسیٰ

نظر کے سامنے رہتا تھا اور جب غائب ہوتا تھا تو گر جاتا تھا اور اپنی اصل کیطرف رجوع کرتا تھا جیسے عصا موسیٰ کی اور عیسیٰ کا مُردوں کو زندہ کرنا

فاين الحيات الحقيقي فلاجل ذلك اختار الله تعالى في هذا المقام الفاظا تناسب

بھی ایسا ہی تھا سو اس جگہ حیات حقیقی کہاں ثابت ہوئی سو اسی لئے خدا تعالیٰ نے اس مقام میں وہ لفظ اختیار کئے جو استعارات کے مناسب

الاستعارات ليشير الى الاعجاز الذي بلغ الى حد المجاز وذكر مجاز البيّن اعجازا

حال تھے تاکہ اس مجاز کی طرف اشارہ کرے جو اعجاز کی حد تک پہنچا تھا اور مجاز کو اسلئے ذکر کیا کہ تا اُن کے معجزہ کو

فحمله الجاهلون المستعجلون على الحقيقة وسلكوه مسلك خلق الله من غير تفاوت مع

جو خارق عادت تھا بیان فرمادے پس اس مجاز کو جاہلوں نے حقیقت پر حمل کر دیا اور اسی مرتبہ میں داخل کیا جو الٰہی پیدائش کا مرتبہ ہے حالانکہ

انه كان من نفخ المسيح وتاثير روحه من غير مقارنته دعاء فهلكوا واهلكوا كثيرا من

وہ صرف نفخ مسیح اور اسکی روح کی تاثیر سے تھا اور اسکے ساتھ کوئی دعا نہیں تھی سو ایسے سمجھنے والے ہلاک ہو اور بہتوں کو

الجاهلين - والقرآن لا يجعل شريكا في خلق الله احدا ولو في ذباب او بعوضة

جاہلوں میں سے ہلاک کیا - اور قرآن تو کسی کو خدا کی خالقیت میں شریک نہیں کرتا اگرچہ ایک مکھی بنانے یا ایک مچھر بنانے میں شراکت ہو

بل يقول انه واحد ذاتا وصفاتا فاقرؤا القرآن كالمتدبرين - فالامر الذي ثبت

بلکہ وہ کہتا ہے کہ خدا ذاتاً و صفاتاً واحد لاشریک ہے سو تم قرآن کو ایسا پڑھو جیسا کہ تدبر کرنیوالے پڑھتے ہیں - سو جو امر عقلاً و نقلاً

عقلا ونقلا واستدلالا لا ينكره احد الا الذي ما بقي في راسه مرة انسانية

واستدلالاً ثابت ہو گیا ہے اسکا کوئی انکار نہیں کرسکتا بجز ایسے شخص کے جسکے سر میں انسانی دانشمندی کا مادہ نہیں رہا

ولحق بالاخسرين السافلين - ولا يقول احد كمثل هذه الكلمات الا الذي نسي

اور زیان کاروں اور تحت الثریٰ جانیوالوں کے ساتھ جاملا - اور ایسی باتیں کوئی منہ پر نہیں لائیگا مگر وہی جو توحید کی

طريق التوحيد ومال الى الجاهلية الاولى وما بلغ نظره الى نتائجها الضرورية ومفاسدها

راہ کو بھول گیا اور پہلی جاہلیت کیطرف مائل ہو گیا اور اسکی نظر ان عقیدوں کے لازمی نتیجوں اور خرابیوں تک نہیں پہنچی

حاشیہ ۱ الخلق بالید / ۲ الاحیاء بالنفخ ۳ الاماتة بالنظر

المخفية او الذي رسا على جهله عمدًا وغرق في لجة التقليد غرقًا حتى فقد اثر
نہین پہنچ سکے یا وہ شخص ایسے کلمات کہیگا جو جہالت کی باتون پر اڑ بیٹھا اور تقلید کے دریا مین غرق ہوگیا یہانتک کہ انسانی

حرية الانسانية وسقط في شبكة لا تخلص منها وتابع اثر ابليس اللعين
آزادی کے نام ونشان کو کہو بیٹھا اور ایسے جال مین پہنس گیا جس سے نجات نہین اور ابلیس لعین کے نشان قدم کا پیرو ہوگیا

والذي آمن بالقرآن والقى نفسه تحت هدايا ته فلن يرضى بمثل هذه العقائد
اور وہ شخص جو قرآن پر ایمان لایا اور اسکی ہدایتون کے نیچے اپنے تئین ڈالدیا سو وہ ایسے عقائد پر کبہی راضی

بل لا يسوغ له قول يخالف القرآن بالبداهة ويعارض بيناته ومحكماته صريحًا
نہین ہوتا بلکہ وہ ایسی باتکو جو صریح قرآن کے مخالف اور اسکی محکم آیتون کے کہلے کہلے معارض ہین ناجائز

واي ذنب اكبر من ذلك ان احد ايومن بالقرآن ثم يرجع وينكر بعض هداياته
سمجہے گا اور اس سے بڑہکر اور کونسا گناہ ہوگا کہ ایک شخص قرآن پر ایمان لاکر پہر رجوع کرے اور اسکی بعض ہدایتون سے انکاری

ويتبع المتشابهات ويترك المحكمات ويحرف القرآن ويغير معانيه من مركزها
ہوجاے اور متشابہات کی پیروی کرنے لگے اور محکمات کو چہوڑدے اور قرآن کی تحریف کرے اور اسکے معانی کو اُن کے مرکز مستقیم

المستقيم ويوئيد باقواله قومًا مشركين ۔ ولكن الذي تمسك بكتاب الله وآمن
سے پہیر دے اور اپنی باتون سے مشرکون کو مدد دے ۔ مگر وہ شخص جسنے کتاب اللہ سے پنجہ مارا اور جو کچہہ اُسمین

بما فيه صدقًا وحقًا فاي حرج عليه واي ضير ان ترك روايات اخرى التي
ہے اُن سب باتون پر ایمان لایا اور سچ اور حق سمجہہ لیا پس اسپر کونسا ہرج اور کونسا مضایقہ ہے اگر وہ ایسی روایتون کو

تخالف بينات القرآن وليست ثابتة من رسول الله بثبوت قطعي يقيني الذي يساوي
چہوڑدے جو قرآن کے کہلے کہلے بیانات کی مخالف ہین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی قطعی اور یقینی طور سے ثابت نہین

ثبوت القرآن وتواتره او ترك مثلًا معاني تخالف نصوصه واختار الموافق ولو
جو قرآن کے ثبوت اور تواتر سے برابری کرسکے یا مثلاً کوئی ایسے معانی ترک کرے جو نصوص قرآنیہ کے مخالف ہین اور وہ معنے اختیار

بالتاويل بل هذا من سير الصالحين المتقين ۔ ومن سير الصديقة رضي الله عنها
کرے جو اسکے موافق ہین اگرچہ تاویل سے ہی سہی بلکہ یہ تو نیکبختون اور متقیون کا طریق ہے ۔ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

ام المومنين ۔ فالواجب على المومن المسلم المتورع الذي يتقي الله حق التقاة
مادر مومنان کا طریق اور خصلت مین سے ہے پس ایسے شخص پر جو مومن مسلمان پرہیزگار ہے اور خدا سے جیساکہ حق ڈرنیکا ہے ڈرتا ہے واجب ہے

ان يعتصم بحبل الله القرآن ولا يبالي غيره الذي يخالفه واذا رأى وانكشف

جو حبل اللہ سے جو قرآن ہے پنجہ مارے اور اسکے غیر کی کچھ پروا نہ کرے جو اسکا مخالف ہے اور جب دیکھے اور جب اسپر کھلے کہ

عليه ان بعض العلماء من السلف او الخلف غلطوا في فهم امر فليس من ديانته

بعض علماء سلف مین سے یا خلف مین سے کسی بات کے سمجھنے مین غلطی مین پڑگئے ہین تو اسکی دیانت

ان يتبع اغلاطهم ويقبلها بغض البصر ولا يفارقها بتفهيم مفهم ويرسو عليها

سے بعید ہوگا کہ انکی غلطیونکی پیروی کرے اور آنکھ بند کرکے انکو قبول کرلیوے اور کسی سمجھانیوالے کے سمجھانے سے باز نہ آوے

ابدا ولا يلتفت الى الحق الذي حصحص والرشد الذي تبين فان امرا اذا ثبت

اور ہمیشہ انہین غلطیون پر اڑا رہے اور اس سچائی کیطرف جو کھل گئی اور اس ہدایت کیطرف جو ظاہر ہوگئی التفات نکرے کیونکہ جب ایک امر ثابت

فلا بد من قبوله ولا مفر منه مثلا جاء في حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم

ہوگیا تو اس کے قبول کرنیسے چارہ نہین اور اس سے کوئی گریز گاہ نہین مثلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ

لا عدوى اي لا تجاوز علة من مريض الى غيره ولا يعدي شيء شيئا ولكن التجارب

لاعدوی یعنے ایک مرض دوسرے کو نہین لگتی یعنی تجاوز نہین کرتی ایک چیز دوسری تک لاکن طبی تجارب سے

الطبية قد اثبتت خلاف ذلك ونحن نرى باعيننا ان بعض الامراض مثلا

اس کے مخالف ثابت ہوگیا اور ہم اپنی آنکھون سے دیکھتے ہین کہ بعض مرضین مثلا

داء الجمرة التي يقال لها في الفارسية آتشك يعدي من امرأة مبتلاة بهذا المرض

آتشک کی بیماری ایک سے دوسرے کو لگجاتی ہے اور ایک آتشک زدہ عورت سے

رجلا ينكحها او بالعكس وكذلك نرى في عمل الابرة الذي مبني على تمير مادة مجدورة فانه

مرد کو آتشک ہو جاتی ہے اور ایسا ہی مرد سے عورت کو اور یہی صورت ٹیکا لگانے مین بھی مشاہدہ ہوتی ہے کیونکہ جسم چیچک کے ٹیکے

يبدي آثار الجدري في المعمول فيه فهذا هو العدوى فكيف ننكره فان انكاره

سے لیجاکر ملا کیا جاوے تو اسکے بدن پر بھی آثار چیچک ظاہر ہوجاتے ہین پس یہی تو عدوی ہے سو ہم کیونکر اسکا انکار کرسکتے ہین کیونکہ

انكار علوم حسية بديهية التي ثبتت عند مجربي صناعة الطب ما بقي فيها شك

اسکا انکار علوم حسیہ بدیہیہ کا انکار ہے جو تجارب طبیہ سے ثابت ہو چکے ہین اور ان مین ان بچون کو

الا لطفال اللاعبين في السكك فضلا عن رجال عاقلين فلا بد لنا من ان نؤول

بھی تک شک نہین رہا جو کوچہ ان مین کھیلتے پھرتے ہین چہ جائیکہ عقلمند مردونکو کچھ شک ہو پس ہمارے لئے ضروری ہے

هذا الحديث ونصرفه الى معاني لا تخالف الحقيقة الثابتة وان لا نفعل كذلك فكانا

کہ ہم اس حدیث کی تاویل کریں اور ان معانی کی طرف پھیر دیں جو ثابت شدہ حقیقت کے مخالف نہیں اور اگر ہم ایسا نہ کریں تو گویا ہم ہر ایک

دعونا كل مخالف ليضحك علينا وعلى مذهبنا فاذن ايدنا الساخرين - فنقول في تاويل

مخالف کو بلائیں گے تا وہ ہم پر اور ہمارے مذہب پر ٹھٹھا کرے اور اس صورت میں ہم ٹھٹھا کرنیوالوں کے مددگار ٹھہرینگے - پس ہم اس حدیث کی تاویل

هذا الحديث ان رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اراد من قوله لا عدوى نفي التاثير

یوں کریں گے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول لا عدوی میں ہرگز یہ ارادہ نہیں کیا کہ

من كل الوجوه وكيف وقد حذر من المجذوم في حديث آخر فما كان مراده من هذا

من کل الوجوہ ایک کی مرض دوسرے میں سرایت نہیں کرتی اور کیونکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کہہ سکتے

القول من غير ان التاثيرات كلها بيد الله تعالى ولا موثر في هذا العالم الدائر بالكون و

تھے جبکہ آپ نے ایک دوسری حدیث میں مجذوموں سے پرہیز کرنے کے لئے ممانعت فرمائی ہے اور ان کے چھونے سے ڈرایا پس آنحضرت صلعم کی اس بات

الفساد الا بحكمه وارادته ومشيته واذا اولنا كذلك تخلصنا من شبهات المعترضين

سے بجز اسکے کوئی مراد نہیں تھی کہ تمام تاثیریں عدوی وغیرہ کی خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں اور بجز اسکے حکم اور ارادہ اور مشیت کے اس عالم کون اور فساد میں

والذي نفسي بيده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اراد قط في هذا المقام وامثاله

کوئی موثر نہیں اور جبکہ ہم نے یہ تاویل کی تو ہمنے اعتراض کرنیوالوں کے اعتراضوں سے رہائی پائی اور مجھے اُس ذات کی قسم ہے کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے کہ رسول اللہ صلعم

من نزول عيسى وغيره الا معاني تاويلية فلا تعجل ولا تعن فتن المفسدين - هذا

نے اس مقام اور اسکے مشابہ دوسرے مقاموں میں جیسے نزول حضرت عیسیٰ وغیرہ میں بجز تاویلی معنوں کے اور کبھی مراد نہیں لیے پس تم مفسدوں کے فتنوں کے مددگار مت بنو

هو القول الحق فاقبلوا كلمة الحق ولو خرج من فم طفل فان السعادة كلها في

یہی سچی بات ہے سو سچ کو قبول کرو اور اگرچہ ایک بچہ کے منہ سے نکلا ہو کیونکہ تمام سعادت حق کے قبول کرنے میں ہے

قبول الحق فطوبى للذين يقبلون الحق خاضعين - والذين عادونا لا يقبلون

سو مبارک وہ لوگ جو حق کے قبول کرنے کیلئے جھک جاتے ہیں اور وہ لوگ جو ہم سے عداوت رکھتے ہیں وہ

الحق مع انه ليس فيه دقة واغماض بل هم يعلمون في قلوبهم انه الحق [illegible]

قبول نہیں کرتے باوجودیکہ کچھ اسمیں دقت نہیں مگر اپنے دلوں میں خود جانتے ہیں کہ وہ صریح اور صاف حق ہے —

واذا قيل لهم آمنوا بالحق الذي تبين وبالمعاني التي صحت [illegible]

اور جب انکو کہا جائے کہ حق تو کھل گیا اب تم اسکو قبول کرو اور ان معانی پر ایمان لاؤ جنکا صحیح ہونا ثابت ہوگیا تو [illegible]

+ (القائم [illegible]) [illegible]

بأمور تخالف أقوال أسلافنا وإن كان أسلافهم من الخاطئين المخطئين۔ ونرى

جو ہمارے متقدمین کے اقوال کے مخالف ہین اور اگرچہ اُن کے متقدمین نے اپنی راؤنین خطاہی کی ہو اور ہم دیکھتے ہین

أنهم قد خُنِقُوا وأن ثلوج البخل قد تساقطت على أرض قلوبهم بشدتها ومُدّا كانتها

کہ یہ لوگ دبائے گئے ہین اور بخل کی برفین کثرت کے ساتھ اور شدت کے ساتھ اُنکے دلونپر گرین اور اُن کے سبزہ کو

تخفّفت شطاءها وردفها حصا التعصب فسُحقت الاستعدادات تحتها كالحبّ

دبا لیا اور پیچھے سے تعصب کے سنگریزے آنپر پڑے سو اُنکی استعدادین اُنکے نیچے ایسی پیسی گئین جیسے

تحت مطرقة القين أو القطن تحت مطرقة الطارقين - والعجب منهم ومن عقلهم

لوہا لوہار کے ہتوڑے کے نیچے پس جاتا ہے یا روئی دھنئے کے دہنکی کے نیچے دہنی جاتی ہے اور اُنپر اور اُنکی عقل پر تعجب آتا ہے کہ وہ

أنهم يرون بأعينهم أن كلماتهم الباطلة المضلة قد أضرت الإسلام أضرّ ضرًا

اپنی آنکھون سے دیکھتے ہین کہ اُنکے کلمات باطلہ اسلام کو سخت نقصان پہنچا رہے ہین

عظيمًا والناس باستماعها يخرجون من دين الله أفواجا ويلحقون بالنصارى بما

اور لوگ اُنکی باتون کو سنکر دین اسلام سے نکلتے جاتے ہین اور نصاری مین داخل ہوتے جاتے ہین کیونکہ

سمعوا من صفات المسيح وعصمته الخاصة وخلوده إلى هذا الوقت وقدرته الكاملة

وہ مسیح کی عصمت خاصہ اور اس کا ابتک زندہ رہنا اور اُسکی قدرت کاملہ خالقیت مین

في الخلق والإحياء على قدرٍ ما وجد مثله في أحد من النبيين - ويشاهدون

اور زندہ کرنے مین اس مبالغہ سے سنتے ہین جسکی نظیر اور نبیون مین نہین پائی جاتی - اور یہ مولوی لوگ

(هذه العلماء) هذه المفاسد كلها ثم لا يتنبهون ولا يرتجف فؤادهم ولا تذوب أكبادهم

ان تمام فسادون کو دیکھ رہے ہین پھر خبردار نہین ہوتے اور اُن کے دل نہین کانپتے اور اُنکے جگر نہین پگھلتے

ولا يأخذهم رحم ورقة على أمة النبي ونبكي عليهم ونصرخ صرخة متموجة فلا يسمع

اور امت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کچھ بھی رحم نہین آتا ہم اُنپر گریہ کرتے اور پھوٹ پھوٹ کر روتے ہین سو کوئی ہماری گریہ کو

أحد بكاءنا ولا صراخنا بل يكفروننا متغاظين -

نہین سنتا اور نہ ہماری فریاد کو بلکہ وہ غصہ مین آکر کافر کہتے ہین -

وإنما مثلنا في هذه الأيام أيام غربة الإسلام كمثل خابط في وادٍ في الليلة

اور ہماری مثل ان دنون مین جو غربت اسلام کے دن ہین اُس مسافر کیطرح ہے جو جنگل مین اور اندھیری رات

المظلمة او صارخ في اللظى المضرمة۔ فلا نجد مغيثا من قومنا الا الواحد
مین بھٹکتا پھرتا ہے یا اسکی مثل جو بھڑکتی ہوئی آگ مین فریاد کر رہا ہے سو ہم کوئی فریادرس اپنی قوم مین نہین پاتے مگر

الذي هو رب العالمين۔ وانا يئسنا منهم غاية الياس كانا وضعنا هم
وہی ایک جو رب العالمین ہے اور ہم ان لوگون سے نہایت درجہ نا امید ہو گئے گویا ہمنے ان کو انکی

في قبورهم قلنا مرارا فما سمعوا وايقظنا انذارا فما استيقظوا وخضعنا
قبرونمین دفن کر دیا ہمنے بہت کہا مگر اُنہون نے نہین سُنا ہمنے خوف دلانے کے لئے جگایا پر وہ نہ اُٹھے ہم کئی

مرارا فما خضعوا فقلنا اخسئوا اخسئوا ان الله غني عنكم ولا يعباء بكم وسيأتي
مرتبہ جھکے پر وہ نہ جھکے آخر ہمنے کہا دور ہو جاؤ دفع ہو جاؤ خدا کو تمہاری کچھ بھی پروا نہین اور وہ ایسی قوم کو لے آئیگا

بقوم ينصرون دينه ويحبون الصادقين۔
جو اسکے دین کے مددگار ہونگے اور صادقون سے پیار کرینگے۔

فحاصل الكلام اني اذا رئيت هذه الامراض والسموم سارية
اب حاصل کلام یہ ہے کہ جب مینے یہ بیماریان اور یہ زہرین اس ملک کے اکثر مولویون

في عروق اكثر علماء الهند ورئيتهم في غنية من كتاب الله ورسوله بل رئيتهم ضاربين
مین دیکھین جو انکی رگون مین پہنچ چکی تھین اور لیجئے انکو اللہ کی کتاب اور اس کے رسول سے لاپروا پایا بلکہ مینے دیکھا کہ وہ لوگ

بعود ومزمار آخر وكل احد منهم زمار بما عنده من الخيالات الباطلة
اور ہی بانسلی بجا رہے ہین اور ہر ایک بانسلی بجانیوالا اپنے خیالات باطلہ کے طرز پر بجانے مین مشغول ہے

وارتضى بمعازفه النفسانية متمسكا بها ولا يتوبون ولا ينتهون بل اراهم
اور ہر ایک شخص اپنے نفسانی آلات سرود لئے بیٹھا ہے اور اُن سے خوش ہو کر نہ توبہ کرتے اور نہ ہٹتے ہین بلکہ مین دیکھتا ہون

يصرون ويفخرون على جهلاتهم ويصفقون بالايادي فرحين۔ ويكفرون
کہ وہ اپنے خیالات باطلہ پر اصرار کرتے اور ناز کرتے ہین اور خوشی سے تالیان بجاتے ہین اور بڑی دلیری سے مومنون کو

المومنين مجترئين كانهم في مامن من مواخذة الله ومحاسبانه وكان الله لا يسئل
کافر ٹھہراتے ہین گویا اُن کو خدا تعالی کے مواخذہ سے بکلی امن ہے اور اُسکے محاسبے سے بیغم ہین گویا خدا اُن سے

عنهم ولا يقول لم تقفون ما لم يكن لكم به علم ولا ينباء هم بما في صدورهم في يوم كلا
سوال نہین کریگا اور نہیں کہیگا کہ تم کیون ایسی بات کے پیچھے پڑے جسکا تمہین قطعی اور یقینی علم نہین تھا اور اُن کو دلی ارادے اُنپر ظاہر نہین کریگا ہرگز نہین

بل انهم من المسئولين۔
بلکہ اُن سے باز پرس ہوگی۔

ورئيتُ ان الفتن ليست محدودة الى انفسهم بل العامة قد
اور مینے دیکھا کہ فتنے آنہین کے ذات تک محدود نہین رہے بلکہ عوام الناس انکی سیٹی پر جمع ہوگئے

اجتمعوا على صفيرهم واغتروا بتقاريرهم اليابسة الملمعة فاشتعل غيظ العامة
ہین اور اُن کی خشک اور ملمع باتون پر فریفتہ ہوگئے سو عام لوگون کا غصہ ہمپر بہڑکا اور اُنکا

علينا وتموّج دمهم بتهييج المفترين۔ وحسبوهم عالمين متدينين صادقين۔
خون بباعث افترا پردازون کی انگیخت کے جوش مین آیا۔ اور انکو سمجھ لیا کہ یہ لوگ صاحب علم اور دیانت دار اور سچے ہین

فلما زلزلت ارض الهند كلها واحسست من العلماء البخل والحسد وضعتُ في
پس جب ہند کی زمین مین ایسا زلزلہ آیا کہ ساری زمین ہلگئی اور علما مین مینے بخل اور حسد پایا تو مینے اپنے دل مین ٹھان

نفسي ان اعرض عنهم فارًّا الى مكة وان اتوجّه الى صلحاء العرب ونجباء امّ القرى الذين
لیا کہ ان لوگون سے اعراض کرون اور مکہ کیطرف بہاگون اور صلحاء عرب اور مکہ کے برگزیدون کیطرف توجہ کرون کیونکہ وہ

خلقوا من طينة الحرية وتفوقوا درّ الاهلية فالقى الله في قلبي عند مسّ هذه
آزادی کی مٹی سے پیدا کئے گئے اور اہلیت کے دودھ سے پرورش پائے ہین سو خدا تعالی نے اس حاجت کے پیدا ہونیکے وقت

الحاجة ان اولف كتبا في لسان عربي مبين۔ فالفت بفضل الله ورحمته وتوفيقه
میرے دلمین یہ القا کیا کہ مین کہلی کہلی عربی مین چند کتابین تالیف کرون۔ سو مینے خدا کے فضل اور اسکی رحمت اور اسکی توفیق

كتابا اسمه التبليغ ثم كتابا آخر اسمه التحفة ثم كتابا آخر اسمه كرامات الصادقين
سے ایک کتاب تالیف کی جسکا نام تبلیغ ہے پہر دوسری تالیف کی جسکا نام تحفہ ہے پہر تیسری تالیف کی جسکا نام کرامات الصادقین ہے

ثم الّفت بعدها حمامة البشرى فيه بشرى للذين يطلبون الحق وتفصيل كل
پہر چوتھی تالیف کی جسکا نام حمامۃ البشرے ہے اور حمامۃ البشری مین ان لوگون کے لئے بشارتین ہین جو حق کے طالب ہین

ما قلنا من قبل والتي تنال من تلك الرسائل متفرقا يعطي هذا الكتاب مجتمعا
اور نیز ہر ایک اس امر کی تفصیل ہے جسکو ہم پہلی کتابون مین بیان کر چکے ہین اور جو کچھ پہلی کتابون سے متفرق طور پر فوائد علمیہ کی بارش

للجائعين۔ ونسبته اليها كنسبة شجرة الى بذرها وجاء بحمد الله حسنا مبسوطا
ہوتی ہے یہ کتاب حمامۃ البشری بہوکہون کیلئے ایک ہی جگہ پر پیش کر دیتی ہے اور اسکی نسبت دوسری کتابون کی طرف ایسی ہے جیسے درخت کی اپنے بیج کیطرف اور بحمد اللہ یہ کتاب خوب اور مبسوط بن گئی

مباركًا واما ثمن هذه الكتب فهي هدية لبلاد الحجاز وبلاد الشام والعراق و
اور قیمت کے بارہ مین حال یہ ہی کہ یہ کتابین ملک حجاز اور بلاد شام اور عراق اور

للمصريين والافريقين كلهم ولكل من كان عالما منصفا مع صفر اليد واما غيرهم
مصریون اور افریقیون کیلئے تو مفت بطور ہدیہ ہین اور ایسا ہی اسکے لئے بھی جو عالم اور منصف مزاج اور تہیدست ہو اور دوسرے ان

فعليهم ان ارادوا اشتراءها ان يرسلوا روبية في ثمن الحمامة وكذلك في ثمن الكرامات
کو قیمت سے ملینگی سو اگر وہ خریدنا چاہین تو لازم ہے کہ حمامۃ البشری کی ایک روپیہ قیمت بھیجین اور ایسا ہی ایک روپیہ کرامات الصادقین

ونصفها في ثمن التبليغ وآنتين للتحفة ان كانوا مشترين۔ وانا نقصنا آنة من ثمن
کے لئے اور آٹھ آنہ تبلیغ کی قیمت اور دو آنہ تحفہ کی اگر خریداری کا ارادہ ہو اور ہمنے ایک آنہ تحفہ کی قیمت سے

التحفة رعاية للشائقين۔
بپاس خاطر شائقان کم کر دیا ہے۔

وما الفت هذه الكتب الا لكبادارض العرب وكان اعظم مرادي
اور مینے ان کتابون کو صرف زمین عرب کے جگر گوشون کے لئے تالیف کیا ہے اور میری بڑی مراد یہی تھی

ان تشيع كتبي في تلك الاماكن المقدسة والبلاد المباركة فرئيت ان شيوع
کہ ان مقدس جگہون اور مبارک شہرون مین میری کتابین شائع ہو جائین پس مینے دیکھا کہ کتابون کا

الكتب في تلك البلاد فرع لوجود رجل صالح يشيعها وايقنت ان شهرة كتبي وانتشارها
ان ملکون مین شائع ہونا ایک ایسے نیک انسان کے وجود کی فرع ہے جو شائع کرنیوالا ہو اور مینے یقین کیا کہ میری کتابون کا

في صلحاء العرب امر مستحيل من غير ان يجعل الله من لدنه ناصرا منهم ومن اخوانهم فكنت
صلحاء عرب مین شائع ہونا ایک امر محال ہے بجز اس صورت کے کہ خدا تعالیٰ اپنی طرف سے میرے لئے انہین سے اور ان کے بھائیون

ارفع اكف الضراعة والابتهال لتحصيل هذه المنية وتحقيق هذه البغية حتى اجيبت
مین سے کوئی مدد دینے والا مقرر کرے سو مین تضرع کے ہاتھ اٹھاتا اور دعائین عاجزی سے کرتا تھا کہ یہ آرزو اور مراد میری لئے حاصل

دعوتي واعطيت لي بغيتي وقاد الي فضل الله رجلا ذا علم وفهم ومناسبة ومن علماء
اور متحقق ہو یہان تک کہ میری دعا قبول کیگئی اور میری مراد مجھے دیگئی اور میری طرف خدا کا فضل ایک ایسے آدمی کو کھینچ لایا جو صاحب

العرب ومن الصالحين۔ ووجدته طيب الاعراق كريم الاخلاق مطهرة الفطرة لوذعيا
علم اور فہم اور مناسبت تھا اور نیکبختون مین سے تھا اور مینے اسکو پاک اصل اور پسندیدہ خلق والا اور پاک فطرت والا اور دانا اور بہ ہنر پایا

المعباد من المتقين - فابتهجت بلقائه الذي كان مرادي ومدعائي وحسبته باكورة
سو مینے اسکی ملاقات سے جو میری عین مراد تھی خوش ہوا اور اپنی دعا کا پہلا پہل مینے اس کو
دعائي ونفائس آلائي وتفاءلت به بخير يأتي وفضل يجيء وازدهاني الفرح وصرت يومئذ من المستبشرين
خیال کیا اور آینوالی خیر اور بیچائے والے فضل کیلئے مینے اسکو ایک نیکفال سمجھا اور کثرت خوشی نے مجھ کو بڑھا دیا اور میں
فهنيت نفسي هنالك وشكرت الله وقلت الحمد لك يارب العالمين -
ان لوگوں میں سے ہو گیا جو خوش ہوتے ہیں سو مینے اپنے نفس کو اسوقت مبارکباد دی اور خدا کا شکر کیا اور کہا کہ اے تمام جہانوں کے خدا تیرا
وتفصيل ذالك ان شابا صالحا وسيما جاءني من بلاد الشام اعني من
اور اس مجمل بیان کی تفصیل یہ ہے کہ بلاد شام سے ایک جوان صالح خوشرو میرے پاس آیا یعنے
طرابلس وقاده الحكيم العليم الي ولبث عندي الى سبعة اشهر اعني الى هذا الوقت
طرابلس سے اور حکیم و علیم اسکو میری طرف کھینچ لایا اور قریب سات مہینے کے یعنے اسوقت تک میرے
فتوسمت فيه الخير والرشد ووجدت في ميسمه انوار الصلاح ورئيت فيه سمت
پاس رہا اور مینے فراست سے اسکو وجود کو بامہر دیکھا اور اسمین رشد پایا اور اسکے چہرہ مین صلاحیت کے انوار پائے اور صلحا کے
الصالحين - ثم امعنت في حاله وقاله وتفحصت من ظاهره وباطن احواله بنور اعطي
نشان پائے - پھر مینے اسکے حال اور قال مین غور کی اور اس کے ظاہر اور باطن مین تفحص کیا اور اس نور اور
لي والهام قذف في قلبي فآنست حسن تقاته ورزانة حصاته ووجدته رجلا صالحا
الہام کے ساتھ دیکھا جو مجھکو عطا کیا گیا ہے سو مینے مشاہدہ کیا کہ وہ حقیقت مین نیک ہے اور متانت عقلی اسکو حاصل ہے اور آدمی نیکبخت
تقيا زاكيا على جذبات النفس وطاردها ومن المرتاضين - ثم اعطاه الله حظا من
ہے جس نے جذبات نفس پر لات ماری اور ان کو الگ کر دیا ہے اور ریاضت کش انسان ہے - پھر خدا نے اسکو کچھ حصہ میری
معرفتي فدخل في المبايعين - وقد انفتح عليه باب عجيب من معارفنا والف كتابا
شناخت کا عطا کیا سو وہ بیعت کرنے والوں مین داخل ہو گیا اور خدا تعالی نے ہماری معرفت کی باتوں مین سے ایک عجیب دروازہ اسپر
وسماه ايقاظ الناس وهو دليل واضح على سعة علمه وحجة منيرة على اصابة رايه
کھولدیا اور اسنے ایک کتاب تالیف کی جسکا نام ایقاظ الناس کہا اور وہ کتاب اسکی معلومات کی وسعت پر دلیل واضح ہے اور اسکی رائے صائب پر ایک
ويكفي لكل مضمار في مضمار ولما افضى في تاليف ذلك الكتاب جمع عنده كثيرا من كتب الحديث
روشن حجت ہے اور وہ کتاب ہر ایک مباحث کیلئے ہر ایک میدان مین کفایت کرتی ہے اور جب اسنے اس کتاب کا تالیف کرنا شروع کیا تو بہت سی حدیث کی کتابیں

والتفسير وفكر فكرا عميقا في كل امر فهو در افكاره و نور انظاره وليس علامة

اور تفسیر کی جمع کین اور ہر ایک امر مین پوری پوری غور کی سوہہ کتاب اسکے فکرون کا ایک دردہ اور اسکی نظرون کا ایک نور ہی

العارف من دون المعارف واني اذا قرءت كتابه وتصفحت ابوابه ورفعت جلبابه

اور عارف کی علامت اسکی معرفت کی باتین ہی ہوتی ہین اور جب مینے اسکی کتاب کو پڑہا اور صفحہ صفحہ کرکے اسکے باب دیکہے اور اسکی چادر

فاستملحت بيانه ومدحت شانه وما وجدت فيه شيئا شانه وادعو ان يشيع

اٹہائی تو مینے اسکے بیان کو ملیح پایا اور اسکی شان کی مینے تعریف کی اور مینے اسمین کوئی ایسی بات نہ پائی کہ جو اسکو بٹہ لگادے

الله كتابه مع كتبي ويضع فيه قبوليتا ويدخل فيه روحا منه ويجعل افئدة من

اور مین دعا کرتا ہون کہ خدا اسکی کتاب کو میری کتابون کے ساتہہ شایع کرے اور اسمین قبولیت رکہدیوے اور اسمین اپنی طرف سے

الناس تهوى اليه وجزاه في الدارين وبارك في مقاصده ويدخله في المقبولين

ایک روح داخل کرے اور بعض دل پیدا کرے جو اسکی طرف جہکجادین اور اسکی مولف کو دونون جہانون مین بدلہ دے اور اسکے مقاصد مین برکت ڈالے

ولما فرغ من تاليف كتابه حمله اخلاصه على ان يكون مبلغ معارفنا الى علماء وطنه

اور اسکو مقبولون مین داخل کرے اور جب وہ اپنی تالیف سے فارغ ہوا تو اسکے اخلاص نے اسکو اس بات پر آمادہ کیا کہ ہماری معرفت کی باتون کو

ويخبرهم عن اخبارنا ويكون مناديا ويطلق نداءا في كل ناحية ويشيع الكتب

اپنے وطن کے علماء تک پہنچادے اور ہماری خبرین انہین پہنچاوے اور منادی بنکر ہر ایکطرف آوازین پہنچادے اور کتابون کو شایع کرے

لتيضح الامر على اهل تلك البلاد وهذا هو المراد الذي كنا ندعو له في الليل

تا ان لوگون پر حقیقت کہل جاوے اور یہ وہی مراد ہے جس کے لئے ہم دن رات دعائین کرتے تہے۔

والنهار واری انه رجل صادق القول والوعد يتقي الفضول في الكلام ولا يرتع اللسان

اور مین دیکہتا ہون کہ یہ شخص اپنے قول اور وعدہ مین مرد صادق ہے بیہودہ کلام سے پرہیز کرتا ہے اور زبان کو ہر ایک

في كل مرتع باطلاق الزمام ولقد ادخل الله حبنا في قلبه فيحبنا ونحبه وكلما وعد الا انجز وتكلم

چراگاہ مین مطلق العنان نہین چہوڑتا اور خدا تعالی نے ہماری محبت اسکے دل مین ڈالدی سو ہم سے وہ محبت رکہتا ہے اور ہم اس سے اور جو کچہ

فانتيقن انه هو اهله وسينجز كما وعد وارجوا ان يجعله الله سبب الريع بذرنا وسوغ

اسنے کہا اور وعدہ کیا مین یقین رکہتا ہون کہ وہ اسکا اہل ہے اور جیسا کہ کہا ویسا ہی کریگا اور مین امید رکہتا ہون کہ خدا اسکو ہمارے بیج کی نشو ونما اور

حلبنا وهو احسن المسببين ورئيت انه رجل مرتاض صابر لا يشكو ولا يفزع و رثيت

ترو تازگی کا باعث کرے اور ہمارا دودہ اسکے ذریعہ سے خوشگوار ہو جاوے اور خدا سب سببون سے نیک تر ہے اور مینے دیکہا کہ یہ شخص ریاضت کش اور صابر ہے شکوہ اور جزع فزع

مرارًا انه يقنع على ادنى الماكولات والملبوسات ولو لم يكن لحاف فلا يطلبه بل يدفع البرد
اسکی سیرت نہین اور مینے بارہا دیکھا کہ یہ شخص ادنی چیزون کے کہانے پر کفایت کرتا ہے اور ایسے ہی ادنی لبوسات پر اگر لحاف نہو تو اسکو مانگتا نہین

من التضحي واصطلاء الجمر ولا يسئل تعففا ووجدت فيه اثار الخشوع والحلم والانابة
بلکہ دہوپ مین بیٹہنے اور آگ سینکنے سے گذارہ کر لیتا ہی اور تکلیف اٹہا کر اپنے تئین سوال سے باز رکہتا ہی مینے اسمین فروتنی اور حلم اور انابت اور نرمی

ورقة القلب والله اعلم وهو حسيبه وما قلت الا ما رئيت فلا تعجبوا من رحمة الله ان تكشف
دل کو پایا اور خدا بہتر جانتا ہے اور وہ اسکا حسیب ہے مینے جو دیکہا سو کہا پس خدا کی رحمت سے کچہہ تعجب مت کرو کہ وہ اس شخص کی سعی

ما دهمنا من حرج بسعي هذا الرجل والله يفعل ما يشاء لا مانع لما اراد ولا راد لما جاد
سے ان حرجون کو اٹہا دے جو ہمین پہنچ گئے اور خدا جو چاہتا ہے کرتا ہے جس بات کو وہ چاہے کوئی اسکو روک نہین سکتا اور جو کچہہ

وهو حافظ دينه وناصر كل من ينصر الدين -
وہ دیوے کوئی اسکو رد نہین کر سکتا وہ اپنے دین کا حافظ ہی اور تمام ان لوگونکی مدد کرتا ہی جو اسکے دین کی مدد کرین -

واعلموا ايها الاخوان ان امر اشاعة الكتب في ديار العرب وتبليغ معاني
اور بہائیو یہ بہی تمہین معلوم رہی کہ دیار عرب مین کتابونکے شایع کرنیکا معاملہ اور ہماری کتابون کے عمدہ مطالب عرب کے

كتبنا اليهم ليس بشيئ هين بل امر ذو بال لا يتمه الا من هو اهله فان هذه المسائل الغامضة
لوگون تک پہنچانا کچہہ تہوڑی سی بات نہین بلکہ ایک عظیم الشان امر ہے اور اسکو وہی پورا کر سکتا ہی جو اسکا اہل ہو کیونکہ یہ باریک مسائل

التي كفرنا وكذبنا لها لا شك انها تصعب على علماء العرب كما صعبت على علماء هذه
جنکے لئے ہم کافر ٹہرائے گئے اور جہٹلائے گئے کچہہ شک نہین کہ وہ عرب کے علما پر بہی ایسی ہی سخت گذرینگے جیسا کہ اس ملک کے مولویون پر

الديار لا سيما على اهل البوادي الذين لا يعلمون دقائق الحقيقة ولا يتدبرون حق
گذر رہی ہین بالخصوص عرب کے اہل بادیہ کو تو بہت ہی ناگوار ہونگے کیونکہ وہ باریک مسایل سے بیخبر ہین اور وہ جیسا کہ حق سوچنے کا

التدبر انظارهم سطحية وقلوبهم مستعجلة الا قليل منهم الذين انار الله فطرتهم وهم من النادرين
ہے سوچتے نہین اور انکی نظرین سطحی اور دل جلد باز ہین مگر انمین قلیل المقدار ایسے بہی ہین جنکی فطرتین روشن ہین اور ایسے لوگ کم پائے جاتے ہین

فلاجل تلك المشكلات التي سمعتم اقتضت المصلحة الدينية ان نتخير
سو ان مشکلات کیوجہ سے جو تم سن چکے مصلحت دینی نے تقاضا کیا جو اس کام کے لئے ہم عالم

لهذا الامر عالما مذكورا الذي اسمه محمد سعيدي النشار الحميدي الشامي ولا شك ان وجوده
مذکور کو منتخب کرین جس کا نام محمد سعیدی النشار الحمیدی الشامی ہی اور کچہہ شک نہین کہ اسکا وجود

* الحاشية - مسكنه طرابلس شام ملك سيرية ويقال لها باللغة الانكليزية تريولي وهي مدينة عظيمة على ساحل

لهذا المهم من المغتنمات ومجيئه عندنا من فضل قاضي الحاجات وهو خير قلبا ونعم
اس مہم کے لئے از بس غنیمت ہے اور اس کا اس جگہ آنا خدا تعالیٰ کے فضل میں سے ہے اور وہ نیکدل اور بہت اچھا آدمی
الرجل مع ان الضرورة قد اشتدت فلعل الله يصلح امرنا على يديه وهو هذا التقريب
ہے اور اس طرف ضرورت بھی سخت ہے پس شاید خدا اُسکے ہاتھ پر ہمارے کام کی اصلاح کرے اور وہ اس تقریب سے
يصل وطنه وينجو من تكاليف السفر الحنيف ويتخلص من مفارقة المالف والاليف
اپنے وطن میں پہنچ جاویگا اور سفر کی سخت مشقتوں سے نجات پاویگا اور وطن اور دوستوں کی جدائی سے بھی رہائی ہو اور تم کو خدا تعالےٰ
وتوجرون عليه من الله الرحيم اللطيف وما قلت الا لله وما انا الا ناصح امين۔
سے اجر ملے اور میں صرف خدا کے لئے یہ باتیں کی ہیں اور میں امانت سے نصیحت کرنیوالا ہوں۔
والذين يظنون ان اهل العرب لا يقبلون ولا يسمعون فليس عندنا جواب هذا الحق
اور وہ لوگ جن کا یہ گمان ہے کہ عرب کے لوگ قبول نہیں کریں گے اور نہ سنیں گے پس ہمارے پاس اس نادانی کا
من غير ان نحوقل على قولهم ونسترجع على فهمهم الا يعلمون ان العربيين سابقون
بجز اسکے اور کوئی جواب نہیں کہ ہم اُنکے اس خیال پر لاحول پڑھیں اور انکی سمجھ پر انا للہ کہیں کیا نہیں جانتے کہ عرب کے لوگ حق
في قبول الحق من الزمان القديم بل هم كالاصل في ذلك وغيرهم اغصانهم
کے قبول کرنے میں ہمیشہ اور قدیم زمانہ سے پیشدست رہے ہیں بلکہ وہ اسبات میں جڑ کیطرح ہیں اور دوسرے انکی شاخیں ہیں۔
ثم نقول ان هذا فعل الله رحمة منه والعرب احق واولى واقرب برحمته واني اجد
پھر ہم کہتے ہیں کہ یہ سارا کاروبار خدا تعالیٰ کیطرف سے ایک رحمت ہے اور عرب کے لوگ الٰہی رحمت کو قبول کرنیکے لئے سب سے زیادہ حقدار اور
ريح فضل الله فلا تتكلموا بكلمات الياس ولا تكونوا من القانطين۔ ولا تظنوا ظن السوء
قریب اور نزدیک ہیں اور مجھے خدا تعالیٰ کے فضل کی خوشبو آرہی ہے سو تم نومیدی کی باتیں مت کرو اور نا اُمیدوں میں سے مت ہو جاؤ اور بدگمانیوں
وان بعض الظن اثم فاتقوا الظنون الفاسدة التي تتزعزع منها ارض ايمان الظانين
میں مت پڑو اور بعض ظن گناہ ہیں۔ سو تم ایسے ظن مت کرو جن سے بدگمان انسان کی ایمانی زمین ہلجاتی ہے اور نیت صالحہ
وتتزعزع النية الصالحة ويكثر وساوس الشياطين۔ وقوموا متوكلا على الله وتدموا
میں جنبش آتی ہے اور شیطانی وساوس بڑھتے ہیں۔ اور خدا اسکے توکل پر کھڑے ہو جاؤ
من خير ما استطعتم واعدوا لاخيكم من زاد يكفيه لسفره البحري والبري وكان
اور کوئی نیکی کرلو جو کر سکتے ہو اور اپنے بھائی کیلئے کچھ زاد سفر بہم پہنچاؤ جو اُسکے سفر بحری و بری کیلئے کافی ہو

الله معکم ووفقکم وھو خیر الموفقین +

خدا تمہارے ساتھ ہو اور تمہیں توفیق دے اور وہ بہتر توفیق دہندہ ہے -

فنرجو من اخلاص اھل الثروة والمقدرة ان یتوجھوا الی اھتمام

پس ہم اہل مقدور دوستون کے اخلاص سے امید رکھتے ہین کہ اس کام کے اہتمام کیطرف ساری دل

ھذا الامر بکل القلب وکل الھمة ولا حاجة الی ان نکثر القول ونبالغ فی الکلام ونستنھض

اور ساری ہمت سے مصروف ہون اور ہمین کچھ حاجت نہین کہ ہم زیادہ کہین اور کلام مین مبالغہ کرین اور پر تکلف

ھمم الاحبّاء والمخلصین ببیانات مملوة من التکلفات فانا نعلم ان الاشارة کافیة

بیانون سے اپنے دوستون اور مخلصون کو تحریک دین کیونکہ ہم جانتے ہین کہ انکے لئے اشارت کافی ہوگی

لاحبائنا المتصدقین - فلیعط کل احد منھم بقدر قدرته التی اعطاه الله ولا یستحیی

صدقہ کرنا انکی عادت ہے - پس چاہیئے کہ ہر ایک انمین سے بقدر خداداد استطاعت دیوے اور اس بات سے شرم نہ کرے

ولا یحتشم من ان ینفح بالقلیل ولیعلم ان الغرض ان یعطی ولو کانت فلسة او ربعه او قل

کہ وہ کچھ تھوڑا دیتا ہے اور یہ بات کو معلوم کرے کہ غرض اصلی یہ ہے کہ دیوے اگرچہ ایک پیسہ یا اسکا چوتھا حصہ یا کھجور

من الفتیل ومن کان ذا عیشة خضراء فلیعط بقدر حیثیته ان شاء - وما ھذا الاعمل

کے اندر کے چھلکے سے بھی تھوڑا اور جو شخص خوش اوقات کھاتا پیتا ہو سو اگر چاہے تو اپنی حیثیت کے مناسب دیوے اور یہ کام محض سد

طلاب وجه الله ومن یعمل مثقال ذرة خیرا یره ویبارک الله فی ماله واھله وعیاله وما تنفقون

اور اسکی خوشنودی کے لئے ہے اور جو شخص ایک ذرہ کے موافق بھی بھلائی کرے گا وہ اسکا اجر پائیگا اور خدا اسکے مال اور اہل اور عیال مین

فی سبیل الله فھو عائد الیکم فی الدنیا والاخرة ولا تزون خسرا فان اعطیتم بذرا فلکم زرا عت

برکت دیگا اور جو کچھ تم خدا کی راہ مین خرچ کروگے وہ تمہاری طرف دنیا اور آخرت مین پھر لوٹ کر واپس آئیگا اور تم نقصان نہین اٹھاؤگے پس اگر تم

وان اعطیتم قطرة فلکم بحر فضل من عند الله والله لا یضیع اجر المحسنین - ام حسبتم ان تغفروا

ایک بیج دوگے تو تمہارے لئے ایک زراعت ہوگی اگر قطرہ دوگے تو تمہارے لئے دریا ہوگا اور خدا نیکوکارونکا کبھی اجر ضائع نہین کرتا - کیا تم جانتے ہو کہ یون ہی

ویرضی عنکم ربکم ولما یجد کم ساعین لمرضاته والطائعین کالمخلصین - ایھا الرجال اتقوا الله

بخشے جاؤ اور خدا تم سے راضی ہوجائے اور ہنوز اس نے تمکو اپنی رضامندی کی راہون مین سرگرم نہ پایا ہو اور تم فرمانبردار اور مخلص اسکی نظر مین ٹھہرے ہو

وکونوا من الذین یوثرونه علی انفسھم واعلموا ان الله مع المتقین - انما اموالکم واولادکم فتنة

اے لوگو خدا سے ڈرو اور ان لوگونکی طرح ہو جاؤ جو خدا کو اپنی نفسون پر مقدم کرلیتے ہین اور یقیناً جانو کہ خدا پرہیزگارونکے ساتھ ہے تمہارے مال اور تمہاری اولاد آزمائش کی

وينظر الله اتحبونه او تحبون اشياء أخرى وستبعدون عن هذه اللذات ولا تبقى هذه المجالس

جگہ ہیں اور خدا دیکھتا ہے کہ تم اس سے پیار کرتے ہو یا دوسری چیزوں سے اور وہ وقت آتا ہے کہ تم ان لذتوں سے دور کر دیئے جاؤ گے اور یہ مجلسیں باقی نہیں رہینگی

ونظارتها ثم ترجعون الى الله وتسئلون عما عملتم وعما جاهدتم فى سبيله فقوموا ايها الناس

اور انکے دیکھنے والے پھر تم خدا تعالیٰ کے سامنے حاضر کئے جاؤ گے اور تمسے تمہارے اعمال کا سوال ہوگا اور یہ کہ تمنے اسکی راہ میں کیا کیا کوششیں کیں پس اُٹھو

قوموا الوقت يذهب قوموا سريعا ولا تقعدوا مع المترفين - ولسنا بالموجب حقا لمن لا يوجب

اے لوگو اُٹھو وقت جاتا ہے جلد اُٹھو اور آرام پسندوں کے ساتھ مت بیٹھو اور ہم کسی ایسے شخص پر کوئی حق واجب نہیں کرتے جو اپنے نفس پر بیان اجب

الحق على نفسه ولا يكلف الله نفسا الا وسعها وما انا من المتكلفين - وما اتوجه الا الى الذي يصدق

نہیں کرتا اور خدا کسی جان کو اُسیقدر تکلیف دیتا ہے جو اسکی وسعت میں ہے اور میں تکلف والوں میں سے نہیں ہوں - اور میں صرف ایسے شخص کیطرف توجہ کرتا ہوں جو محبت

الودّ واترك الذي منعه البخل فصد ولحق بالذين بخلوا فرد وعُدّ من المخذولين -

سے دوستی خالص کہتا ہے اور میں اسکو ترک کرتا ہوں جسکو بخل نے کار خیر سے منع کر دیا اور بخیلوں سے ملگیا اور رد کیا گیا اور محروموں میں سے شمار کیا گیا -

وليعجل المرسلون للارسال فان الوقت ضيق والضيف العزيز مستعد

اور چاہئیے کہ بھیجنے والے بھیجنے کیلئے جلدی کریں کیونکہ وقت تنگ ہے اور مہمان عزیز سفر کو تیار ہے اور ہم پر واجب

للسفر وقد وجب علينا اعلام المتغفلين باسرع اوقات فلا ينبغي ان تقعدوا كسالى بعد ما بينت

ہو چکا ہے کہ جو غفلت میں ہیں انکو بہت جلد متنبہ کریں پس مناسب نہیں کہ تم سستی کرکے بیٹھے رہو بعد اسکے جو ہمنے اس امر کی ضرورت

لكم ضرورة هذا الامر فقدموا للمعاضدة ولا تاخروا وانفضوا ايديكم تؤجروا وكونوا فى سبيل الله

بیان کر دی پس تم مدد کے لئے آگے قدم بڑھاؤ اور پیچھے مت ہٹو اور ہاتھوں کو جھاڑ دو تا مدد دیئے جاؤ اور خدا تعالیٰ کے راہ میں

سابقين - وليرسل ههنا فى قاديان من كان مرسلا من درهم او دينار وليبيّن فى مكتوبه

ایک دوسرے سے سبقت کرو اور چاہئیے کہ بھیجنے والا اسی جگہ قادیان میں بھیجے جو کچھ درہم یا دینار بھیجتا ہو اور اپنے خط میں بیان کر دے کہ یہ روپیہ

انه ارسل له بل الاولى ان يرسل اليه باسمه بلا واسطة ليجمع عنده كلما يجئ وليطمئن به قلبه

اسکے لئے بھیجا گیا ہے بلکہ بہتر تو یہ ہے کہ اسیکے نام سے بغیر میرے واسطہ کے بھیجے تا کہ جو کچھ آوے وہ سب اسکے پاس جمع ہوتا رہے اور تا کہ اسکو دل کو

وان نفس القربات اعلاء كلمة الاسلام وهذا وقته فلا تضيعوا وقتكم وقوموا كالخادمين

اس سے اطمینان ہو اور سب نیکی عملوں سے جو خدا تعالیٰ کی قربت کے لئے کئے جاتے ہیں کلمہ اسلام کی بلندی چاہنا زیادہ ثواب کا موجب ہے پس اپنے وقتوں کو ضائع مت کرو

ايها المسلمون فرّوا الى الله واتقوا الفتن التي هاجت وماجت حولكم وفيكم واعملوا

اے مسلمانوں خدا کیطرف بھاگو اور ان فتنوں سے بچو جو تمہارے آگے پیچھے اور تم میں موجیں مار رہے ہیں اور اُٹھ رہے ہیں

عملاً يرضاه ليكون لكم زلفى لديه ولتأخذكم رقة على دينكم فانه ضعف وبدء الشيب بفوديه

اور وہ عمل کرو جس سے خدا راضی ہو جاوے تا تمہیں خدا تعالی کے نزدیک درجہ ملے اور چاہیئے کہ تمہیں اپنے دین پر کچھ شفقت پیدا ہو کیونکہ وہ ضعیف ہے

والشيب غير طبعي حدث من نوازل الحادثات والتكاليف المتتابعات ولينظر كل احد منكم

اور اسکی کنپٹیوں میں بڑھاپے کے آثار پیدا ہو گئے ہیں اور یہ بڑھاپا غیر طبعی ہے جو حوادث نازلہ کے سبب اور تکالیف متواترہ کے باعث سے ظاہر ہو گیا اور چاہیئے کہ

عمله وليفتش خطراته وليزن بضاعته التي اعدها للآخرة ولينقد دراهمه التي جمعها لذلك

کہ ہر ایک شخص اپنے عملوں کو دیکھے اور اپنے دل کے خیالات کو ٹٹولے اور اپنی اس بضاعت کو تولے جو آخرت کیلئے تیار کی ہے اور اپنے

السفر هل هي وازنة جيدة او مغشوشة ناقصة ولا يخادع نفسه ولا يغرر بنفسه من المغشوشات

اس روپیہ کو کھرا کرے جو اس سفر کیلئے تیار کیا ہے کیا وہ پوری وزن کا اور کھرا ہے یا کھوٹا اور کم وزن کا ہے اور چاہیئے کہ اپنے نفس کو دھوکا نہ دے

وليتدارك قبل ذهاب الوقت ولا تقعد كالغافلين ـ

اور اسکو خطرہ میں نہ ڈالے اور چاہیئے کہ وقت سے پہلے تدارک کرے اور غافلوں کی طرح مت بیٹھا رہے

ايها الناس زكوا نفوسكم وطهروا صدوركم ولا تفرحكم جيفة الدنيا وشحومها

اے لوگو اپنے نفسوں کو صاف کرو اور اپنے سینوں کو پاک بناؤ اور تمہیں دنیا کا مردار اور اسکی چربیاں خوش نہ کریں

ولا تجلبكم اليها كلابها ولا تموتوا الا مسلمين مطهرين ـ ولا تتقوا لعن المخلوق فانه سهل هين


وہ خوش نہ کریں اسکے کتے تمہیں اس گوشت کیطرف نہ کھینچیں اور بجز پاک مسلمان ہونیکی حالت کے مت مرو اور خلقت کی لعنت سے مت ڈرو

واتقوا لعن اللاعن الذي يسود الوجوه لعنه ويلقي في هوة السافلين هذا ما اوصيناكم

کیونکہ وہ سہل اور آسان ہے اور اس خدا کی لعنت سے ڈرو جسکی لعنت مونہوں کو کالا کر دیتی ہے اور نیچے گرنیوالوں کے گڑھے میں ڈالتی ہے یہ ہماری نصیحت ہے

فتذكروا ما اوصينا واشهدوا انا بلغنا والله خير الشاهدين وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين

سو اس نصیحت کو یاد رکھو اور گواہ رہو کہ ہمنے نصیحت کو پہنچا دیا اور خدا سب گواہوں سے بہتر ہے اور آخری دعوت ہماری یہی ہے کہ تمام تعریفیں خدا کو ہیں



اعلان

نرجوان تتوجّه الدولة البرطانية بمرحمتها العظمى الى هذا

ہم امید رکھتے ہیں کہ سرکار انگریزی اپنے عظیم الشان رحم کی وجہ سے اس

الاعلان وتمعن بعد ایّها الی الصّل الّذی یلدغ

اعلان کیطرف توجہ کریگی اور اس مار سیرت کو مورد نظر عتاب فرمائیگی جو انکی خیرخواہوں کو

نصحائها ویتنضنض نضنضة الثعبان

کاٹتا ہے اور سانپوں کی طرح زبان ہلاتا ہے

یاقیصرة الهند صانك الله عن الآفات وكان لطفه معك فی كل ارادات الخیرات

اے قیصرہ ہند خدا تجھ کو آفتوں سے نگہ رکھے اور ہر یک خیر کے ارادہ میں اسکا

وحفظك عن الدواهی والحادثات جئناك مستغیثین بما اوذینا من لسان رجل وكلمه

لطف تیرے سا تھہ ہو اور خدا تجھ کو حوادث سے بچاوے ہم مستغیث بنکر تیرے پاس آئے ہیں کیونکہ ہم ایک شخص کی زبان اور

المحفظات وقد سمعنا انك تحلیت بمحاسن الاخلاق ـ وتخلیت فی عدلك مما یسم

اسکے رنجدہ کلمات سے ستائے گئے ہیں اور ہمنے سنا ہے کہ تو نیک خلقوں سے آراستہ ہے اور اپنے عدل میں ان باتوں سے خالی ہے

بالاخلاق وما زلت آخذة نفسك بالرحم والاشفاق ولا ترضی بجور الجائرین ـ

جن پر داغ عیب ہے اور رحم اور شفقت کو تو نے اپنے نفس کیلئے ایک خصلت لازمی ٹہرا دی ہے اور ظلم کرنیوالوں کے ظلم پر راضی نہیں ـ

هذا خُلقك ونحن مع ظل حمايتك نُلدغ من شر بعض المعادين
یہہ تیرا خلق ہے اور ہم باوجود ظل حمایت تیری کے بعض دشمنون کے نیش شرارت سے نیش زدہ اور

ونعضّ من انياب العاضين - ويصول علينا كل ضلّ بن ضُلّ ويسبّ نبيّنا الكريم
اُن کاٹنے والون کے دانتون سے کاٹے جاتے ہین اور ہر ایک شخص ہمپر حملہ کرتا ہی جسکو باپ دادون کو کوئی نہین پہچانتا اور ہر ایک جاہل ذلیل

كل جهول مهين - ويسعى اَنْ نُعدّ من الباغين -
ہماری نبی کریم کی اہانت کر رہا ہو اور کوشش کرتا ہو کہ ہم باغیون سے گنے جائین -

واما تفصيل هذا المجمل فاعلم يا قيصرة تزاد اقبالك وبارك الله في
اور اگر اس مجمل کی تفصیل چاہو تو اے قیصرہ تیرا اقبال زیادہ ہو اور خدا تیری دنیا مین برکت دے

دُنياكِ واصلح مآلك ان رجلا من الذين ارتدوا من دين الاسلام ودخلوا في
اور تیرا انجام بہی بخیر کرے تجہو معلوم ہو کہ ایک شخص نے ایسے لوگون مین سے جو اسلام سے نکلکر عیسائی ہو گئے ہین

الملة النصرانية اعني النصراني الذي يسمّي نفسه القسيس عماد الدين الف كتابا
یعنی ایک عیسائی جو اپنے تئین پادری عماد الدین کے نام سے موسوم کرتا ہے ایک کتاب

في هذه الايام لخدع العوام وسماه توزين الاقوال وذكر فيه بعض حالاتي بافتراءٍ محض
ان دنون مین عوام کو دہوکہ دینے کے لئے تالیف کی ہو اور اسکا نام توزین الاقوال رکہا ہی اور اسمین ایک خالص افترا

لا اصل له وقال ان هذا الرجل رجل مفسد ومن اهل العداوت واني وجدت في طريقته
کے طور پر میرے بعض حالات لکہے ہین اور بیان کیا ہو کہ یہہ شخص ایک مفسد آدمی اور گورنمنٹ کا دشمن ہو اور مجہو اسکے طریق چال چلن

مشيه آثار البغاوت وليس من نصحاء الدولة واتيقّن انه سيفعل كذا وكذا وانه
مین بغاوت کی نشانیان دکہائی دیتی ہین اور مین یقین رکہتا ہون کہ وہ ایسے ایسے کام کرے گا اور وہ

من المخالفين -
مخالفون سے ہے -

فالملخّص انه حث الحكومت في ذلك على ايذائي ومع ذلك فرّغ الله
پس خلاصہ کلام یہہ ہے کہ اس شخص نے حکام کو میری ایذا کے لئے برانگیختہ کیا ہو اور ساتہ اسکے مجہو گالیان

في سبّي وازدرائي وافرغ قذر لسانه على بعض احبائي واكثر القول في ديلتنا المقدسة
دینی اور تحقیر کرنے مین ہر قسم مبالغہ کیا کہ جو کچہہ اُسکے برتن مین تہا سب باہر نکالدیا اور نیز اپنی زبان کی پلیدی میری بعض دوستون پر ڈالی اور ہمارے

[illegible]

وشتم خیر الرسل صلی الله علیه وسلم وبالغ فی التوهین۔ وتکلم بکلمات ترتجف
اور ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دین اور توہین مین مبالغہ کیا۔ اور ایسی باتین کہین جن سے
منها القلوب وتهیج فی الافئدة الکروب وسوف نکتب قلیلًا منها ونجوب استار
دل کانپ اُٹھتے ہین اور اتہین بے قراریان جوش مارتی ہین اور ہم کسیوقت انہین سے کچھہ تہوڑا سا لکھین گے
الجاهلین۔
اور جاہلونکی پردی پہاڑینگے

والان ننبّه الدولة العالیة مما افتری علینا وزعم کانا من اعداء الدولة
اور اب ہم گورنمنٹ عالیہ کو ان باتون کی اصل حقیقت سے مطلع کرتے ہین جو ہمپر اُسنے افترا کین اور گمان کیا
البرطانیة فلیعلم الدولة ان هذه المقالات کلها من قبیل صوغ الزور ونسج الشرور
کہ گویا ہم دولت برطانیہ کے بدخواہ ہین سو گورنمنٹ کو معلوم ہو کہ یہ تمام باتین از قبیل آرائش دروغ اور شرارت بافی ہین
ولیس فیها رائحة الصدق مثقال ذرّة وما حمله علی ذلك الا بعض المصالح التی
اور ایک ذرہ بہی سچائی کی بو اُنمین نہین اور ان باتون پر اسکو صرف اسکی بعض مصالح نے آمادہ کیا جو اُس نے ان
لاتی فی نفس تلك المکائد ولیسّرها اکابر القسیسین۔ والحمد لله ان کلماته المفتریات
فریبون کے اندر دیکھے ہین اور ایک یہہ بہی اُسکی غرض ہے کہ تا اپنے بڑے پادریونکو خوش کرے اور شکر خدا کا اُس کے خود ساختہ کلمات
شیء لا تخفی علی الدولة حقیقته فنحن فی مأمن من شره ونری خدماتنا اللامعة للرد
ایک ایسی چیز ہے جسکی حقیقت اس گورنمنٹ پر پوشیدہ نہین اور ہم اُسکی شرارت سے امن مین ہین اور ہم اپنی روشن خدمات کو اُسکی
علیها کالشهب للشیاطین۔ ولا یخفی علی الحکام طریقتی وشانی ولا امشی موارئًا
باتون کے رد کرنیکے لئے ایسی دیکھتے ہین کہ جیسے شہاب ثاقب شیاطین کے دفع کرنیکے لئے اور حکام پر میرا طرز اور طریق پوشیدہ نہین اور مین آنسے چہپکے
عنهم عیانی بل الحکومة البرطانیة تعرفنی وتعرف آبائی وتنظر مهیعی ومدعائی وتعرف
چلتا نہین بلکہ گورنمنٹ برطانیہ مجہے اور میرے باپ دادون کو خوب پہچانتی ہے اور میری راہ اور میری مدعا کو دیکھہ رہی ہے
اصلی ومنبعی ولا تجهل بیتی ومربعی وتعلم انا لسنا من المفسدین المعادین ولا البا غین
اور میرے اصل اور سرچشمہ کو جانتی ہے اور میرے خاندان سے بیخبر نہین اور جانتی ہے کہ ہم مفسدون اور دشمنون اور باغیون اور
الطاغین۔ وما خرجت الان من مغارة لتکون الدولة من امری فی غرارة
طاغیون مین سے نہین۔ اور مین ابہی کسی غار مین سے نہین نکلا تا کہ گورنمنٹ میرے معاملہ سے غافل ہو۔

بل الدولة على امثالنا من المباهين ـ ومن توسّم اقوالنا واستشف افعالنا
بلکہ یہ گورنمنٹ ہماری جیسے خیر خواہوں پر ناز کرتی ہے اور جو شخص ہماری باتوں کو بنظر غور دیکھے گا اور ہماری افعال پر

فلا تخفی علیہ اعمالنا وانا من الصادقین ـ والدولة تغوص الی اعماقنا ولیس علیہا
ایک عمیق نگاہ دوڑائیگا سو اسپر ہماری کارگذاریاں چھپی نہیں رہینگی اور ہم سچے ہیں اور یہ گورنمنٹ ہماری گہرائی تک غوطہ مار رہی ہے اور اسپر کچھ

الخفاء ـ ولہا افکار عادیات لا تواھقہا وجناء اذا ما ترکض آراءھا فی ارض مقاصدھا
امر پوشیدہ نہیں ـ اور اس گورنمنٹ کی فکریں تیز دوڑنیوالی ہیں کہ کوئی تیز اور مضبوط اونٹنی اُن کا مقابلہ نہیں کر سکتی جبوقت گورنمنٹ

فتفری ادیم الارضین ـ وکل عقل عندھا الا عقل الدین ـ ونرجوان یفتح اللہ علیہا
اپنی رایوں کو مقاصد کے زمین میں دوڑاتی ہے تو وہ رائیں روئے زمین کو کاٹتی ہوئی چلی جاتی ہیں اور ہر ایک عقل بجز دینی عقل کے

ھذا الباب ایضاً کما فتح ابواباً اُخری واللہ ارحم الراحمین ـ
اس گورنمنٹ کو حاصل ہے اور ہم امید رکھتے ہیں کہ یہ دروازہ بھی اسپر کھل جائے اور خدا ارحم الراحمین ہے

ولا یخفی علی ھذہ الدولة المبارکة انا من خدّامہا ونصحائہا ودواعی
اور گورنمنٹ پر پوشیدہ نہیں کہ ہم قدیم سے اُسکی خدمت کرنیوالے اور اسکے ناصح اور خیر خواہ نہیں سے ہیں

خیرھا من قدیم وجئناھا فی کل وقت بقلب صمیم وکان لابی عندھا زلفیٰ وخطاب التحسین
اور ہر ایک وقت پر دلی عزم سے ہم حاضر ہوتے رہے ہیں اور میرا باپ گورنمنٹ کے نزدیک صاحب مرتبہ اور قابل تحسین تھا

ولنا لدی ھذہ الدولة ایدی الخدمة ولا نظن ان تنسہا فی حین ـ وکان والدی
اور اس سرکار میں ہماری خدمات نمایاں ہیں اور میں گمان نہیں کرتا کہ یہ گورنمنٹ کبھی ان خدمات کو بھلا دیگی اور میرا والد

المیرزا غلام مرتضیٰ ابن میرزا عطا محمد القادیانی من نصحاء الدولة وذوی الخلة و
میرزا غلام مرتضیٰ ابن میرزا عطا محمد رئیس قادیان اس گورنمنٹ کے خیر خواہوں اور مخلصوں میں سے تھا اور

عندھا من ارباب القربة وکان یصدر علی تکرمة العزة وکانت الدولة تعرفہ غایة المعرفة
اس کے نزدیک صاحب مرتبہ تھا اور صدر نشین بالبین عزت سمجھا گیا تھا اور یہ گورنمنٹ اسکو خوب پہچانتی تھی

وما کنا قط من ذوی الظنة بل ثبت خلاصنا فی اعین الناس کلہم وانکشف علی الحاکمین ـ
اور ہمپر کبھی کوئی بدگمانی نہیں ہوئی بلکہ ہمارا اخلاص تمام لوگوں کی نظروں میں ثابت ہو گیا اور حکام پر کھل گیا ـ

ولتسطلع الدولة حکامہا الذین جاؤنا ولبثوا بیننا کیف عشنا امام اعینہم وکیف سبقنا
اور سرکار انگریزی اپنے ان حکام سے دریافت کرے جو ہماری طرف آئے اور ہم میں رہے اور جنہوں نے انکی آنکھوں کے سامنے کیسی زندگی

فی کل خل متمع السابقین۔

بسر کی اور کس طرح ہم ہر یک صدقتمین سبقت کرنیوالون کے گروہ مین رہے۔

ولا حاجۃ الی تفصیل ھذہ الحقائق فان الدولۃ البریطانیۃ مطلعۃ

اور ان حقیقتون کے مفصل بیان کرنیکی کچھہ حاجت نہین کیونکہ سرکار انگریزی ہماری مراتب خلوص

علی مراتب خلوصنا وشئون خدماتنا والاعانات التی کانت تری منا وقتا بعد

اور انواع خدمات پر اطلاع رکھتی ہے اور ان اعانتون کو جانتی ہے جو وقتاً فوقتاً ہم سے ظہور مین آئین خاصکر

وقت وفی ایام فساد المفسدین۔ وتعلم الدولۃ ان ابی کیف مدّھا فی حین محاربات

دہلی کے مفسدہ کے وقت ہین۔ اور اس گورنمنٹ کو یہہ معلوم ہے کہ میرے والد نے کیونکر اسکو ایسے وقت مین

مشتدۃ الھبوب وفتن مشتطۃ اللھوب وانہ آتا الدولۃ خمسین خیلا مع الفوارس

مدد دی کہ جب لڑائیون کی ایک سخت آندھی چل رہی تہی اور فتنے بہڑک رہے تہے اور حد سے تجاوز کر گئے تہے سو میرے والد نے اس مفسدہ

مدداً منہ فی ایام المفسدۃ وسبق السابقین فی امدادات المال عند حلول

کے دنون مین پچاس گہوڑے معہ سوار اس گورنمنٹ کو امداد کی طور پر دئے اور اپنی حیثیت کے لحاظ سے امداد مین سب سے بڑھ گیا باوجودیکہ وہ

الاھوال مع ایام العسرۃ والاقلال وذھاب عھد الامارت الآبائیۃ وانقلاب الاحوال

زمانہ تنگی اور ناداری کا زمانہ تہا اور آبائی ریاست کا دور ختم ہوکر گردش کے دن آگئے تہے پس جو شخص ایک نظر صحیح اور

فلینظر من کان لہ نظر صحیح او قلب امین۔

دل امین رکہتا ہے اسکو چاہیئے کہ سوچے ؟ ۔

ولم یزل کان ابی مشغوف الخدمات حتی شاخ وجاء وقت الوفاۃ ووجب الارتحال ولو تصدّینا

اور میرا باپ اسیطرح خدمات مین مشغول رہا یہانتک کہ پیرانہ سالی تک پہنچگیا اور سفر آخرت کا وقت آگیا اور اگر

ذکر خدماتہ لضاق بنا المجال وعجزنا عن التدوین۔ فالملخص ان ابی لم یزل کان شائم

ہم اسکی تمام خدمات لکہنا چاہین تو اس جگہ سما نسکین اور ہم لکہنے سے عاجز رہجاوین۔ پس خلاصہ کلام یہ ہے کہ میرا باپ سرکار انگریزی کے

برق الدولۃ وقائماً علی الخدمۃ عند الضرورۃ حتی اعزتہ الدولۃ بمکاتیب رضاءھا وخصتہ

مراحم کا ہمیشہ امیدوار رہا اور عند الضرورت خدمتین بجا لاتا رہا یہانتک کہ سرکار انگریزی نے اپنی خوشنودی کی چٹھیات سے اسکو

فی کل وقت بعطاءھا واسمحت لہ بمواساتھا وتفضلت علیہ بمراعاتہا وحسبتہ من ودادھا

معزز کیا اور ہر ایک وقت اپنی عطاؤن کے ساتھ اسکو خاص فرمایا اور اسکی غمخواری فرمائی اور اسکی رعایت رکہی اور اسکو اپنے خیرخواہون

الخير ومن المخلصين ـ ثم اذا توفى ابى فقام مقامه فى هذه السير اخى الميرزا غلام قادر
اور مخلصون مین سے سمجھا ـ پھر جب میرا باپ وفات پا گیا تب ان خصلتون مین اسکا قائم مقام میرا بھائی ہوا جسکا نام میرزا غلام قادر

وغمرته مواهب الدولة كما غمرت والدي وتوفى اخي بعد ابى فى بضع سنين ـ ثم بعد وفاتهما
تھا اور سرکار انگریزی کی عنایات ایسی ہی اسکے شامل حال ہو گئین جیسی کہ میرے باپ کے شامل حال تھین اور میرا بھائی چند سال بعد اپنے والد کے فوت ہو گیا

قفوت اثرهما واقتديت سيرهما وذكرت عصرهما ولكنى ما كنت ذا خصب ونعمة وسعة وثروة
پھر ان دونون کی وفات کے بعد مین انکے نقش قدم پر چلا اور انکی سیرتون کی پیروی کی اور انکے زمانہ کو یاد کیا لیکن مین صاحب مال اور

ولا ذا املاك وارضين ـ بل تبتلت الى الله بعد ارتحالهما ولحقت بقوم منقطعين ـ
صاحب املاک نہین تھا بلکہ مین انکی وفات کے بعد اللہ جل شانہ کیطرف جھک گیا اور انہین جا ملا جنہون نے دنیا کا تعلق توڑ دیا

وجذبني ربي اليه واحسن مثواي واسبغ علىّ من نعماء الدين ـ وقادني من تدنسات
اور میرے رب نے اپنی طرف مجھے کھینچ لیا اور مجھے نیک جگہ دی اور اپنی نعمتون کو مجھ پر کامل کیا اور مجھے دنیا کے آلودگیون اور مکروہات

الدنيا الى حظيرة قدسه واعطاني ما اعطاني وجعلني من الملهمين المحدّثين ـ
سے نکال کر اپنی مقدس جگہ مین لے آیا اور مجھے اسنے دیا جو کچھ دیا اور مجھے ملہمون اور محدثون مین سے کر دیا

فما كان عندي من مال الدنيا وخيلها وافراسها غير اني اعطيت جياد الاقلام
سو میرے پاس دنیا کا مال اور دنیا کے گھوڑے اور دنیا کے سوار تو نہین تھے بجز اس کے کہ عمدہ گھوڑے قلمون

ورزقت جواهر الكلام واعطيت من نور تؤمنني العثار وبين لى الآثار فهذه
کے مجھکو عطا کئے گئے اور کلام کے جواہر مجھ کو دئے گئے اور وہ نور مجھ کو عطا ہوا جو مجھے لغزش سے بچاتا اور ربّ روی کے آثار مجھ پر

الدولة الالهية السماوية قد اغنتني وجبرت عيلتي واضاءتني ونورت ليلتي وادخلتني
ظاہر کرتا ہے پس اس الہی اور آسمانی دولت نے مجھے غنی کر دیا اور میری افلاس کا تدارک کیا اور مجھے روشن کیا اور میری رات کو منور کر دیا اور مجھے

فى المنعمين ـ فقصدت ان اعين الدولة البرطانية بهذا المال وان لم يكن لى
منعمون مین داخل کیا سو مینے چاہا کہ اس مال کے ساتھ گورنمنٹ برطانیہ کی مدد کرون اگرچہ میرے پاس

من الدراهم والخيل والبغال وما كنت من المتمولين ـ
روپیہ اور گھوڑے اور خچر تو نہین اور نہ مین مالدار ہون

فقمت لامدادها بقلمي ويدي وكان الله فى مددي وعاهدت الله تعالى
سو مین اسکی مدد کیلئے اپنے قلم اور ہاتھ سے اٹھا اور خدا میری مدد پر تھا اور مینے اسی زمانہ سے خدا تعالیٰ سے عہد کیا

مُنذ ذلك العهد ان لا اُولف كتاباً مبسوطاً من بعد الا واذكر فيه ذكر احسانات

کہ کوئی مبسوط کتاب بغیر اسکے تالیف نہین کرونگا جو اسمین احسانات قیصرہ ہند کا ذکر نہو اور نیز اسکے ان

قیصرة الهند وذکر منها التی وجب شکرها علی المسلمین ومع ذلك کان فی خاطری

تمام احسانون کا ذکر ہو جن کا شکر مسلمانون پر واجب ہو اور با وجود اسکے میرے دل مین یہہ بہی تہا کہ مین

اَنْ ادعوا القیصرة المکرمة الی الاسلام واهدیها الی الربّ الذی هو خالق

قیصرہ مکرمہ کو دعوت اسلام کرون اور اُس رب کیطرف اُسکو رہنمائی کرون جو درحقیقت مخلوقات کا رب ہے کیونکہ

الانام فانّها احسنتْ الینا والی اٰباءِنا وما کان جزاء الاحسان الا ان ندعولها فی

اُس کا احسان ہم پر اور ہمارے باپ دادون پر ہے اور احسان کا عوض بجز اسکے اور کچھہ نہین کہ ہم اُس کی

الدنیا دعاء الخیر والاقبال وفوز المرام ونسئل الله لعقباها ان ترزق توحید

دنیا کی خیر اور اقبال کے لئے دعا کرین اور اُسکی عقبیٰ کے لئے خدا تعالیٰ سے یہ مانگین کہ اسلامی توحید

الاسلام وتنتهج سبل الحق وتؤمن بعظمة الملیك العلام وتعرف الرب الذی احد صمد ما ولد وما

کی راہ اُس کے نصیب کرے اور حق کی راہون پر چلے اور اُس بادشاہ کی بزرگی کی قائل ہو جو غیب کی باتین جانتا ہے اور اُس کو پہچانے

وُلد وتعطیٰ نعماء ابد الآبدین

جو اکیلا اور تمام مخلوق کا مرجع اور نہ مولود اور نہ والد ہے اور اُسکو ابدی نعمتین ملین۔

فالّفتُ کتبا وحرّرت فی کل کتاب ان الدولة البریطانیة محسنة الی مسلمی

سو مینے کئی کتابین تالیف کین اور ہر یک کتاب مین مینے لکہا کہ دولت برطانیہ مسلمانون کی محسن ہے اور مسلمانون کی اولاد

الهند وتنتجعها ذراری المسلمین۔ فلا یجوز لاحد منهم ان یخرج علیها ویسطو کالبغاة

کی ذریعہ معاش ہے پس کسیکو اُنمین سے جائز نہین جو اُس پر خروج کرے اور باغیون کی طرح اُسپر حملہ آور ہو

العاصین۔ بل وجب علیهم شکر هذه الدولة واطاعتها فی المعروف فانها تحمی دماءهم

بلکہ اُن پر اِس گورنمنٹ کا شکر واجب ہے اور اُسکی اطاعت ضروری ہے کیونکہ یہ گورنمنٹ مسلمانون کے خونون اور

واموالهم وتحفظهم من سطوة کل ظالم وقد نجتنا من انواع الکروب وارتجاف القلوب

مالون کی حمایت کرتی ہے اور ہر یک ظالم کے حملہ سے اُنکو بچاتی ہے اور درحقیقت ہمین اسی نے بیقراریون اور دل کے لرزون سے

فان لم نشکر فکنا ظالمین۔ فالشکر واجب علینا دینا ودیانتا ومن لا یشکر الناس

بچایا۔ واگر شکر نکرین تو ظالم ٹہرین گے۔ پس شکر ہمپر از روے دین و دیانت کے واجب ہے اور جو شخص آدمیون کا شکر نہ کرے

ما شکر الله والله یحب المقسطین - وانا لن ننسی ایاما وازمنة مضت علینا قبلها
اُسنے خدا کا بھی شکر نہیں کیا اور خدا انہیں کو دوست رکھتا ہے جو طریق انصاف پر چلتے ہیں اور ہم اُن دنوں اور اُن زمانوں کو بھول نہیں
ووالله ما کان لنا امن فیها الی دقیقتین فضلا عن یوم او یومین وکنا نمسی ونصبح متخوفین
گئے جو اس گورنمنٹ سے پہلے ہم پر گذرے اور بخدا ہمیں اُن وقتوں میں دو منٹ بھی امن نہیں تھا چہ جائیکہ ایکدن یا دو دن ہوا اور ہم ڈرتے ڈرتے شام کرتے اور صبح کرتے
فاشعت تلک الکتب المحتویة علی تلک المضامین فی کل دیار وفی
یعنی اس مضمون کی کتابوں کو شایع کیا ہے اور تمام ملکوں اور تمام لوگوں میں انکو شہرت دی ہے اور ان کتابوں کو
اناس اجمعین - وارسلتها الی دیار بعیدة من العرب والعجم وغیرها لعل الطبائع الزائغة
یعنی دور دور کی ولایتوں میں بھیجا ہے جنمیں سے عرب اور عجم اور دوسرے ملک ہیں تا کہ کج طبیعتیں ان نصیحتوں سے
تکون مستقیمة بمواعظها ولعلها تکون صالحة لشکر الدولة وامتثالها وتقل غوائل
براہ راست آجائیں اور تا کہ وہ طبیعتیں اس گورنمنٹ کا شکر کرنے اور اسکی فرمانبرداری کے لئے صلاحیت پیدا کریں اور
المفسدین - ولعلهم یعلمون ان هذه الدولة محسنة الیهم فیحبونها طائعین - هذا
مفسدوں کی بلائیں کم ہو جائیں اور تا کہ وہ لوگ جانیں کہ یہ گورنمنٹ انکی محسن ہے اور محبت سے اسکی اطاعت کریں - یہہ میرا کام
عملی وهذه خدمتی والله یعلم نیتی وهو خیر المحاسبین - وما فعلت ذلک خوفا من هذه
اور یہہ میری خدمت ہے اور خدا میری نیت کو جانتا ہے - وہ سب سے بہتر محاسبہ کرنیوالا ہے اور میں نے یہہ کام گورنمنٹ سے ڈر کر نہیں کیا اور نہ اسکے
الدولة او طمعا فی انعامها واکرامها بل فعلت ذلک لله وامتثالا لامر خاتم النبیین - فان
کسی انعام کا امیدوار ہو کر کیا ہے بلکہ یہ کام محض لله اور نبی صلے الله علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق کیا ہے کیونکہ ہمارے
نبینا وسیدنا ومولانا حبیب الله وخلیله محمد المصطفی صلعم قد امرنا ان نثنی علی
نبی اور ہمارے سردار اور ہمارے مولا نے جو خدا کا پیارا اور اس کا دوست محمد مصطفے صلی الله علیہ وسلم ہے ہمیں یہہ حکم دیا ہے کہ ہم انکی تعریف
المنعمین ونشکر [illegible] - فوجب [illegible] لذلک شکرها ونصرتها ما استطعت وبثثت منها
کریں جنکو ہم پر نعمت ہے [illegible] اسلئے میں نے اس گورنمنٹ کا شکر کیا اور جہاں تک بن پڑا اسکی مدد کی
واشعته فی کل بلدة من ملکها المعمورة الی بلاد العرب والروم وحثثت الناس علی طاعتها
اور اس کے [illegible] عرب اور روم تک شایع کیا اور لوگوں کو [illegible] کہ تا اسکی فرمانبرداری [illegible]
ومن کان فی شک فلیرجع الی کتابی البراهین - وان لم یکف لشکه فلینظر کتابی التبلیغ
اور جسکو شک ہو وہ میری کتاب براہین احمدیہ کی طرف رجوع کرے اور اگر وہ اسکے شک کے دور کرنیکے لئے [illegible]

وان لم يطمئن فليقرء كتابي الحمامة وان بقي معه ذالك شك فليفكر في كتابي الشهادة

اور اگر اس سے بھی مطمئن نہ ہو تو پھر میری کتاب حمامة البشریٰ کو پڑھے اور اگر پھر بھی کچھ شک رہ جائے تو پھر میری کتاب شہادة القرآن میں

وليس حرام عليه ان ينظر في هذه الرسالة ايضاً ليتضح عليه كيف اعلنت بصوت عال في

غور کرے اور اس پر حرام نہیں ہے جو اس رسالہ کو بھی دیکھے تاکہ اس پر کھل جائے کہ میں کیونکر بلند آواز سے کہہ رہا ہوں کہ اس گورنمنٹ سے

منع الجهاد والخروج على هذه الدولة وتخطية المجاهدين —

جہاد حرام ہے اور جو لوگ ایسا خیال رکھتے ہیں وہ خطا پر ہیں —

فلو كنت عدواً لهذه الدولة لفعلت فعلاً خلاف ذلك وما ارسلت

پس اگر میں اس گورنمنٹ کا دشمن ہوتا تو میں ایسے کام کرتا جو میری اس کارروائی کے مخالف ہوتی اور کتابیں

هذه الكتب في هذه الاشتهارات الى ديار العرب وبلاد اسلامية وما قدمت قدمي

اور یہ اشتہار ملک عرب اور دوسرے بلاد اسلامیہ کی طرف روانہ نہ کرتا اور ان نصیحتوں کیلئے آگے قدم

لهذه النصائح فانظروا يا اولي الابصار لم فعلت هذه الافعال ولم ارسلت هذه الكتب التي

نہ اٹھاتا۔ پس اے آنکھوں والو! تم سوچ کر دیکھو کہ یہ کام کیوں کئے اور کیوں یہ کتابیں جن میں جہاد کی سخت

فيها منع شديد من الجهاد لهذه الدولة في ديار العرب في غيرها من البلاد كنت ارجو

ممانعت لکھی ہے ملک عرب اور دوسرے اسلامی ملکوں میں بھیجیں کیا میں ان تحریروں سے

انعاماً من سكان تلك البلاد او كنت اعلم انهم يرضون عني بسماع تلك الكلمات ويزيدون

ان لوگوں کے انعام کی امید رکھتا تھا یا میں یہ جانتا تھا کہ وہ ان باتوں سے مجھ سے خوش ہو جائیں گے اور دوستی

في الاخوة والاتحاد فان لم يكن لي غرض من هذه الاغراض بل كانت النتيجة البديهية سخط القوم

و برادری میں ترقی کریں گے سو اگر ان غرضوں میں سے کوئی غرض نہیں تھی بلکہ کھلا کھلا نتیجہ قوم کی ناراضگی تھی اور ان کی

ونفورهم عني وطعنهم بالالسنة الحداد فبعده اي شيء حملني على ذلك أكانت لنفسي فائدة اخرى

نفرت [illegible] اور [illegible] طعن تھے سو اس کے بعد کس غرض نے مجھ کو اس کام پر آمادہ کیا کیا میرے لئے ان کتابوں کی

ارسال تلك الكتب الى ديار ليست داخلة تحت الحكومة البريطانية بل هي ممالك الاسلام

[illegible] ان ملکوں میں بھیجنے میں جو حکومت انگریزی میں داخل نہیں تھے بلکہ وہ اسلامی ملک تھے اور ان کے

ولم يخطر ببالهم دون ذلك كما لا يخفى على الخواص والعوام فان كانت فائدة مخفية فليبين لي

خیال بھی [illegible] تھے کچھ فائدہ تھا اور اگر کوئی فائدہ پوشیدہ تھا تو ایسا شخص جو میرے پر بدظنی رکھتا اور اعتراض کرنے والا ہے اس فائدہ کو بیان کرے

من كان من المرتابين والمعترضين عليّ ان كان من الصادقين حاشا ما كانت فائدة من
اگر وہ سچا ہے تو سمجھو کہ بجز اظہار حق کے کوئی فائدہ نہیں تھا

غير اظهار الحق بل انی سمعت ان اقوالی هذه قد احفظت بعض العلماء وكفرونی كالجهلاء
بلکہ مینے سُنا ہے کہ یہ میری باتین اور یہ تحریرین بعض علماء کے غضبناک ہونے کا موجب ہوئین اور جہالت سے

فما باليتهم بعد تفهم الحق وانكشاف طرق الاهتداء ورئيت ان هذا هو الحق فبينتها ولو كان
مجھ کو کافر ٹھہرایا سو مینے حق کے سمجھنے کے بعد اور ہدایت کا رستہ کھلنے کے پیچھے انکی کچھ بھی پروانہ کی اور مینے دیکھا کہ یہی حق ہے سو مینے بیان

قومی كارهين۔ فاذا ثبت خلوصی الی هذا المقدار وبرهنت عليه بقدرٍ كاف
کر دیا اگرچہ میری قوم کراہت کرتی رہی۔ پس جبکہ میرا خلوص اس گورنمنٹ سے اسقدر ثابت ہوا اور مینے اس قدر دلایل سے اسکو ثابت کر دیا

لاولی الابصار فمن يظن ظن السوء فی امري بعد الا الذي خبث عرقه كالفجار
جو دانشمندون کے لئے کافی ہین پس جو شخص اسکے بعد میرے پر بدگمانی کرے ایسا آدمی بجز ناپاک فطرت اور بجز ایسے شخص کے جسکی

وتدرب بالشر واللذع والابر وسير الاشرار وترك سير الصالحين۔
عادت مین شرارت اور شرارت داخل ہے اور کون ہو در حقیقت یہ اسی کا کام ہے جو شرارت کو پسند کرتا اور نیکبختی کی راہ کو چھوڑتا ہے۔

وما كان تاليفي فی العربية الا لمثل هذه الاغراض العظيمة ولم يخل
اور میرا عربی کتابون کا تالیف کرنا انہیں عظیم الشان غرضون کے لئے تھا اور میری کتابین عرب

تنتاب العربيين كتبي حتی رئيت فيهم اثار التاثير وجاءنی بعض منهم وراسلنی بعض
کے لوگون کو برابر پے در پے پہنچتی رہین یہاں تک کہ مینے انہین تاثیر کے نشان پائے اور بعض عرب میرے پاس

وبعضهم هجّنوا وبعضهم صلحوا ووافقوا كالمسترشدين۔
آئے اور بعضون نے خط و کتابت کی اور بعضون نے بدگوئی کی اور بعض صلاحیت پر آگئے اور موافق ہو گئے جیسا کہ حق کے طالبون کا کام ہے۔

وانی صرفت زمانا طويلا فی هذه الامدادات حتی مضت عليّ احدی
اور مینے ان امدادون مین ایک زمانہ طویل صرف کیا ہے یہان تک کہ گیارہ برس انہین اشاعتون مین

عشر سنة فی شغل الاشاعات وما كنت من القاصرين۔ فلي ان ادعی التفرد فی
گذر گئے اور مینے کچھ کوتاہی نہین کی پس مین یہ دعوی کر سکتا ہون کہ مین ان

هذه الخدمات ولي ان اقول انی وحيد فی هذه التائيدات ولي ان اقول انی
خدمات مین یکتا ہون اور مین کہہ سکتا ہون کہ مین ان تائیدات مین یگانہ ہون اور مین کہہ سکتا ہون کہ مین

حرزًا لها وحصن حافظ من الآفات وبشّرني ربي وقال ما كان الله ليعذّبهم وأنت

اس گورنمنٹ کیلئے بطور ایک تعویذ کے ہوں اور بطور ایک پناہ کے ہوں جو آفتوں سے بچاوے اور خدا نے مجھے بشارت دی اور کہا کہ

فيهم فليس للدولة نظيري ومثيلي في نصري وعوني وستعلم الدولة إن كانت

کہ خدا ایسا نہیں کہ انکو دکھ پہنچاوے اور تو انمیں ہو پس اس گورنمنٹ کی خیر خواہی اور مدد میں کوئی دوسرا شخص میری نظیر

من المتوسّمين۔

اور مثیل نہیں اور عنقریب یہ گورنمنٹ جان لیگی اگر مردم شناسی کا اسمیں مادہ ہے۔

وأما الذين دخلوا في الملة النصرانية تاركين دين الإسلام وباعدتهم

مگر وہ لوگ جو عیسائی دین میں داخل ہوئے اور دین اسلام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ دیا سو ہم انکو ایسے

عن ظل خير الأنام فما نجدهم قائمين لخدمة الدولة والمخلصين لهذه الحضرة بل نجدهم

نہیں دیکھتے کہ سرکار انگریزی کی کچھ خدمت کرتے ہوں یا مخلص ہوں بلکہ ہم تو دیکھتے ہیں کہ وہ مداہنہ

مداهنين منافقين۔ وما دخلوا أكثرهم في دينهم إلا ليستطبّوا لوجع الجوع وليفعموا

اور نفاق سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ اور اکثر لوگ دین عیسائی میں محض اسی لئے داخل ہوئے ہیں تا اپنی درد گرسنگی کا علاج

كأس الولوع فسيبتسرون ذات بكرة إذا رأوا أنهم أخرجوا من روض الرتوع ويعجبون

کریں اور اپنے حرص کے پیالوں کو لبالب بھر دیں سو کسی صبح یہ لوگ ترش ترش ہو جائیں گے جبکہ دیکھیں گے کہ چراگاہ

الناس من وشك الرجوع ونحن نراهم منذ أعوام مناجين للإخفار كالشام ولا نجد فيهم

سے نکالے گئے اور لوگوں کو اپنے جلد پھرنے سے تعجب میں ڈالیں گے اور ہم تو انکو کئی برسوں سے دیکھ رہے ہیں

شيئا من الأوصاف إلا عشق الصُّعُف والصحاف وإلف الجيفة كالغداف وما نجدهم

کہ وہ اپنا مذہبی قول و اقرار توڑنے کو تیار ہیں اور ہم انمیں بجز اسکے کوئی خوبی نہیں پاتے کہ وہ شراب اور خوش مزہ کھانوں کے پیالوں

إلا مترفين۔ وستعلم الدولة البريطانية كم منهم من المخلصين الصادقين۔ وإنّا

میں بھرے ہوئے ہوں عاشق ہیں اور دنیا کے مردار کے ایسے دوست ہیں جیسے کوّا اور ہم انکو جانتے ہیں کہ دنیاوی نفسوں نے انکو بے راہ کر دیا اور عنقریب گورنمنٹ

نشاهد بأعيننا أن أكثرهم قد خرجوا من الإسلام ودخلوا في النصارى من التكاليف

انگریزی جان لیگی کہ کس قدر انمیں مخلص صادق ہیں۔ اور بخدا ہم اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر رہے ہیں کہ اکثر انمیں سے محض تکالیف نفسانیہ

النفسانية وأثقال الدين ولهيب الأجواف وكان المسلمون مطّلعين على عرّهم وشرّهم

اور قرض کے بوجھ اور پیٹ اور عضو نہانی کی سوزشوں کی وجہ سے اسلام سے خارج اور نصاریٰ میں داخل

فما بالوهم لاطلاعهم على سبب مفرّهم فتوجهت هذه الطائفة الى قسّيسين بما ردوا بصيص

ہوئے اور مسلمان لوگ انکی حرص کی خارش اور انکی شرارتوں سے مطلع تھے پس انہوں نے کچھ پروا نہ کی سو یہ لوگ پادریوں کیطرف متوجہ

اقبالهم وزينة دنياهم وكثرت مالهم و معدّ لك وجدوهم غافلين عن مقاصدهم مختفي وحسبوا الاديار بقعة النوى

ہوئے کیونکہ انہوں نے انکے اقبال کی چمک دیکھی اور انکی زینت دنیا اور کثرت مال کا ملاحظہ کیا اور پایا انہیں انکو اپنے اصلی مقاصد غافل

فتمايلوا عليها خادعين۔ وما كان للمسلمي ديارنا ان يربوا تلك الكسالى ويكفلوهم في

ایسا کہ جیسے احمق ہوتے ہیں اور سو انہوں نے گرجاؤں کو ایک بیوقوف لوگوں کا مکان سمجھ لیا سو وہ انکی طرف دھوکا دینے کی نیت سے جھک پڑے اور ہمارے ملک کے

مآكلهم ومشاربهم ولبوسهم ويتركوهم معذورين مستريحين كالحبالى ويحملوا نفقاتهم

مسلمان ایسے سست اور کاہل لوگوں کی پرورش نہیں کر سکتے تھے اور یہ نہیں ہو سکتا تھا کہ انکے کھانے پینے اور پہننے کے مصارف اپنے ذمہ اٹھا لیں اور انکو

على انفسهم ويتركوهم ليأكلوا ويتمتعوا فارغين۔ فان للمسلمين قوم ضعفاء معسرين

حاملہ عورتوں کیطرح معذور سمجھ کر آرام کرنے دیں اور تمام خرچ انکے اپنے ذمہ کر لیں اور ان کو صرف کھانے پینے کیلئے فارغ چھوڑ دیں کیونکہ مسلمان

ولا يفضل عنهم ما يصرفون الى غيرهم فمن اين كيف يفعمون وعاء البطالين۔ فلما رأوا ان

ایک ناتوان اور تنگدست قوم ہے اور انکے مالوں میں اس قدر بچت نہیں ہوتی جو کسی دوسرے کو دیں پھر کہاں سے اور کیونکر انکی لوگوں کے برتن بھر سکیں مرتدوں

اهل الاسلام لايحملون اثقالهم ولا يبالون افلالهم توجّهوا الى قسّيسين مصطادين۔

نے جب دیکھا کہ مسلمان ان کے بوجھوں کو اٹھا نہیں سکتے اور فقر و فاقہ کی پروا نہیں رکھتے تو شکار ڈھونڈتے ہوئے پادریوں کیطرف متوجہ

فاجتمعوا في الكنائس من داء الذئب والخوى المذيب طمعا في اموالهم و

سو گرجاؤں میں بھوکہ کیوجہ سے جو گلاتی جاتی تھی جمع ہوئے اور یہ سب کچھ انکے مالوں

طمعًا لاقبالهم واخذوا يسترونهم باغلاظ الكلام في شان خير الانام ويطردون في

کی لالچ اور انکے اقبال پر نظر ڈالنے سے ظہور میں آیا اور پھر انہوں نے شروع کیا کہ آنحضرت خیر الانام کے حق میں سخت اور گندے اور درشت

التوهينات واختراع الاعتراضات ليروهم انهم متنفرين من الاسلام وفي التنصر متشددين

کلمے استعمال کر کے پادریوں کو خوش کرنے اور نئے نئے قسم کی اہانتیں اور اختراع اور اعتراض انکے لئے بناتے تا انکو دکھلا دیں کہ وہ

وليحصل لهم قربتهم بوسيلتها وليقضوا اوطارهم بتوسطها ويكونوا في اعينهم صالحين

اسلام سے متنفر اور عیسائی مذہب میں پکے ہیں اور تا کہ ان بے ادبی کی باتوں سے انکے خاص مصاحب بنجائیں اور انکی توسط سے اپنی حاجتیں

متصلين وكذلك صابت سهامهم وحصل مرامهم فترى كيف صطادوا اكابرهم

پوری کریں اور انکی آنکھوں میں پرہیزگار اور صالح دکھائی دیں اسیطرح ان مرتدوں کے تیر نشانوں پر لگے اور انکی مرادیں برآئیں پس تو دیکھتا ہے کہ کیونکر

ونهبوا اموالهم وختلوا اجهالهم فاحبوهم واحسنوا اليهم كانهم فوج المتقين - وفرضوا لهم

اور کیونکر اُنکے جاہلون کو دہوکے دئے سو وہ ان سے پیار کرنے لگے اور اُنپر احسان کئے گویا یہ ایک پرہیزگار و نکی فوج ہے اور ان کے لئے

في صدقاتهم حصة وجعلوا لهم وظائف فيأخذ كل احد منها و يأكلها بطالا ضجعة نومه

اپنے خیراتی مالون مین حصے ٹہرا دئے اور وظیفے مقرر کر دئے پس ہر ایک کر شتان اُن مین سے لیتا ہے اور محض نکما لیٹے سوتے اس مال

وترى هم كيف يبخترون بالارتداد كتبختر المطلق من الاسار و يهتزون هزة المو...

کو کہاتا ہے اور تو دیکہتا ہے کہ کیونکر مرتد ہونیکی حالتمین وہ لٹکتے پہرتے ہین جیسے قیدی قید چہوڑکر لٹکتا ہوا چلتا ہے اور ایسی خوشی کر رہے ہین جیسے

بعد الاعسار و يتلفون اموال الناس متنعمين - فليت شعري لو بُنيت من هذه

وہ شخص خوش ہوتا ہے جو تنگی کے بعد فراخی دیکہتا ہے اور لوگون کا مال عیاشی مین اُڑا رہے ہین - کاش اس مال سے جو ناپاک لوگون کی عیاشی کے لئے

الاموال التي تسكب كالماء في تنعمات السفهاء جسر للعابرين او خان للمسافرين

پانی کیطرح بہایا جاتا ہے کوئی پل دریا کے عبور کرنیوالون کے لئے بنایا جاتا یا مسافرون کے لئے کوئی سرا طیار

لكان خيرا واولى وانفع للناس من ان يبذل على هذه الطائفة مظاهر الخناس التي

کیجاتی ہے تو بہت ہی مناسب اور بہتر اور خلق اللہ کے نفع کا موجب تہا بہ نسبت اسکے کہ اس طائفہ شیطان کے اوتار پر یہ مال

ابتلعت نفائس اموال الناس في الخضم والقضم وما مسّهم فكر الدنيا ولا فكر الاخرة

خرچ ہوتا ایسا طائفہ جسنے کہانے چبانے مین لوگون کے نفیس اور عمدہ مالون کو ناحق کہو دیا اور انکو دنیا اور آخرت کا فکر

وما اخرجهم من الاسلام الا اسباب معدودة واكبرها كثرة الحمق وقلة التدبر ثم معذلك

چہو بہی نہین گیا اور اُن کے دین اسلام سے مرتد ہونیکا بڑا باعث کثرت حمق اور قلت تدبر ہے اور پہر باوجود اس کے

سبب ارتداد الاكثر منهم اضطرام الاحشاء والاضطرار الى العشاء وشح مطائب الطعام

انہین اکثر مرتد ہونیکا سبب بہوک کی آگ کا بہڑک اُٹہنا ہے اور رات کی روٹی کے لئے بیقرار ہونا اور اچہے اچہے کہانون کے

وحوص كاس المدام والرغبة في الغيد والتوق الى الاغاريد والميل الى معادات الغادات

لالچ اور شراب کی حرص اور نازک اندام عورتون کی رغبت اور سرود کے شوق اور لطیف بدن عورتون کو دیکہنے کیلئے صبح کو جانا اور گانا بجانے

ومقانات القينات وغيرها من الهنات - فسقطوا لاجل ذلك على الدنيا بالقلب

والی عورتون سے میل ملاپ رکہنا اور ایسا ہی اور بری خصلتین پس وہ اسی سبب لالچ سے بہرے ہوئے دل کے ساتہہ دنیا پر گرے جیسے

الشجيع كالذباب على المخاط والقيح وكانوا من العقبى غافلين - ما بقي لهم شغل من غير شرب

مکہی پیپ اور رینٹھ پر گرتی ہے اور عاقبت سے بالکل غافل رہے اور انکو بجز اسکے اور کوئی شغل نہین رہا کہ شراب پیوین

الصهباء واسبال ثياب الخيلاء واكل الخبز السميذ وملاء قرب البطون بكاس النبيذ

اور ناز نخرے کے ساتھ لٹکتے ہوئے کپڑے پہنین اور میدہ کی روٹی کہاوین اور پیٹ کی مشک کو شراب کے پیالون سے

وتوهين المقدسين - ارى المدام سكنهم والغبوق خدينهم والبطن دينهم ونسوا

ساتھ بہرین اور پاک لوگونکی توہین کرتے رہین مین دیکھتا ہون کہ دوست آرام وہ انکا خمر ہے اور آدہی رات کی شراب انکا دلی اور انکو دین فی

عظمة الله مجترئين-

یار ہی اور پیٹ انکا دین ہوا اور آنہون نے خدا تعالی کی عظمتون کو دلیری کو بہلا دیا ہے-

لا تحامى لسنتهم من الزور والدجل والمين ولا يتقون درن الكذب والشين

انکی زبانین جہوٹ اور دجالیت اور دروغگوئی سے پرہیز نہین کرتین اور نہ دروغ گوئی کے میل سے بچنا چاہتے ہین-

هذه اعمالهم ثم يسبون المعصومين - نسوا الآخرة وفرغوا من همها بما غرهم

یہ انکے عمل ہین پہر معصومون کو گالیان نکالتے ہین آخرت کو بہلا دیا اور کفارہ کے دہوکے سے معاد کی فکر سے فارغ

الكفارة وغلبت عليهم النفس الامارة يأكلون ما يشاؤن ويقولون ما يريدون ولا يعرفون

ہو بیٹھے اور نفس امارہ انپر غالب آ گیا جو چاہتے ہین کہاتے ہین اور جو دل مین آتا ہے بول اٹھتے ہین انصاف کی

اوصاف الانصاف ويرتضعون اخلاف الخلاف وما حملهم على ذلك الا النفس التي

صفتون سے ناآشنا اور مخالفت کی چہاتیان کا دودہ پی رہے ہین اور اس مخالفت پر کسی اور بات نے انکو آمادہ نہین

كانت خليع الرسن مد يد الوسن فمالوا عن الحق الى الباطل وتركوا اصحاب اليمين

کیا بجز ان کے نفس کے جو کہلی رسی والا اور دراز خواب والا ہے سو وہ حق کو چہوڑ کر باطل کیطرف جہک گئے اور داہنے ہاتھ کیطرف والونکو

لم لا ينهاهم اكابرهم عن المنكرات ولم لا يمنعونهم عن نقل الخطوات الى خطط الخطيئات

چہوڑ دیا - انکے اکابر کیون انکو بری باتون سے منع نہین کرتے اور کیون انکو گناہ کیطرف قدم اٹہانے سے منع نہین فرماتے اور کیون انکو

ولم يتركونهم فارغين - فعندي من الواجبات ان تكتب عليهم خدمات تناسب قوم

فارغ بیٹہار کہا ہے سو میرے نزدیک واجبات سے ہے کہ کچھ ایسی خدمات انپر مقرر کیجائین جو قوم اور پیشہ کے لحاظ سے انکے

كل احد وحرفته كل احد فليعط للنجار فاسًا وللطارق النقاش منجاجًا فاسا وللحجام

مناسب حال ہون پس چاہئے کہ نجار کو تو تیشہ دیا جائے اور ٹہپنے کے لئے ایک مضبوط ڈنکی (پنجن) اور نائی کو

مشرطا وموسى وللعصار معصرة عظمى الكي يشتغل كل احد منهم بما هو اهله ويمتنع

نشتر اور استرا اور تیلی کو ایک بڑا سا کولہو سپرد ہو تاکہ ہر ایک شخص ان مین سے اس کام مین مشغول ہو جسکا وہ اہل ہے

من كل فضول ولغو وتأثيم ولكي يستريح الخلق من شرهم وعباد الله من أذاهم وفي ذلك

اور تا کہ اس انتظام سے ہر ایک نہیں سے فضول گوئی اور بیہودہ اور گناہ کی باتوں سے رک جائیں تا کہ خلق اللہ اور خدا تعالیٰ کے بندوں کو

نفع عظيم لاكابرهم المغبونين —

انکی شرارت اور ایذا سے راحت حاصل ہو اور اس انتظام میں انکے اکابر کو جو زیان رسیدہ ہیں بہت ہی نفع ہے -

وامّا هذا الرجل الذي صال عليّ فما صال الا لحاجة الجأته

اور یہ آدمی جس نے مجھ پر حملہ کیا سو اس نے صرف اس اضطرار کی وجہ سے حملہ کیا ہے جو اسکو پیش آئے

الى ذلك وهو انه عجز عن جواب سوالات قد اوردناها عليه وعلى رفقائه في مباحثة

اور وہ یہ ہے کہ وہ اُن سوالات کے جواب دینے سے عاجز ہو گیا جو ہم نے ایک مباحثہ میں جو انہیں اور ہم میں تھا

كانت بيننا وبينهم وتبيّن انهم على الباطل وفي ضلال مبين - فتندّم غاية التندّم

اُس پر اور اسکے رفیقوں پر کئے تھے اور کھل گیا کہ وہ لوگ باطل اور کھلی کھلی گمراہی میں ہیں - پس یہ شخص نہایت ہی شرمندہ ہوا اور

واضطر كمذبوح واعتاص الامر عليه فما رأى طريقا يرضي به قومه الا طريق البهتانات

ایسا بیقرار ہوا جیسا کہ کوئی ذبح کیا جاتا ہے اور اسپر کام مشکل ہو گیا پس اسکو کوئی ایسا راہ نہ مل سکا جس سے وہ اپنی قوم کو راضی کر سکتا مگر

فاختارها ليستر عواره بتلك المفتريات فأشرب في قلبه ان يستمد بوشاياه (دروغ آراستہ ۱۲) من اهل الحكومة

ایک بہتان کا طریق کھلا تھا سو اسکو اس نے اختیار کر لیا تا وہ اُن مفتریات سے اپنی پردہ پوشی کرے سو اسکے دل میں یہ خیال پڑ گیا کہ سرکار انگریزی

والولاية ويريش بكلمات الشر نبل السعاية لعلهم يصلبونني او يقتلونني ويعلوا امر قوم

کے حکام اور اہل حکومت سے بذریعہ اپنی جھوٹی مخبری کے اس کام میں مدد لیوے اور اپنی سخن چینی کے تیر سے شرارت کی باتوں کو

متنصّرين - فمنشاء تحريراته هذه الخطرات المنسوجات لا غيرها وما اختار هذا

پر لگا دے تا کہ حکام مجھ کو پھانسی دیدیں یا قتل کر دیں اور اسطرح سے کرسٹان لوگ غالب آجائیں - سو اصل موجب اسکی تحریرات کا یہی دلی منصوبے ہیں کوئی اور سبب نہیں اور اس نے

الا لعدم علمه بمراحم الدولة علينا وحقوق مخزونة لديها ولدينا وقد تهادينا بامور

اس راہ کو محض اس سبب سے اختیار کیا ہے کہ اسکو معلوم نہیں کہ اس گورنمنٹ کی کیسی مہربانیاں ہم پر ہیں اور کیسے باہمی حق اُنکے پاس اور ہمارے پاس ہیں اور ہم نے

تزيد الوفاق وتخرج من القلوب النفاق فليس على سمائنا الغمام (ابر) ليعزوه الى خلام النمام

ایسے امور ایک دوسرے کو بطور ہدیہ دئے ہیں جو موافقت کو زیادہ کرتے ہیں اور نفاق کو دور کرتے ہیں سو ہمارے آسمان پر کوئی بادل نہیں تا کوئی نکتہ چین اسکو

وليس في كنانتنا مرماة واحدة لنفاف المناضلين - وما رأى هذا المتجنّي الغبيّ ان الدولة

اندھیرے کی طرف منسوب کرے اور ہمارے ترکش میں صرف ایک ہی تیر نہیں تا ہم مخالف تیر اندازوں سے لڑیں - اور اس خطا جو غبی نے یہ بھی نہ سوچا کہ سرکار انگریزی

البرطانية فهيمة مدبرة تعرف كل كلمة وما تحتها وتفهم كل افتراء واهله ولا تتبع راي
ایک فہیم اور مدبر گورنمنٹ ہے ایسی کہ ہر یک کلمہ کو اور جو کچھ اسکے نیچے ہے پہچان لیتی ہے اور ہر یک افترا اور اسکے اہل کو سمجھ جاتی ہے

كل قتات ضنين۔ فما كان لاحد ان يدلى بغرور هذه الدولة او يخدعها فانها تعرف
اور ہر یک نکتہ چین بخیل کی رائے کے پیچھے نہیں لگ جاتی پس کوئی شخص اس گورنمنٹ کو دھوکا اور فریب نہیں دیسکتا کیونکہ وہ

الخائن القتات والدخل الكاذب المفتلت ولا تشتغل كالمخدوعين۔ بل تهجم عقابها على
خیانت پیشہ نکتہ چین کو اور ایسے کو جو دخل بیجا دینے والا جھوٹا اور جھوٹی مخبری کرنیوالا ہو خوب پہچانتی ہے اور دھوکا کھانیوالوں کیطرح نہیں بہکتی

المفترين۔ وتحلق الى الذين يسطون على الضعفاء ولا يترك سير الظالمين ۔
عقوبت مفتری کو یکدفعہ پکڑ لیتی ہے اور آنکی نظر عتاب انکیطرف متوجہ ہوتی ہے جو ضعیفوں پر حملہ کرتے ہیں اور ظالموں کی خصلت کو نہیں چھوڑتی

فالحجة التي تبرءنا من وشاية هذا الرجل وتنقذنا من ابرامه وتبعد عليه نيل مرامه فهو
پس وہ حجت جو اس شخص کی مخالفانہ مخبری سے ہمکو بری کرتی اور اسکی مطلوبی فریب سے ہمکو نجات دیتی ہے اور اسکو اپنے مقصود سے ناکام کرتی

ماذكرنا آنفا والله يعلم انا نحن براء من هذه البهتانات بل نحن مستحقون ان تسبغ الدولة
ہے سو وہی دلائل بریت ہیں جو ہم ابھی لکھ چکے ہیں اور خدا تعالی جانتا ہے جو ہم ان عجیب الزاموں سے بری ہیں بلکہ اس بات کے مستحق ہیں جو سرکار انگریزی

علينا من اعظم العطيات وتجزيه جزاء خيرا بمزاياها وتعيننا عند الضرورات وتحسبنا
اپنے کامل انعام سے ہمکو متمتع فرماوے اور ہمارے نیک کام کی جزا بہتر کر دیوے اور ضرورتوں کیوقت ہماری مدد کرے اور ہمیں اپنے احسان کرنیوالوں

من المحسنين۔ هذا هو الامر الذي ليس فيه تفاوت مثقال ذرة ويعلمه العالمون ولكن
میں سے خیال کرے   یہ وہ بات ہے جسمیں ایک ذرہ کے برابر فرق نہیں اور جاننے والے اُس کو جانتے ہیں مگر ہمارے پاس

ليس عندنا علاج الواشي الوقيح والزمع المضيع وقد قلنا كلما هو مدحرة الكاذبين ۔
ایسے شخص کا علاج نہیں جو نکتہ چین بے حیا اور سفلہ اور عیب ڈھونڈھنے والا ہو ہم وہ سب باتیں کہہ چکے ہیں جو ان جھوٹوں کا رد ہے۔

واما ثناء هذا الرجل على الشيخ البطالوي اعني صاحب جريدة الاشاعة
اور جو اس شخص نے شیخ بٹالوی کی تعریف   لکھی ہے یعنے محمد حسین صاحب رسالہ اشاعۃ السنہ

محمد حسين وقوله انه نعم الرجل ويستحق التحسين۔ فما نفهم سر هذا الامر ونتعجب غاية التعجب
کی اور کہا کہ یہ شخص اچھا آدمی اور قابل تحسین ہے۔ سو ہم اس بات کا بھید نہیں سمجھتے اور ہم نہایت متعجب ہیں کہ کس

كيف اثنى عليه الرجل الذي يسب رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا يرضى عن مومن الذي يحب رسول الله
طرح محمد حسین کی ایسے شخص نے تعریف کی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے اور کسی ایسے مومن سے راضی نہیں جو محب رسول

ويشتم نبينا وسيدنا صلے الله عليه وسلم بكلمات ترتجف منها قلوب المسلمين ـ وما ننكر
اور ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو ایسے کلموں کے ساتھ گالیاں نکالتا ہے جس سے مسلمانوں کے دل کانپ جاتے ہیں

هذا الثناء لعل البطالوي يكون عند المتنصرين هكذا ولعله نطق بكلمة سرت اعداء
اور ہم تعریف سے انکار نہیں کرتے شاید شیخ بٹالوی کرشانوں کی نظر میں ایسا ہی ہو اور شاید وہ کوئی ایسا کلمہ بول اٹھا ہے جو دشمنان

رسول الله ولكنا ما نرى ان نتكلم في هذا ولا نطول الكلام فيه وكل احد يوخذ بقوله
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اچھا معلوم ہوا لیکن ہم مناسب نہیں دیکھتے جو اس بارہ میں کلام کریں اور اس امر میں ہم کلام کو طول دینا نہیں چاہتے

والله يرى عباده الصالحين والطالحين ـ
اور ہر یک اپنے قول سے پکڑا جائیگا اور خدا تعالیٰ نیک بختوں اور بدبختوں کو دیکھ رہا ہے ـ

واما قول هذا الواشي وزعمه كاني اريد ملكوتا في الارض او امارة
اور اس نکتہ چین کا یہ قول اور یہ گمان کہ گویا میں دنیا کی بادشاہت چاہتا ہوں یا اپنی قوم میں امیر

في القوم فان هي الا افتراء مبين ـ ونشهد كل من يسمع انا لسنا طالبي ملكوت الارض
بننے کی مجھے خواہش ہے سو یہ باتیں کھلا کھلا افترا ہے ـ اور ہم ہر یک کو جو سننے والا ہے گواہ کرتے ہیں جو ہم دنیا کی بادشاہت کے طالب نہیں

ولا نريد امارة هذه الدنيا وزينتها الفانية ان نريد الا ملكوت السماء التي لا تنفد ولا تفنى
اور نہ ہم دنیا کی امیری کو چاہتے ہیں اور نہ ہم اس فانی کی زینت کے خواہشمند ہیں ہم صرف اس آسمانی بادشاہت کو چاہتے ہیں جسکا انجام نہیں

ولا تنقضي بالموت ولا نطلب قهر الناس بالحكومة والسياسة والقضاء بل نطلب عزيمة
اور نہ کبھی وہ زوال پذیر ہے اور نہ مرنے سے دور ہو سکتی ہے اور ہم نہیں چاہتے کہ حکومت اور سیاست اور فرمان روائی کے ساتھ لوگوں کو مغلوب

قاهرة الاهواء في الرضاء المولى الذي هو احكم الحاكمين ـ وليس اصولنا اشاعة الفساد
کریں بلکہ ہم ایسے عزم کے طالب ہیں جو رضائے مولیٰ احکم الحاکمین کیلئے نفسانی جذبات پر غالب ہو اور ہمارا یہ اصول نہیں کہ ہم فساد

والطلاح والتبار بل ندعو الى الصلح والصلاح وطريق الابرار ونريد ان يتوب الخلق توبة
اور بدبختی اور ہلاکت کی راہوں کی اشاعت کریں بلکہ ہم ان لوگوں کو صلح اور نیکی اور نیکوکاروں کے طریق کیطرف بلاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ لوگ

الاخيار واعظم مدعانا ان يطلب الناس حقيقة الايمان ويرغبوا الى فهم دقايق العرفان
ایسی توبہ کریں جسطرح نیک لوگ توبہ کرتے ہیں اور ہمارا بڑا مدعا یہی ہے کہ لوگ ایمان کی حقیقت کو ڈھونڈیں اور دقائق عرفان کیطرف رغبت کریں

ويكثر التراحم والتحنن فيهم وينتهون السيئات وانواع الهنات فنجتهد لتحصيل
اور باہم رحم اور مہربانی انہیں زیادہ ہو جائے اور بدیوں اور بدکاریوں سے رک جائیں سو ہم اسی مقصد کے حاصل کرنے کے لئے

هذا المقصد بالمواعظ الحسنة والدعاء والنظر والهمّة هذه اصولنا فمن عزا الینا خلاف

مواعظ حسنہ اور دعا اور نظر اور ہمت کے ساتھ کوشش کر رہے ہین یہ ہمارا اصول ہے پس جو شخص اسکے برخلاف

ذٰلك فقد افترٰى علینا وما اقامنا علٰی هذا الا الربّ الذی یرسل نوره عند غلبة الظلام

ہماری طرف کوئی بات نسبت کرے سو اُسنے ہمپر افترا کیا اور ہمین اسبات پر صرف اللہ تعالےٰ نے قایم کیا ہے وہ خدا جو اندہیری کیوقت

ویبدی دواءً عند کثرة السقام وینجی عباده المضطرین - ولا شك ان الفتن قد کثرت

اپنا نور بہیجتا ہے اور بیماری کی کثرت کیوقت دوا ظاہر کرتا ہے اور اپنے بندونکو بیقراری کی حالتین بچا لیتا ہے - اور کچھ شک نہین کہ فتنے زمین مین

فی الارض وصعدت الادخنة الی السماء وهبّت ریاح مفسدة مبیدة من کل طرف

پر بہت بڑھ گئے ہین اور بہت سے دُخان آسمان کیطرف چڑھے ہین اور بگاڑنیوالی اور ہلاک کرنیوالی ہوائین ہر ایک طرف و ہر ایک

الی اقصی الارجاء ولو فصّلنا هذه الفتن کلها لاحتجنا الی المجلدات وابکینا کثیرا من الباکین

ناحیہ سے چلی ہین اگر ہم ان تمام فتنون کی تفصیل کرنا چاہین تو ہمین کئی کتابین لکھنے کیطرف حاجت پڑیگی اور ہم

والباکیات وزلزلنا اقدام السامعین - وانتم تعلمون ان لکل داء دواءً ولکل ظلام

کئی مردون اور عورتون کو رلائین گے اور سننے والون کو قدم ہلائین گے اور آپ جانتے ہین کہ ہر ایک بیماری کی ایک دوا اور ہر ایک اندہیری

ضیاءً فاراد ربی ان ینیر الدنیا بعد ظلماتها والله یفعل ما یشاء اءنتم تنکرونه یا معشر

کیواسطے روشنی ہے سو میرے پروردگار نے ارادہ کیا کہ دُنیا کو اندہیری کے بعد روشن کرے کیا اے عقلمندو تمہین اس سے

العاقلین - ومع ذٰلك لسنا نمیس کالامراء بل نحن نمشی فی الطمر کالفقراء ولا نجرّ ثوب الخیلاء

کچھ انکار ہے اور باوجود اس کے ہم امیرون کیطرح ناز سے نہین چلتے بلکہ ہم فقیرون کیطرح پھٹے پرانے کپڑون مین

ونشکر القیصرة وحکامها علی ما احسنوا الینا فی ایّام الضرّاء وندعو لها صدقًا وحقًا

چلتے ہین اور رعونت کے کپڑے ہم لٹکانا نہین چاہتے اور قیصرہ اور اُسکے حکام کا اُنکے اِن احسانون کیوجہ سے شکر کرتے ہین جو سختی کے زمانون

ونرسل الیها هدیة الدعاء وندعوها بقول لیّن الی الاسلام لتدخل فی نعماء

مین ہمنے دیکھے ہین اور قیصرہ کیلئے ہم صدق دل سے دعا کرتے ہین اور دعا کا ہدیہ اسکو بہیجتے ہین مگر یہ بات ہے کہ ہم اُسکے مذہب پر راضی نہین ہین اور ہم جانتے

ابد الآبدین بید اننا لا نرضی بمذهبها ونحسبها من الخاطئین الضالین ونعجب انها مع کمال حزم

ہین کہ وہ خطا کارون اور گمراہون کا مذہب ہے اور ہم ادب اور نرمی سے اُسکو اسلام کیطرف بلاتے ہین تاکہ وہ ہمیشہ کی نعمتون مین داخل ہو جاوے اور ہمین تعجب ہے

ولطافت فهمها فی امور الدنیا تعبد عبدًا عاجزًا وتحسبه ربّ العالمین - سبحانه لا شریك له

کہ ملکہ کو باوجود اس قدر ہشیاری اور لطافت فہم کے جو اسکو امور دُنیا مین حاصل ہے ایک عاجز بندہ کی پرستش کر رہی اور اسکو اپنا رب سمجھا حالانکہ وہ حقیقی

وان شاء لخلق الوفا مثل عیسیٰ او اکبر وافضل منہ ویخلق ومن یعلم اسرارہ فتوبوا واتقوا

اسکا کوئی شریک نہین اگر چاہے تو ہزارون عیسیٰ بلکہ اُس سے افضل تھا علی پیدا کر دے اور پیدا کر سکتا ہے اور اُسکے بھید وںکو کون جانتا

ان تجعلوا لہ شرکاء واٰتوہ مسلمین - وکیف نظن ان عیسیٰ ھو اللہ وما قرئنا فلسفۃ تثبت

ہے پس ان باتون سے توبہ کرو کہ اُسکا کوئی شریک ٹھہراؤ اور اُسکے فرمانبردار بن جاؤ اور کس طرح ہم گمان کرین کہ عیسیٰ ہی خدا ہے اور ہمنے

منہا ان رجلا کان یاکل ویشرب ویبول ویتغوط وینام ویمرض ولا یعلم الغیب ولا یقدر

تو کوئی ایسا فلسفہ نہین پڑھا جس سے یہ ثابت ہو کہ ایک آدمی کھاتا پیتا بول کرتا پاخانے جاتا سوتا بیمار رہتا اور علم غیب سے بےبہرہ اور

علے دفع الاعداء ودعا لنفسہ عند مصیبۃ مبتہلا متضرعا من اول اللیل الی اخرہ

دشمنون کو دفع کرنیسے عاجز ہو اور مصیبت کے وقت شام سے صبح تک دعا کرے وہ دعا بھی قبول نہ ہو اور

فما اجیبت دعوتہ وما شاء اللہ ان یوافق ارادتہ بارادتہ وقادہ الشیطان الی جبل

خدا تعالیٰ نہ چاہے کہ اپنے ارادہ کو اُسکے ارادہ سے متحد کرے اور شیطان اُسکو ایک پہاڑ کیطرف

فاتبعہ فما استطاع ان یفارقہ ومات قائلا ایلی ایلی لما سبقتنی ومع ذلک الہ وابن الہ

کھینچ لیجائے اور وہ اُسکو روک نہ سکے اور اُسکے پیچھے چلا جائے اور یہ کہتا کہتا مر گیا ہو کہ اے میری خدا اے میری خدا تو نے مجھے کیون چھوڑ دیا

سبحانہ ان ھذا الا بھتان مبین -

اور باوجود ان سب نقصانون کے خدا بھی ہو اور خدا کا بیٹا بھی - اللہ جلشانہ ان عیبون سے پاک ہے اور یہ صریح بہتان ہے -

وانی رئیت عیسیٰ علیہ السلام مرارا فی المنام ومرارا فی الحالۃ الکشفیۃ

اور مینے بارہا عیسیٰ علیہ السلام کو خواب مین دیکھا اور بارہا کشفی حالتمین ملاقات ہوئی اور ایک ہی

وقد اکل معی علے مائدۃ واحدۃ ورئیتہ مرۃ واستفسرتہ ما وقع قومہ فیہ فاستوی علیہ

خوان مین میرے ساتھ اُسنے کھایا اور ایک دفعہ مینے اُسکو دیکھا اور اُس فتنہ کے بارے مین پوچھا جسمین اُسکی قوم مبتلا ہو گئی ہے پس اُسپر

الدھش وذکر عظمۃ اللہ وطفق یسبح ویقدس واشار الی الارض وقال انما انا ترابی وبری

دہشت غالب ہو گئی اور خدا تعالیٰ کی عظمت کا اُسنے ذکر کیا اور اُسکی تسبیح اور تقدیس مین لگ گیا اور زمین کیطرف اشارہ کیا اور کہا کہ مین تو

مما یقولون فرئیتہ کالمنکسرین المتواضعین - ورئیتہ مرۃ اخریٰ قائما علے عتبۃ بابی

صرف خاکی ہون اور ان تہمتون سے بری ہون جو مجھ پر لگائی جاتی ہین پس مینے اُسکو ایک متواضع اور کسر نفسی کرنیوالا آدمی پایا اور ایک مرتبہ مینے اُسکو دیکھا کہ میرے

وفی یدہ قرطاس کصحیفۃ فالقی فی قلبی ان فیہا اسماء عباد یحبون اللہ ویحبہم وبیان

دروازہ کی دہلیز پر کھڑا ہے اور ایک کاغذ خط کیطرح اُسکے ہاتھ مین ہے سو میرے دل مین ڈالا گیا کہ اس خط مین اُن لوگون کے نام درج ہین جو خدا تعالیٰ کو دوست رکھتے

مراتب قربہم عند اللہ فقرءتہا فاذا فی اخرھا مکتوب من اللہ تعالیٰ فی مرتبتی عند ربی

اور تمہین مین لکھے اُن مراتب قرب کا بیان ہی جو عند اللہ انکو حاصل ہین پس مینے اس خط کو پڑہا سو کیا دیکھتا ہون کہ اسکے آخر مین میرے مرتبہ کی نسبت

ھو منّی بمنزلۃ توحیدی و تفریدی - فکاد ان یعرف بین الناس - ھذا ما رئیت

خدا تعالیٰ کیطرف سے یہ لکہا ہوا ہی کہ وہ مجہہ سے ایسا ہے جیسا کہ میری توحید اور تفرید اور عنقریب لوگون مین مشہور کیا جائیگا یہ ہے جو مینے دیکہا

ویکفیک ان کنت من الطالبین - لا یقال انھا رؤیا او کشف ومن المحتمل ان یتمثل الشیطان

اور یہ تجہے کفایت کرتا ہی اگر تو حق کا طالب ہے - یہ کہنا بیجا ہے کہ یہ تو ایک خواب یا کشف ہے اور ممکن ہی کہ ایسے واقعات مین شیطان متمثل ہوکر

فی مثل ھذہ الواقعات فان الشیطان لا یتمثل بصورۃ الانبیاء فتقبل ھذا السر الجلیل

ظاہر ہو کیونکہ شیطان انبیاء کی صورت پر متمثل نہین ہوتا پس اس بزرگ بہید کو قبول کر اور جو کچہہ اسکے مخالف

ولا تقبل ما قیل وانا قرءنا علیک معارف اللہ فہل لک ان ترغب فیھا وتکون من الصالحین

کہا گیا اسکو مت قبول کر اور ہمنے تجہہ کو معارف آلہی پڑہ سنائے پس کیا تجہے کچہہ خواہش ہی کہ انہین ترغیب کرے اور نیکون مین سے ہو جائے

ذکر بعض اعتراضات الواشی وردّھا

نکتہ چین مذکور کے بعض اعتراضات کا ذکر اور اُن کا ردّ

منھا قولہ ان فی مسیح ھذا الزمان لیس الا بدجّالین ثم بعد ذلک حثّ الحکومۃ

اُنہین سے ایک یہ اسکا قول ہی کہ اس زمانہ کے پادری دجال نہین پہر اسکے بعد اُسنے گورنمنٹ برطانیہ کو میرے

البرطانیۃ علیٰ ایذائی ویشیر الی ان ھذا الرجل یعتقد ان ھذہ الدولۃ ھی الدجال المعہود

ایذا کے لیئے ترغیب دی ہی اور اس بات کیطرف اشارہ کرتا ہے کہ اس شخص کا یہ اعتقاد ہے کہ یہی گورنمنٹ دجال معہود ہے

وانہ من الباغین +

اور یہ شخص باغی ہے +

امّا الجواب فاعلم اننا لا نسمی الدولۃ البرطانیۃ دجالا معہودا بل نعلم

سو اسکے جواب مین جاننا چاہیئے کہ ہم اِس گورنمنٹ کا نام دجال نہین رکہتے بلکہ ہم یقین رکہتے اور جانتے ہین

ونستیقن ان ھذہ الدولۃ محققۃ عاقلۃ مفکرۃ فی حقائق الموجودات وقد رزقھا اللہ

کہ یہ گورنمنٹ عقلمند اور محقق اور حقایق موجودات مین فکر کرنیوالی ہے اور خدا نے اُسکو علم اور حکمت اور فلسفہ اور کئی نعم

من العلم والحكمة والفلسفة وانواع الصناعات وحفت بها لمعات المعقولات فهي
کی صناعتون کے لئے حصہ دیا ہے اور علم معقول کی چمکین اسکے محیط ہو گئی ہین پس اسیوجہ سے یہ گورنمنٹ جھوٹی باتون
تعرف الترهات وتفض ختم سر المزورات وليست من الذين يرضون بالهذيانات
کو خوب پہچانتی اور جہوٹ کے سربستہ راز کی مہر توڑتی ہے اور انہین سے نہین جو بیہودہ باتون پر راضی ہوجائین
فكيف يمكن ان تؤمن بهذه الخرافات بل تحسبها كسمر لا اصل له او كطيف مركب من الخزعبلات
پس کیونکر ممکن ہے کہ یہ گورنمنٹ ایسی باتون پر ایمان لاوے بلکہ یہ تو اوسکو ایک بے اصل کہانی سمجھتی ہے اور ایک خواب پریشان کیطرح
ومع ذلك لا ميل لها اصلا الى الدينيات وفتن قلبها حب الدنيا وشوق الحكومات
اہیل کا مجموعہ خیال کرتی ہے اور علاوہ اسکے اس گورنمنٹ کو دینیات کیطرف کچھ توجہ نہین اور دنیا کی محبت اور حکومتون نے اسکے دل کو اپنی
في غريقة في دنياها من الراس الى القدم في كل الخطوات ولا تميل الى دين واذا مالت
طرف کہینچا ہوا ہے سو وہ سر سے قدم تک دنیا مین غرق ہے اور کسی دین کیطرف اسکو میل نہین اور اگر کسیوقت میل ہو گی تو
فالى الاسلام فلا تقبل الا هذا الدين وملة خاتم النبيين۔
اسلام کیطرف اور صرف دین اسلام کو قبول کریگی اور ملت خاتم النبیین مین داخل ہو گی۔
وانا نرى انها ترمقه بعين المحب وليست على الضلالة كالمكب بل تزجي ايامها
اور ہم دیکھتے ہین کہ وہ اسلام کو بنظر محبت دیکھتی ہے اور گمراہی پر نگونسار نہین بلکہ تدبر مین اپنے دنون کو بسر کرتی ہے
في التدبر ولا تعرض كالمتكبر واني اجد آثار رشدها واظن انها ستميل اليه ولا
اور متکبر کیطرح کنارہ کش نہین اور مین اسکے رشد کے آثار پاتا ہون اور گمان کرتا ہون کہ وہ جلد اسلام کیطرف میل کریگی
يتركها الله في الغافلين الضالين - وقد دخل من علماءهم في ديننا طائفة من شبان
اور خدا اسکو گمراہون اور غافلون مین نہین چھوڑیگا - اور ایک طائفہ اسکے علماء کا ہمارے دین مین داخل ہو گیا جو جوانان
روقة وشارة مرموقة وآخرون منهم يكتمون ايمانهم الى حين - وانا نرى ان
خوش رو اور پسندیدہ صورت ہین اور انہین سے ایسے بھی ہین جو ایمان ایک وقت تک پوشیدہ رکھتے ہین اور ہم دیکھتے ہین کہ ہماری
ملكتنا المكرمة مرجوة الاهتداء وقد اعطيت لقلبها حب الاسلام وشوق هذا الضياء وعسى ان يدخل
ملکہ مکرمہ ہدایت پانیکے لئے امید کی جگہ ہے اور اسکے دل کو حب اسلام اور شوق اس روشنی کا دیا گیا ہے اور عنقریب ہے کہ خدا تعالی اس ملکہ نورانی
الله نور توحيده في قلب هذه الملكة الزهراء وقلوب ابناءها العقلاء وليس على الله بعزيز بل قدرته صالحة
وجہ کے دل اور اس کے شہزادون کے دلون مین نور توحید ڈالدے اور خدا تعالی پر یہ مشکل نہین بلکہ اسکی قدرت ایسی ہی کام

لهذه النور وهو على كل شيء قدير وانه يجذب اليه قلوب الطالبين ـ وكذلك نرى ان
کرتی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور وہ اپنی طرف طالبون کے دل کہینچ لیتا ہے اور اسی طرح ہم دیکھتے ہین کہ بڑے بڑے
اعاظم اركان الدّولة يميلون الى التوحيد يومًا فيومًا وقد نفرت قلوبهم من مثل
رکن اس گورنمنٹ کے دن بدن توحید کیطرف مائل ہوتے جاتے ہین اور ان کے دل ان عقاید باطلہ سے نفرت کر گئے ہین
هذه العقائد الباطلة ولا يليق بشانهم ان يعبد وا بشرًا مثلهم فى الضعف واللوازم
اور ان کی شان کے لایق ہی نہین کہ اپنے جیسے آدمی کی پرستش کرین جو انسانون کیطرح صفات مین اور تمام
الانسانية وكيف وقد اعطاهم الله انواع العلوم وحظًا وافرًا من الفهم والعقل ولا نجد
لوازم انسانیت مین ان کا شریک ہو اور ایسا شرک ان سے کیونکر ہو سکے اور خدا نے انکو کئی قسم کے علم عطا کئے ہین اور فہم اور عقل بہت
فى محققى هذا القوم رجلا يرضى بهذه الاباطيل الا نادرًا كالشعرة البيضاء فى اللمة
کی ہے اور ہم اس قوم کے محققون مین سے کوئی ایسا شخص نہین پاتے جو ان واہیات باتون پر راضی ہو مگر شاذ و نادر جو اس ایک بال کیطرح ہے
السوداء وانّى اعلم انهم بيض الاسلام وستخرج منهم افرخ هذه الملة وستصرف وجوهم
جو سیاہ بالون مین ہو اور مین جانتا ہون کہ یہ لوگ اسلام کے انڈے ہین اور عنقریب انہین سے اس ملت کے بچے پیدا ہونگے اور انکے مونہہ الٰہی دین
الى دين الله انهم قوم يفتشون كل امر ولا يغضون الطرف من الحق الذى حصحص ولا
کیطرف پہیرے جائینگے کیونکہ یہ ایک ایسی قوم ہے کہ جو ہر یک بات کی تفتیش کرتی ہے اور اس حق سے آنکہہ بند نہین کرتی جو کہل گیا ہو
يتشئمون من قبول الحق ويطلبون ولا يلغبون ومن طلب فوجد ولو بعد حين
اور حق کے قبول کرنے سے شرم نہین کرتی اور ڈہونڈہتی ہے اور تہکتی نہین اور جو ڈہونڈیگا پائیگا اگرچہ کچھہ دیر کے بعد آوے۔
واما ما خوّف الواشى المزوّر الحكومة البريطانية عن بغاوتنا فما هذا
اور اس نکتہ چین نے جو دولت برطانیہ کو میری بغاوت سے ڈرایا ہے سو یہ تو ایک صرف سخن چینی
الا وشاء وشتم وليس على سرّنا ختم والدولة اعرف من هذا الواشى وهو ابن الايام وبيتنا
اور گالی ہے اس سے زیادہ نہین اور ہماری بہید پر تو کوئی مہر نہین ہے اور گورنمنٹ اس نکتہ چین کی نسبت زیادہ واقف اور زمانہ
عندها فى هذه النواح علم الاعلام ونعلم رعايانا طبقًا عن طبق فلا يخفى عليها غرض هذا الواشى
دیدہ ہے اور ہمارا خاندان اسکے نزدیک اس نواح مین اول درجہ کا مشہور ہے اور اپنی رعایا کو وہ درجہ بدرجہ پہچانتی ہے سو سرکار پر اس نکتہ چین
وليس بمستور عليها سرّ فزعه ومقصد جزعه بل هى تعلم حق العلم امثاله الذين يريدون
کی غرض پوشیدہ نہین اور بہید اس نکتہ چین کے اس جزع فزع کا اصل مقصد چھپا نہین بلکہ وہ ایسے لوگون کو خوب جانتی ہے

مخاتلة الحكام من سورة تعصّبهم وفورة عداوتهم وفساد فطرتهم وما في وعاءهم

کہ جو حکام کو اپنے جوش تعصب اور عداوت اور فساد فطرت سے دہوکا دینا چاہتے ہیں اور اُن کے برتن میں بجز فساد کے زہر کے

الا سمّ الفساد وما في قلبهم الا مقت الارتداد اعرضوا عن المهيمن وجلاله وعثوا

اور کچھ نہیں اور اُن کے دل میں بجز مرتد ہونے کے دشمنی کی اور کوئی بات نہیں خدا تعالی اور اسکے جلال سے ان لوگوں نے

في الارض مفسدين — وقد كتبنا غير مرة انا نحن من نصحاء الدولة ودواعي خيرها

منہ پھیر لیا اور زمین میں فساد برپا کر گئے ہیں اور ہم کئی مرتبہ لکھ چکے ہیں کہ ہم گورنمنٹ کے خیرخواہوں میں سے ہیں اور کیونکر نہ ہوں اور خدا تعالی

وكيف وقد جبر الله مصائبنا بها وازال بها مرارة حياتنا وكنا في ارض محياة فاهلك

نے اسکے سبب ہماری مصیبتوں کو دور کیا اور نیز اس سے ہماری زندگی کی تلخی کو دور فرمایا اور ہم سانپوں والی زمین پر بستے تھے تو اسکے

بها كل حية كانت حولنا وان لها علينا احسانا عظيما فلن ننسى احسانها وانا من الشاكرين

ساتھ خدا تعالی نے اُن سانپوں کو ہلاک کیا جو ہمارے گرد تھے اور اسکا ہم پر بڑا احسان ہے سو ہم اُس احسان کو بھول نہیں سکتے اور ہم شکرگذار ہیں

ولمّا ما ذكر هذا الواشي قصة جهاد الاسلام وتخيّل ان القرآن يحث على الجهاد

اور جو اس نکتہ چین نے جہاد اسلام کا ذکر کیا ہے اور گمان کرتا ہے کہ قرآن بغیر لحاظ کسی شرط کے جہاد پر

مطلقا من غير شرط من الشرائط فاي زور وافتراء اكبر من ذلك ان كان احد من

برانگیختہ کرتا ہے سو اس سے بڑھکر اور کوئی جھوٹھ اور افترا نہیں اگر کوئی سوچنے والا ہو تو جاننا چاہیئے کہ قرآن

المتدبرين — فليعلم ان القرآن لا يامر بحرب احد الا بالذين يمنعون عباد الله ان

شریف یوں ہی لڑائی کے لئے حکم نہیں فرماتا بلکہ صرف اُن لوگوں کے ساتھ لڑنے کے لئے حکم فرماتا ہے

يؤمنوا به ويدخلوا في دينه ويطيعوه في جميع احكامه ويعبدوه كما أمروا والذين يقاتلون

جو خدا تعالی کے بندوں کو ایمان لانے سے روکیں اور اس بات سے روکیں کہ وہ خدا تعالی کے حکموں پر کاربند ہوں اور اسکی عبادت

بغير الحق ويخرجون المؤمنين من ديارهم واوطانهم ويدخلون الخلق في دينهم جبرا

کریں اور ان لوگوں کے ساتھ لڑنے کیلئے حکم فرماتا ہے جو مسلمانوں سے بیوجہ لڑتے ہیں اور مومنوں کو اُنکے گھروں اور وطنوں

وقهرا ويريدون ان يطفؤا نور الاسلام ويصدون الناس من ان يسلموا اولئك الذين

سے نکالتے ہیں اور خلق اللہ کو جبرًا اپنے دین میں داخل کرتے ہیں اور دین اسلام کو نابود کرنا چاہتے ہیں اور لوگوں کو مسلمان ہونے سے

غضب الله عليهم ووجب على المؤمنين ان يحاربوهم ان لم ينتهوا فانظر هذه الدولة اي فساد

روکتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن پر خدا تعالی کا غضب ہے اور مومنوں پر واجب ہے جو اُن سے لڑیں اگر وہ باز نہ آویں سو اس گورنمنٹ کو دیکھو کہ کونسا فساد

توجد فيها من هذه المفاسد امنعنا من صلواتنا وصومنا وحجنا واشاعة مذهبنا

ان فسادون مین سے ان مین پایا جاتا ہے کیا وہ ہمین ہماری نماز اور روزہ اور اشاعت مذہب سے ہمکو منع کرتی ہے یا ہمین

او تقاتلنا فی دیننا او تخرجنا من اوطاننا او یجعل الناس نصارىٰ ظلماً وجبراً کلا بل

کے بارے مین ہمسے لڑتی ہے یا ہمین ہمارے وطنون سے نکالتی ہے یا لوگون کو جبر اور ظلم سے عیسائی بناتی ہے ہرگز نہین

انها بريئة من كل هذه الالزامات بل هي لنا من المعينين ثم انظر الى احكام علمنا القرآن

بلکہ وہ ہمارے لئے مددگارون مین سے ہیں پھر قرآن کی اُن حکمون پر نظر ڈالو جنمین خدا تعالیٰ ہمین سکھاتا ہے کہ ہمین انکے ساتھ کیا

للذين احسنوا الينا وراعوا شئوننا وكفلوا شجوننا وما نوّنا وآوونا بعد ما كنا تائهين —

معاملہ کرنا چاہیئے جو ہمپر احسان کرین اور ہماری کامونکی رعایت کرین اور ہماری حاجات کے متکفل ہوجائین اور ہمارے بوجھون کو اٹھائین

ايمنعنا ربنا من ان نحسن الى المحسنين ونشكر المنعمين كلا بل القرآن يامر بالقسط

اور ہمین پریشان گردی کے بعد اپنی پناہ مین لے آوین کیا خدا تعالیٰ ہمکو اس سے منع کرتا ہے کہ ہم نیکی کرنیوالون کے ساتھ نیکی کرین اور ولی نعمتون

والعدل والاحسان والله يحب المقسطين - وقد قال فی القرآن ولتكن منكم امة يدعو

شکر ادا کرین ہرگز نہین بلکہ وہ تو انصاف اور عدل اور احسان کرنیکے لئے فرماتا ہے اور وہ انصاف کرنیوالون کو دوست رکھتا ہے اور قرآن مین اس نے

الى الخير ويامرون بالمعروف وينهون عن المنكر وما قال ولتكن منكم امة يقتلون الكفار

یہ فرمایا ہے کہ تم مین سے ہمیشہ ایسے لوگ ہوتے رہین جو نیکی کیطرف بلاوین اور امر معروف اور نہی منکر کرین اور یہ نہین کہا کہ تم مین سے لوگ ہمیشہ ایسے

ويدخلونهم جبراً فی دينهم وقال جادلهم (ای جادل النصارى) بالحكمة والموعظة

ہوتے رہین کہ جو کافرونکو قتل کرین اور اُن کو اپنے دین مین جبراً داخل کرتے رہین اور اُس نے یہ تو کہا کہ عیسائیون سے حکمت اور نیک نصیحت

الحسنة وما قال اقتلوهم بالسيوف والصوارم الا بعد صدهم عن سبيل الله ومكرهم

کے طور پر بحث کرو اور یہ نہین کہا کہ انکو تلوارون سے قتل کر ڈالو۔ مگر اس حالت مین جبکہ وہ دین سے روکین اور اسلام کا نور بجھانے کیلئے

لاطفاء نور الاسلام وقيامهم فی مقام المعادين فانظر ما قال ربنا رب العالمين

منصوبے برپا کرین اور دشمنون کے مقام مین کھڑے ہوجائین - پس دیکھ تو سہی ہمارے پروردگار نے جو تمام عالمون کا رب ہے کیسا کچھ فرمایا ہے

وقد بينا لك ان الحرب ليس من اصل مقاصد القرآن ولا من جذر تعليمه وانما

اور ہم بیان کر چکے ہین کہ لڑائی اور جہاد اصل مقاصد قرآن مین سے نہین اور وہ صرف ضرورت کیوقت سے تجویز

هو جوّز عند اشتداد الحاجة وبلوغ ظلم الظالمين الى انتهاءه واستعمال جور الجائرين

کیا گیا ہے یعنی ایسے وقت مین جبکہ ظالمون کا ظلم انتہا تک پہنچ جائے اور پیروی کرنے کے لئے

ولكم أسوة حسنة في غزوات رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف صبر على ظلم الكفار
طریق عمل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بہتر ہے دیکھو کس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کفار کے ایذا پر اُس زمانہ تک
الى مدة يبلغ فيه صبي الى سن بلوغه فصبر وكان الكفار يوذونه في الليل والنهار
صبر کیا جسمین ایک بچہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جاتا ہے اور کافر لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمیشہ دکھہ دیتے اور
وينهبون اموال المومنين كالاشرار ويقتلون رجالهم ونساءهم بتعذيبات تحدر
رات دن ستاتے اور شریرون کیطرح اُنکے مالون کو لوٹتے اور مسلمانون کے مردون اور عورتون کو قتل کرتے اور ایسی بڑے بڑے
بتصورها دموع العيون وتقشعر قلوب الاخيار وكذلك بلغ الايذاء الى انتهائه حتى هموا
بڑی عذابون سے مارتے ہے ... کہ اُنکے یاد کرنے سے آنکھونکے آنسو جاری ہوتے ہین اور نیک آدمیونکے دل کانپتے ہین اسیطرح
بقتل نبي الله فامره ربه ان يترك وطنه ويهرب الى المدينة مهاجرا من مكة فخرج رسول
دکھہ انتہا کو پہنچ گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وطن سے نکالے گئے یہان تک کہ اُن لوگون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کرنیکا
الله صلى الله عليه وسلم من وطنه باخراج قومه ومع ذلك ما كان الكفار منتهين —
قصد کیا سو اُسکے ربنے اُس کو حکم دیا تا وہ مدینہ بہاگ جائے سو آنحضرت اپنے وطن سے کفار کے نکالنے سے ہجرت کر گئے اور ابھی کفار نے ایذا
بل لم يزل الفتن منهم تستعر ومحجة الدعوة تعرجت حتى جلبوا على رسول الله صلى الله عليه وسلم خيلهم ورجلهم
رسانی مین بس نہین کی تہی بلکہ وہ فتنے بہڑکاتے اور دعوت کے کامون مین مشکلات ڈالتے یہانتک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی
وضربوا خيامهم في ميادين بدر بفوج كثير قريبا من المدينة وارادوا استيصال الدين
اپنے سوارون اور پیادون کے چڑہائی کی اور بدر کے میدان مین جو مدینہ سے قریب ہے اپنی فوج کے خیمے کہڑے کر دئے اور چاہا کہ
فاشتعل غضب الله عليهم ورأى قبح جفاءهم وشدة اعتداءهم فنزل الوحي على رسوله
دین کی بیخکنی کر دین تب خدا کا غضب اُنپر بہڑکا اور اُس نے اُنکے بڑے ظلم اور سختی کے ساتھ حد سے تجاوز کرنا مشاہدہ کیا سو اُسنے اپنی وحی
وقال أذن للذين يقاتلون بانهم ظلموا وان الله على نصرهم لقدير فامر الله رسوله
اپنے رسول پر اتاری اور کہا کہ مسلمانون کو خدا نے دیکہا جو ناحق اُنکے قتل کے لئے ارادہ کیا گیا ہے اور وہ مظلوم ہین اسلئے اُنہین مقابلہ
المظلوم في هذه الاية ليحارب الذين هم بدءوا اول مرة بعد ان رأى شدة اعتداءهم وكمال
کی اجازت ہے اور خدا قادر ہے جو انکی مدد کرے سو خدا تعالی نے اپنے رسول مظلوم کو اس آیت مین ان لوگونکے مقابل پر ہتیار اُٹہانیکی اجازت
حقدهم وضلالهم ورأى انهم قوم لا يرجى بالمواعظ صلاح احوالهم فانظر كيف كان حرب
دی جنکی طرف سے ابتدا تہی مگر اسوقت اجازت دی جبکہ انتہا درجہ کی زیادتی اور گمراہی انکی طرف سے دیکھلی اور یہ دیکہہ لیا کہ وہ ایک ایسی قوم ہے کہ بجز [illegible] نصیحت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وما حارب نبی اللہ احدا عالدین الا بعد ما راہم سابقین فی
سے انکی اصلاح غیر ممکن ہے پس اب سوچو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لڑائیون کی کیا حقیقت تھی اور نبی اللہ دشمنان دین سے ہرگز
الترامی بالسہام والتجالد بالحسام وما کان الکفار مقتولین فقط بل کان یسقط من الجانبین
نہین لڑا مگر جبتک کہ انسے یہ نہ دیکھ لیا کہ وہ تیر چلانے اور تلوار اٹھانے مین پیشدستی اور سبقت کرنیوالے ہین اور نیز یہ تو نہین تہا کہ صرف
قتلی وکان الکفار ظالمین ضالین
کفار ہی اری جاتے تہے بلکہ جانبین سے مرنیوالے کام آتے تہے اور کفار ظالم اور گمراہ تھے
فلیتدبر فی ہذا المقام کل عاقل حفظہ اللہ تعالی عن الحمق وصانہ عن السفاہۃ
پس اس مقام مین ہریک عاقل جسکو خدا نے حمق اور سفاہت اور بدذہنی خصلتون سے نگہ رکھا ہو فکر کرے
وسیر الایام لیظہر علیہ حقیقۃ جہاد الاسلام ولینظر این اثر الظلم فی ہذا الجہاد واین
اور سوچے تاکہ اسپر اسلامی جہاد کی حقیقت ظاہر ہو اور چاہیے کہ دیکھے کہ اس جہاد مین ظلم کا نشان کہان ہین
ایذاء المحسن ذی الانعام بل کان راس الاسلام فی تلک الایام معرضا للدوس بالاقدام وقد
اور کہان کسی محسن کو دکھ دیا گیا ہے بلکہ ان دنون مین تو اسلام کا سر کچلنے کی جگہ مین پڑا ہوا تہا اور مسلمانون پر ایسی مصیبتین پڑی ہوئین
وردت علی المسلمین مصائب الی حد یجری الدموع قصتہا من المقلتین وتشوی
تہین کہ ان مصیبتون کا قصہ آنکھون سے آنسو جاری کر دیتا ہے اور دلون کو درد کی آگ سے بریان کرتا ہے
القلوب بنار الآلام فہل من منصف ینظرہا ویخاف قہر رب العلام ام انعدم الانصاف
پس کوئی منصف ہے !!! جو خدا سے ڈرے اور سوچے یا یہ کہ انصاف مخالفون کے دلون سے اٹھ ہی گیا
من قلوب المخالفین۔ ہذا ہو الحق ولا نخبأ الحق ولا نستترہ والنفاق عندنا اکبر الذنوب
ہے اور یہی بات حق ہے اور ہم حق کو پوشیدہ نہین کرتے اور نہ چھپاتے ہین اور نفاق ہمارے نزدیک سب گناہون سے
والریاء اخطر الخطوب ومن سیر الظالمین المشرکین۔
بڑا ہے اور ریا سب کامون سے زیادہ خطرناک ہے اور ظالمون اور مشرکون کی صفات مین سے ہے
فخلاصۃ قولنا ان مسئلۃ الغزوۃ والجہاد لیست محور الاسلام ومستقرہ
پس ہماری قول کا خلاصہ یہ ہے کہ مسئلہ دینی لڑائی اور جہاد کا کچھ ایسا مسئلہ نہین جسکو اسلام کا محور اور مستقر کہا جاوے
کما فہمہ الجاہلون المخالفون او المتجاہلون من المسلمین بل وردت فی کتاب اللہ تصریحات
جیسا کہ جاہل مخالف سمجھتے ہین یا جیسا کہ بناوٹ سے جاہل بننے والے بعض مسلمان خیال کرتے ہین بلکہ کتاب اللہ مین اسکے برخلاف تصریحات

على خلافها كما سمعت آيات رب العالمين ۔ واما العقيدة المشهورة اعنى قول بعض
جیسا کہ تو نے آیتوں کو سن لیا اور عقیدہ مشہورہ یعنے قول بعض
العلماء ان المسيح الموعود ينزل من السماء ويقاتل الكفار ولا يقبل الجزية بل اما القتل
علماء کا جو مسیح موعود آسمان سے نازل ہوگا اور کفار سے لڑیگا اور جزیہ قبول نہیں کریگا بلکہ دو
واما الاسلام فاعلموا انها باطلة ومملوة من انواع الخطاء والزلة ومن امور تخالف
باتون مین سے ایک ہوگی یا قتل یا اسلام پس جاننا چاہئے کہ یہ عقیدہ سراسر باطل ہے اور طرح طرح کے خطاؤن اور لغزشون سے بھرا ہوا ہے
نصوص القرآن وما هي الا تلبيسات المفترين ۔ يا حسرة عليهم انهم اطروا عيسٰى من
اور قرآن کی نصوص صریحہ مخالف پڑا ہوا ہے سو وہ صرف مفتریون کا افترا ہے اُنپر افسوس کہ آنہون نے حضرت عیسی کو حد سے
غير حق حتى قال بعضهم انه ملك كريم وليس من نوع الانسان وقال بعضهم ان هو الا
زیادہ بڑا دیا یہانتک کہ بعض نے کہا کہ وہ فرشتہ ہے انسان نہیں اور بعض نے کہا وہ ایک کلمہ
كلمة الله وروح الله وليس في هذه المرتبة شريك له وزاد بعضهم عليه حواشي اخرى وقال هو
اور روح اللہ ہے اور اس صفت مین اُسکا کوئی شریک نہین اور بعض نے اسپر اور حاشیے چڑھائے اور کہا کہ وہ
مخلوق اقرب الى الله وافضل من الملائكة فان الملائكة لا يرفعون الى العرش وهو مرفوع
ایک الگ مخلوق ہے جو فرشتون سے بڑھکر ہے کیونکہ ملایک تو عرش پر جا نہین سکتے مگر وہ عرش پر بیٹھا ہے کیونکہ
على العرش لانه مرفوع الى الله فهو افضل من الملائكة كلهم ومن كل ما خلق وذكر هذا
خدا تعالی کیطرف اُسکا رفع ہوا ہے اور خدا عرش پر ہے پس وہ ہر ایک فرشتہ اور ہر ایک مخلوقات سے افضل ہے یہ تو
بيان بعض العلماء واما صاحب الانسان الكامل عبد الكريم الذى هو من المتصوفين
بعض علماء کا قول ہے مگر صاحب کتاب انسان کامل عبد الکریم نے جو متصوفین مین سے ہے
فبلغ الامر الى النهاية وقال ان التثليث بمعنى حق ولا حرج فيه وان عيسٰى كذا وكذا بل
اِس بارے مین حد ہی کردی اور کہا کہ تثلیث ایک معنی کے روسے حق ہے اور اسمین کچھ حرج نہین اور عیسیٰ ایسا ہے ویسا ہے بلکہ
اشار الى انه ليس بمخلوق ومنهم من اعتدى في كذبه وقال بسم الله الاب والابن
اِسطرف اشارہ کردیا کہ وہ خدا تعالی کی مخلوق مین سے نہین ہے اور بعض آدمی جہوٹھ بولنے مین بہت بڑھ گئے اور یہہ لکہا کہ بسم اللہ الاب والابن
وروح القدس كذلك ايدوا الفرية ونصروها وكان الكذب في اول الامر قليلاً
وروح القدس اسیطرح آنہون نے جہوٹھ کی تائید کی اور جہوٹھ کو مدد دی اور جہوٹھ پہلے پہلے تو تہوڑا تہا

ثم من جاء بعد کاذب الحق بکذبہ کذاب آخر حتی ارتفعت عمارۃ الکذب وجعل ابن عجوزۃ
پھر جو شخص ایک جھوٹے کے بعد آیا اسنے کچھ اپنی طرف سے بھی پہلے جھوٹھ پر زیادہ کیا یہانتک کہ جھوٹھ کی عمارت بہت اونچی ہوگئی اور
ابن اللہ وبعد ذلک جعل الہ العالمین الا لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ ان عیسیٰ الا نبی اللہ کانبیاء
ایک بڑھیا عورت کا بچہ خدا کا بیٹا بنایا گیا اور پھر خدا کیے گیا خبردار رہو جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہو عیسیٰ صرف اور نبیوں کیطرح
آخرین وان ھو الا خادم شریعۃ النبی المعصوم الذی حرم اللہ علیہ المراضع حتی اقبل علی ثدی امہ
ایک نبی خدا کا ہے اور وہ اس نبی معصوم کی شریعت کا ایک خادم ہے جسپر تمام دودہ پلانے والی حرام کی گئی تہیں یہانتک کہ
وکلمہ ربہ علی طور سینین وجعلہ من المحبوبین ہذا ھو موسیٰ فتی اللہ الذی اشار اللہ فی
اپنی ماں کی چہاتیوں تک پہنچایا گیا اور اسکا خدا کوہ سینا میں اس سے ہمکلام ہوا اور اسکو پیارا بنایا آور یہی موسیٰ مرد خدا ہے جسکی نسبت
کتابہ الی حیاتہ وفرض علینا ان نومن بانہ حیّ فی السماء ولم یمت ولیس من المیتین
قرآن میں اشارہ ہے کہ وہ زندہ ہے اور ہمپر فرض ہوگیا کہ ہم اسبات پر ایمان لا دیں کہ وہ زندہ آسمان میں موجود ہے اور مردوں میں سے نہیں ہے۔
واما نزول عیسیٰ من السماء فقد اثبتنا بطلانہ فی کتابنا الحمامۃ
مگر یہہ بات کہ حضرت عیسیٰ آسمان سے نازل ہونگے سو ہمنے اس خیال کا باطل ہونا اپنی کتاب حمامۃ البشری میں بخوبی ثابت
وخلاصتہ انا لا نجد فی القرآن شیئا فی ھذا الباب من غیر خبر وفاتہ الذی نجدہ ھلے فی
کردیا ہے اور خلاصہ اسکا یہ ہے کہ ہم قرآن میں بغیر وفات حضرت عیسیٰ کے اور کچھہ ذکر نہیں پاتے اور وہ وفات کا ذکر نہ ایک جگہ
مقامات کثیرۃ من الفرقان الحمید ثم جاء لفظ النزول فی بعض الاحادیث ولکنہ لفظ
بلکہ کئی مقامات میں پاتے ہیں ہاں بعض احادیث میں نزول کا لفظ آیا ہے لیکن وہ لفظ ایسا ہے کہ
قد کثر استعمالہ فی لسان العرب علی نزول المسافرین اذا نزلوا من بلدۃ ببلدۃ اومن
زبان عرب میں اکثر استعمال اسکے مسافروں کے حق میں ہے جب وہ ایک شہر سے دوسرے شہر میں
ملک بملک متغربین۔ والنزیل ھو المسافر کما لا یخفی علی العالمین۔
وارد ہوں اور یا ایک ملک میں دوسری ملک میں سفر کرکے آویں اور نزیل تو مسافر کو ہی کہتے ہیں جیسا کہ جاننے والوں پر پوشیدہ نہیں۔
واما لفظ التوفی الذی یوجد فی القرآن فی حق المسیح وغیرہ من بنی
مگر توفی کا لفظ جو قرآن میں حضرت مسیح اور دوسروں کے حق میں پایا جاتا ہے سو اُسمیں بغیر معنی مارنیکے اور کوئی
آدم فلا سبیل فیہ الی تاویل اخری بغیر الاماتۃ واخذنا معناہ من النبی ومن اجل الصحابۃ
تاویل نہیں ہوسکتی اور یہ معنے مارنے کے ہمنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور اس کے بزرگ صحابہ سے لئے ہیں

+ (الفائدۃ) کلم اللہ موسیٰ علی جبل وکلم الشیطان عیسیٰ علی جبل فانظر الفرق بینہما ان کنت من الناظرین ۔ منہ

لا من عند انفسنا وانت تعلم ان الاماتة امر ثابت دائم داخل فی سُنن الله القدیمة
یہ نہیں کہ اپنی طرف سے گھڑے ہیں اور تو جانتا ہے کہ مارنا ایک امر ثابت وایم الوقوع اور خدا تعالیٰ کی قدیم سنتوں میں داخل ہے

وما من رسول الا توفی وقد خلت من قبل عیسے الرسل فاذا تعارض لفظ التوفی ولفظ
اور کوئی نبی ایسا نہیں جو فوت نہ ہوا ہو اور حضرت عیسیٰ سے پہلے جو نبی آئے وہ فوت ہو چکے ہیں اور جبکہ لفظ نزول اور لفظ توفی

النزول فان سلمنا وفرضنا صحت الحدیث فلا بُدّ لنا ان نؤوّل لفظ النزول فانه لیس
میں معارضہ واقع ہوا پس اگر ہم حدیث کی صحت کو قبول کر لیں تاہم ہمارے لئے ضروری ہے کہ نزول کے لفظ کی تاویل کریں کیونکہ وہ

بموضوع لنزول رجل من السماء بل وضع لنزول مسافر من ارض بارض فما کان لنا
دراصل آسمان سے اترنے کے معنوں کیلئے موضوع نہیں ہے بلکہ وہ تو مسافروں کے نزول کیلئے وضع کیا گیا ہے سو یہ تو ہم سے نہیں

ان نترک معنے وضع له هذا اللفظ فی لسان العرب ونرد بیّنات القرآن وما نجد ذکر
ہو سکتا کہ اصل موضوع لہ کو چھوڑ دیں اور قرآن کی بینات کو رد کریں اور ہم کسی حدیث صحیح میں

السماء فی حدیث صحیح وما نجد نظیر النزول فی امم اولیٰ بل یثبت خلافه فی قصة یوحنا
آسمان کا لفظ بھی نہیں پاتے اور ہم اس نزول کی نظیر پہلی اُمتوں میں بھی نہیں پاتے بلکہ قصہ یوحنا میں اسکے

فلا شک ان هذه العقیدة اعنی عقیدة نزول المسیح من السماء مبتلاة بامراض لا بمرض واحد
خلاف پاتے ہیں پس کچھ شک نہیں کہ اس عقیدہ کو نہ ایک بیماری بلکہ کئی بیماریاں لگی ہوئی ہیں۔

یخالف بیّنات القرآن ویکذب امر ختم النبوة ویبائن محاورات القوم ویخالف الآثار
قرآن کی بینات کا مخالف ہے ختم نبوت کے امر کی تکذیب کرتا ہے اور قوم عرب کے محاورات کے مغایر پڑا ہے اور ان

التی صُرحت فیها موت المسیح فتفکروا ایها الناس ان کنتم من المتفکرین۔
احادیث کے برعکس ہے جنمیں حضرت عیسیٰ کی موت کی تصریح ہے۔ پس اے لوگو فکر کرو اگر فکر کر سکتے ہو۔

واما الشق الثانی اعنی محاربات المسیح الموعود بعد النزول کما هو زعم
اور دوسرا شق یعنے یہ کہ مسیح موعود آترنے کے بعد لڑائیاں کرے گا جیسا کہ بعض

بعض الناس الذی ما کان الا کالغی الجهول فهو لیس مذهبنا بل عندنا هو خیال باطل
جہال کا خیال ہے پس یہ ہمارا مذہب نہیں ہے اور ہمارے نزدیک یہ خیال باطل اور فضول ہے جو لائق قبول نہیں اور

لا یصلح للقبول وبعید عن الحق والیقین وداخل فی نمط الفضول وکفی لبطلانه الحدیث الذی موجود فی البخاری
حق اور یقین سے بعید ہے اور اس کے باطل کرنے کے لئے وہ حدیث کافی ہے جو صحیح بخاری میں لکھی ہے

* الفائدہ
قال الله تعالی ان
قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ
هذا لفی الصحف الاولیٰ
نے فرمایا ہے کہ پہلی کتابوں یعنے
صحف ابراهیم وموسیٰ
توریت اور صحف ابراہیم میں
ولکنا لا نجد ذکر صعود
بھی تعلیم قرآن موجود ہیں
عیسے وذکر نزوله فی
مگر ہم توریت میں حضرت عیسیٰ
التورات ولا اشارة ایضا
کے صعود اور نزول کا کچھ نشان
وان التورات امام لذکر
نہیں پاتے اور نہ اسکی کوئی
الامثلة کلها ولاجل ذلك
مثال پاتے ہیں حالانکہ توریت
سماه الله اماما فی
تمام مثالوں کے لئے امام ہے
کتاب مبین
اسی لئے خدا تعالیٰ نے قرآن شریف
میں اسکا نام امام رکھا ہے
منه

اعنی یضع الحرب یعنی لایقاتل المسیح الموعود ولا یحارب بل یفعل کلما یفعل بالنظر والھمۃ

یعنے قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یضع الحرب جس کے یہ معنے ہین کہ مسیح موعود کفار سے نہین لڑیگا اور نہ جنگ کریگا بلکہ جو کچھہ کریگا

ویجعل اللہ فی نظرہ تاثیرات عجیبۃ وفی انفاسہ برکات غریبۃ ویجعل فی فھمہ وعقلہ

اپنی نظر اور ہمت سے کریگا اور خدا اُسکی نظر مین عجیب عجیب تاثیرات رکہدیگا اور اُسکی فہم اور عقل کو تلوار اور نیزہ کی قوت دیگا اور اُسکو دلائل

قوۃ السیف والسنان ویعطی لہ بیانا مملوا من البرھان وحججا قاطعۃ لعذرات

سے بہرا ہوا بیان عطا کرے گا اور ایسی حجتین اُس کو سکہلاے گا جو اہل طغیان کا قطع

اھل الطغیان فھذہ ھی الحربۃ السماویۃ التی ما صنعھا ایدی الانسان بل اعطیت من

عذرات کرین پس یہی آسمانی حربہ ہے جسکو انسان کے ہاتہون نے نہین بنایا بلکہ رحمان کے ہاتہون

ید اللہ الرحمان ونزلت من السماء لا من اعمال اھل الارضین فالحاصل ان اعتقادنا

سے ملا ہے اور آسمان سے نازل ہوا ہے نہ زمین کی کارستانیون سے پس خلاصہ کلام یہ ہے

ھو ھذا لا کما فھم الواشی الغبی والنمام الدنی فانہ خطاء فاحش عندنا ونخطی قائل تلک

جو ہمارا اعتقاد یہی ہے جو ہمنے ذکر کر دیا نہ جیسا کہ اس نکتہ چین کند ذہن اور سفلہ مزاج نے سمجہا اور وہ ہماری نزدیک صریح غلطی ہے

الاقوال وقد اخطاء من قال ووقع فی ضلال مبین۔ فالحق الذی ارانا الحق الحکیم

اور ہم ایسے قائل کا تخطیہ کرتے ہین بیشک خطا کی جسنے ایسا کہا اور صریح ضلالت مین پڑ گیا پس وہ حق جو ہمکو حکیم مطلق نے دکہلایا

وانبانا اللطیف العلیم ھو ان حربۃ المسیح الموعود سماویۃ لا ارضیۃ ومحارباتہ کلھا

اور لطیف علیم نے بتلایا وہ یہی ہے کہ مسیح موعود کا حربہ آسمانی ہے نہ زمینی اور لڑائیان اُسکی روحانی نظرون کے

بانظار روحانیۃ لا باسلحۃ جسمانیۃ وھو یقتل الاعداء بعقد النظر والھمۃ اعنی

ساتہہ ہین نہ جسمانی ہتیارون کے ساتہہ اور وہ دشمنون کو نظر اور ہمت سے قتل کریگا یعنی تصرف باطن اور اتمام

بتصرف الباطن واتمام الحجۃ لا بالسھام والرماح والمشرفیۃ ولہ ملکوت السماء لا ملکوت

حجت کے ساتہہ نہ تیر اور نیزہ اور تلوار سے اور اُس کی آسمانی بادشاہت ہے نہ زمینی۔

الارضین واما الذین ینتظرون مسیحا یاتی بالجنود ویخرج کالاسود ویقتل کل من

اور وہ لوگ جو ایک مسیح کی انتظار کرتے ہین جو لشکرون کے ساتہہ آئیگا اور ہر ایک کافر کو جو ایمان

لم یؤمن من الکافرین۔ وینزل کصاعقۃ محرقۃ من السماء ولا یکون لہ شغل من غیر

نہ لاوے قتل کر دے گا اور آسمان سے ایک جلانیوالی بجلی کیطرح نازل ہوگا اور بجز خون ریزی کے اُسکا کوئی اور شغل

سفك الدماء ويكون حريصاً على قتل نفس ولو كان خنزيرا ويأخذ السيف البتار
نہ ہوگا اور وہ قتل کرنے پر بڑا حریص ہوگا اگرچہ خنزیر ہی ہو اور قبل اس کے جو اپنی حجت منکرون
قبل ان يتم حجته على المنكرين۔ فنحن لسنا منهم ولا نعرف ذلك المسيح ولا نعلم ولا ندري
پر پوری کرے آتی ہی تلوار پکڑے گا سو ہم ان لوگوں میں سے نہیں ہیں اور ہم ایسے مسیح کو نہیں پہچانتے اور ہم خدا
اثرا من تلك الاباطيل في كتاب الله المبين۔ فلا نقبل هذه العقيدة ابداً ولسنا من الذين
تعالی کی کلام میں ان عقاید کا کچھ بھی نشان نہیں پاتے اور ہم ایسے نہیں کہ ان باتوں کو ایک اندھے مقلد کی
يقرون به مقلدين كالعمين۔ فالحاصل انه ليس من عقائدنا بل انما هو من عقائد شيخ بطالوي
طرح مان لیں پس حاصل کلام یہ ہے کہ یہ باتیں ہمارے عقائد میں سے نہیں ہیں
صاحب الاشاعة مضل الجماعة على محمد حسين وامثاله الذين هم فلاح تلك الزراعة فالمختصر
بلکہ یہ شیخ بٹالوی کے عقائد ہیں جو صاحب اشاعۃ اور مضل جماعت ہے اور ایسا ہی اسکے ہمیالوں کا جو اس کھیتی کے
ان هذا المسلك من مساعيهم التي يسعون وارائهم التي ترون وانهم قد رسوا عليه وليسو
بونے والے ہیں یہی عقیدہ ہے پس خلاصہ کلام یہ کہ یہ انہیں کا مسلک ہے جس پر وہ چل رہے ہیں اور یہ انہیں کی رائیں ہیں جو تم دیکھتے
بالمنتهين الراجعين بل يخبرون عنه على المنابر ويذكرونه متباشرين۔ ومن اعظم منيتهم
ہو اور وہ ان خیالات پر خوب جمے ہوئے ہیں اور باز آنیوالے اور رجوع کرنیوالے نہیں ہیں بلکہ منبروں پر چڑھ چڑھ کر یہ خبریں بتلاتے ہیں
النفسانية ان يجيء مسيحهم الموهوم كالمليك الجبار ويقتل كل من في الارض من الكفار ويجمع
اور انکو یاد کرکے ایک دوسرے کو خوشخبری دیتے ہیں اور انکی نفسانی خواہشوں میں سے بڑی خواہش یہی ہے کہ انکا خیالی مسیح دنیا میں آوے اور
غنائم كثيرة قنطارا على القنطار ثم يجعل البطالوي واخوانه من المتمولين واما نحن فلا نعتقد
تمام کافروں کو قتل کرے اور پھر بہت سی لوٹ کے مال سے بٹالوی اور اسکے بھائیوں کو مالدار کر دیوے مگر ہم ایسا اعتقاد نہیں رکھتے
كذلك بل نعلم انهم اخطاؤا في هذه الآراء واجنهم الليل وبعدوا عن الضياء فما فهموا وما
بلکہ ہم جانتے ہیں کہ ان لوگوں نے اپنی رایوں میں خطا کی اور ایک رات انپر چھا گئی اور روشنی سے دور جا پڑے پس انہوں نے
مسوا مسلك المتبصرين۔ وما سقوا من المعارف النبوية والاسرار الالهية بل اكلوا فضلات
کچھ نہ سمجھا اور سمجھنے والوں کے مسلک کو چھوا بھی نہیں اور انہوں نے معارف نبویہ اور اسرار الٰہیہ میں سے کچھ بھی نہیں پیا بلکہ انہوں نے ان لوگوں کا
قوم ضلوا من قبل ونبذوا كتاب الله وراء ظهورهم ورضوا باقوال المختارين۔ وكان سر هذا
فضلہ کھایا جو پہلے ان سے راہ کو بھول چکے تھے اور خدا تعالی کی کتاب کو انہوں نے پس پشت پھینکدیا اور ان لوگوں کی باتوں پر راضی ہوگئے جو دروغگو تھے ...

العقيدة من أدق المسائل واصعبها فما فهمه آراء سطحية وعقول ناقصة واختاروا طرقا

اور اس عقیدہ کا بہید بہت باریک اور مشکل مسائل مین سے تہا اسلئے سطحی سمجھ اور ناقص عقل والے اسکو سمجھ نہ سکے اور اور راہین جلدی

دون ذلك مستعجلين. فتم ما جاء فى فيج اعوج من اصدق الصادقين وان فى هذا برهانا

سے اختیار کر لین سو وہ پیشگوئی پوری ہوئی جو فیج اعوج کے بارہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تہی اور وہ صادق

للمتفكرين ثم تفضل الله علينا وكشف هذا السرّ فضلاً ورحماً وهو ارحم الراحمين۔

الصادقین ہے اور فکر کرنیوالون کیلئے اسمین ایک دلیل ہے پہر خدا تعالی نے ہمپر فضل کیا اور فضل اور رحم سے یہ بہید ہمپر کہولدیا اور وہ ارحم الراحمین ہے

يرقى من يشاء ويحطّ من يشاء ويجعل من يشاء من العارفين. وعلّمنا بتعليمه وفهّمنا بتفهيمه

جسکو چاہتا ہے اوپر لیجاتا ہے اور جسکو چاہتا ہے نیچے پہینکتا ہے اور جسکو چاہتا ہے عارفون مین داخل کرتا ہے سو ہمنے اسکی تعلیم سے معلوم کیا

وايدنا بتكريمه وهو خير المؤيدين. والهمنا ان الحرب حرب روحانى بنظر روحانى واجيبنى انهم يقرون عن عيسى

اور اسکے سمجہانیسے سمجہے اور اس خیر المؤیدین نے ہمکو مدد دی اور ہمارے رب نے ہمین الہام دیا کہ مسیح موعود کی لڑائیان روحانی لڑائیان ہین جو روحانی

لا يقاتل ياجوج وماجوج بل يدعو عليهم عند اشتداد المصائب وهجوم الاعداء كالسهم الصائب

نظر کے ساتھ ہونگی اور تعجب ہے کہ لوگ پڑہتے ہین جو عیسے یاجوج ماجوج سے نہین لڑیگا بلکہ سخت مصیبتون کے وقت بد دعا کرے گا۔

وكذلك يقرؤن لفظ النظر فى كتب الاحاديث ثم ينسونه ولا يتدبّرون كالعاقلين ختم الله على

اور نیز وہ لفظ نظر کا کتب احادیث مین پڑہتے ہین اور پہر بہول جاتے ہین اور عاقلون کیطرح نہین سوچتے خدا تعالی نے

قلوبهم فلا يفهمون دقيقة من دقائق المعرفة ولا نكتة من نكات الحكمة بل نرى ان ذهنهم

اُن کے دلون پر مہر کر دی پس وہ معرفت کے دقیقون مین سے کسی دقیقہ کو اور حکمت کے نکتون مین سے کسی نکتہ کو بہی نہین سمجہتے بلکہ ذہن اُن کا

منزمهر وجنه ملفهر فلا يستشفون لآلى الحقائق ولا يمعنون فى الدقائق ويسبحون على سطح الالفاظ وليسوا فى

بہت ٹھنڈا پڑ گیا ہے اور باطل اُن کا بہت ہے پس وہ حقیقت کے مرتبون کو عمیق نظر سے دیکھ نہین سکتے اور الفاظ کی سطح پر تیرتے

بحر المعانى غواصين. ومن يفهّم رجلا ما فهمه الله ومن لم يهده الله فكيف يكون من المهتدين

ہین اور معانی کے دریا مین غوطہ نہین مار سکتے اور ایسے آدمی کو کون سمجہائے جسکو خدا نے نہین سمجہایا اور جسکو خدا نے ہدایت نہین دی وہ کیونکر ہدایت یاب ہو جائے

هذه هى العقيدة التى اشهرناها فى كتبنا غير مرّة ولاجل ذلك كفرنا

یہ وہی عقیدہ ہے جسکو ہمنے اپنی کتابون مین کئی جگہ ذکر کیا ہے اور انہی امور کے لئے ہم کافر ٹہرائے گئے

واوذينا وكذّبنا وافردنا كالذى يترك فى البوادى والفلوات منفردا فنحن فى هذه الاوان

اور دکہہ دئے گئے اور جہٹلائے گئے اور ہم ایسے اکیلے چہوڑے گئے جیسا کہ کوئی جنگل مین اکیلا چہوڑا جاتا ہے سو ہم سوقت ایک ایسے مسافر کی طرح ہین

كغريب في خانٍ لا كشغب في حماية اخوان لا نريد الرياسة بل آثرنا الخصاصة ونبذنا

جو سرائی میں آترا ہوا ہو نہ ایسے شخص کی طرح جو فساد کرنیوالا اور اپنے بھائیوں کی حمایت میں مفسدہ پرداز ہو ہم کسی ریاست کو نہیں چاہتے

فروة امارة ورضينا بعباءة فقر وما بالينا طعن نظّارة ولا لوم اللائمين - فلا تبادر يالا

بلکہ درویشی اختیار کی اور ہم نے ریاست کی پوستین کو پھینکدیا اور فقیرانہ گودڑی اختیار کرلی اور دیکھنے والوں کے طعن اور ملامت کی کچھ بھی پروا نہ کی - سو اے

كاس قسيسين الى ظن السوء ولا تنفض هذه يديك فان امرنا متبين واضح وليس

پادریوں کے پیالے چاٹنے والے بدظنی کی طرف جلدی مت کر اور اپنے شر میں مت ہلا کیونکہ ہمارا حال روشن ہے اور کوئی بات تیرے اختیار

شئ في يديك ولست من الحاكمين - فان كنت تشتاق ان تستقري طرق النميمة فاعلم

میں نہیں اور نہ تو حاکم ہے اور اگر تجھے یہی شوق ہے کہ نکتہ چینی کی راہوں کو ڈھونڈے پس جان کہ

انك خائب ولا يحصل لك شئ من غير ظهور سيرك الذميمة ولا تقدر ان تخفي ما ابداه ربنا

کہ یہ مطلب تیرا پورا نہیں ہوگا اور تو نامراد رہے گا اگر ہوگا تو یہی کہ تیری بری خصلتیں ظاہر ہونگی اور تو اسپر قادر نہیں ہو سکیگا

ولا تضر من حفظه الله وهو خير الحافظين - فاعرض عنها واشتغل بنضرة دنياك وخضرتها

کہ جس چیز کو خدا نے ظاہر کیا اسکو چھپاوے اور جسکو خدا بچاویگا پھر تو اسکو ضرر نہیں پہنچا سکتا اور خدا سب محافظوں سے بہتر ہے پس تو ان باتوں سے کنارہ کر اور

واصطبح واغتبق وافرح على جيفتها ولا تدخل فيما لست اهله ولا تغضب ولا تشتعل فان مقت الله

اپنی دنیا کی تازگی اور سبزہ میں مشغول رہ اور دن رات شراب پی اور دنیا کی مردار پر خوشی کر اور ان باتوں میں دخل مت دے جنکی لیاقت تجھ میں نہیں اور غضبناک

اكبر من مقتك وان ناره تحرق الظالمين -

نہ ہو اور مت بھڑک کیونکہ خدا تعالی کا غضب تیرے غضب سے زیادہ ہے اور اسکی آگ ظالموں کو جلادیتی ہے -

والعجب ان اكابر المسيحيين خُدعوا فيك وما عرفوك حق المعرفة الى هذا الوقت وعجزوا

اور تعجب کہ بڑے پادریوں نے تجھ میں دھوکا کھایا اور اسوقت تک تجھ کو نہیں پہچانا جیسا کہ حق پہچاننے کا ہے

من فض سرك وكشف دعواك وادراك عمقك واكلتهم كالخادعين - يا حسرةً عليهم لم يضيعون اموالهم

اور تیرے بھید کے پہچاننے اور تیری تہ تک پہنچنے سے قاصر ہیں اور تو نے دھوکا دینے والوں کی طرح انکو کھا لیا - انپر افسوس کہ وہ کیوں تیرے جیسے

على امثالك ولم لا يرجعون الى اليقظة بعد التجارب المؤلمة ولم لا يعرفون البطالين -

لوگوں پر اپنے مال ضائع کر رہے ہیں اور کیوں دکھ کے تجربوں کے بعد بیدار نہیں ہوتے اور کیوں بطالوں کو نہیں شناخت کرتے -

واما قولك ان قسيسي هذا الزمان ليسوا دجالا معهودا فهذا دجلك الاكبر

اور تیرا یہ قول کہ اس زمانہ کے پادری دجال نہیں ہیں تو یہ تیری دجالیت ہے اور تو نے مجھے

وسئلت عني دليلا عليه فاعلم ان هذا ليس قولي بل قاله المسيح من قبلي فانظر
اس دعوے کی دلیل پوچھی تھی سو تجھے معلوم ہو کہ یہ فقط میرا ہی قول نہیں بلکہ مجھ سے پہلے مسیح نے بھی یہی کہا ہے سو تو
فی انجیل لوقا فی الاصحاح الثالث من آیة ۲۴ الی ۳۰ فستجد ما قلنا بمزایاه
انجیل لوقا تیسرے باب چوبیس آیت میں غور کر کہ یہی قول ہمارا مع شئے زائد پاوے گا اور
وهو هذا یا عدو الطیبین فقال لهم اجتهدوا ان تدخلوا من الباب الضیق فانی اقول
وہ یہ ہے اے پاکوں کے دشمن۔ پس مسیح نے انسے یعنے حواریوں سے کہا کہ کوشش کرو تا تنگ دروازے سے داخل ہو کیونکہ
لکم ان کثیرین سیطلبون ان یدخلوا ولا یقدرون من بعد ما یکون رب البیت قد قام
میں تمہیں کہتا ہوں کہ بہتیرے چاہیں گے کہ داخل ہوں پر داخل نہیں ہو سکیں گے اسکے بعد گھر کا مالک اٹھا اور
واغلق الباب وابتدءتم تقفون خارجا وتقرعون الباب قائلین یا رب یا رب افتح لنا
دروازہ بند کر لیا اور تمنے دروازے سے باہر کھڑے ہو کر یہ بات کہتے ہوئے دروازہ کو کھٹکھٹانا شروع کیا کہ اے ہمارے مالک اے ہمارے مالک ہمارے لیے کھول دے
یجیب ویقول لکم لا اعرفکم من این انتم حینئذ تبتدءون تقولون اکلنا قدامك وعلمت
وہ جواب دیگا اور کہیگا کہ میں نہیں پہچانتا کہ تم کہاں سے ہو اسوقت تم یہ کہنا شروع کروگے کہ ہمنے تیرے سامنے کھایا اور تونے ہماری
فی شوارعنا فیقول اقول لکم لا اعرفکم من این انتم تباعدوا عنی یا جمیع فاعلی الظلم هناك
گلیوں میں تعلیم دی پس وہ کہیگا کہ میں تمہیں کہتا ہوں کہ میں تمہیں نہیں پہچانتا کہ تم کہاں سے ہو اے ظلم پیشہ لوگو میرے سامنے
یکون البکاء وصریر الاسنان متی رأیتم ابراهیم واسحاق ویعقوب وجمیع الانبیاء فی ملکوت
سے دور ہو اسوقت رونا اور دانت پیسنا ہوگا جب تم دیکھوگے کہ ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب اور تمام انبیا خدا کی بادشاہت میں
الله وانتم مطروحون خارجا ویأتون من المشارق والمغارب ومن الشمال والجنوب ویتکئون
داخل ہوئے اور تم باہر ڈالے گئے اور مشرق اور مغرب اور شمال اور جنوب سے آئینگے اور خدا کی بادشاہت میں
فی ملکوت الله وهوذا الآخرون یکونون اولین والاولون یکونون آخرین ۔ هذا ما کتبنا من
بیٹھیں گے تب جو پچھلے ہیں وہ پہلے ہونگے اور جو پہلے ہیں وہ پچھلے ہوں گے ۔ یہ وہ مضمون ہے جو ہمنے
کتابکم انجیل لوقا بعبارته العربیة وما زدنا وما نقصنا بل رقمناه کما هو کالناقلین
تمہاری انجیل لوقا میں سے اس کی عربی عبارت میں لکھا ہے اور ہمنے نہ زیادہ کیا اور نہ کم کیا بلکہ جیسا وہ تھا ویسا ہی نقل کر دیا ہے
وللمستنکرین المستعرفین ان یرجعوا الی ذلك الکتاب ان کانوا من المرتابین
اور وہ لوگ جو منکر اور تحقیق کے طالب ہیں انکو اختیار ہے کہ اگر انکو ہمارے تحریر میں شک ہو تو اس کتاب

فلا تضرب عنه صفحا ولا يلفحك الحقد لفحا وفكر كالمنصفين ـ وانظر ان المسيح
پس اسکی انکار مین موںہہ مت پہیر اور ایسا نہ ہو کہ کینہ تجہہ کو جلادے اور منصفون کیطرح فکر کر اور اس بات مین غور کر
سماكم في هذه الآية فاعلى الظلم وقال لعرض عنكم في يوم القيامة واتصدى بالصدود
کہ حضرت مسیح نے اس آیت مین تمہارا نام ظالم رکہا ہی اور کہا کہ قیامت کے دن تم سے کنارہ کرونگا اور کہونگا کہ تم میری جماعت
واقول لستم مني ولا من هذا الجنود فاخسئوا يا معشر الظالمين الكافرين ـ
مین سے نہین ہو سوائے ظالمو کافرو دور ہو
اشار الى انكم لبستم الحق بالباطل وتركتم امره وكنتم قوما دجالين ـ وانت تعلم
اور اس بات کیطرف اشارہ کیا کہ تمنے حق کو باطل کے نیچے چہپا دیا اور تم ایک دجال قوم ہو اور تجہے معلوم ہو کہ
ان حقيقة الظلم وضع الشئ في غير موضعه عمدا وبالارادة لينتقب وجه المحجة
ظلم کی حقیقت یہ ہے کہ ایک شئے اپنے موقعہ سے اٹہا کر عمدا غیر محل پر رکہی جائے تا راہ چہپ جاوے اور استفادہ
ويسد طريق الاستفادة ويلتبس الامر على السالكين ـ فالظالم هو الذي يحل محل
کا طریق بند ہو جاوے اور چلنے والون پر بات ملتبس ہو جاوے پس ظالم اس کو کہین گے جو محرفون
المحرفين ويبدل العبارات كالخائنين ويجترء على الزيادة في موضع التقليل والتقليل
کا کام کرے اور خیانت پیشہ لوگونکی طرح عبارتون کو بدلا دے اور جرأت کر کے کم کی جگہ زیادہ کرے اور زیادہ کی جگہ کم
في موضع الزيادة كيفا وكما وينقل الكلمات من معنى الى معنى ظلما وزورا من غير
کر دیوے کیا کیفیت کی رو سے اور کیا کمیت کی رو سے اور محض ظلم اور جہوٹہ کی راہ سے کلمون کو ایک معنی سے دوسرے
وجود قرينة صارفة اليه ثم ياخذ يدعو الناس الى مفترياته كالخادعين ـ وما
معنون کیطرف لیجائے حالانکہ اُسکے اس فعل کے لئے کوئی قرینہ مددگار نہ ہو اور پہر اس بناء پر دہوکہ دینے والون کیطرح
معنى الدجل والدجالة الا هذا فليفكر من كان من المفكرين
لوگون کو اپنی مفتریات کیطرف بلانا شروع کرے اور دجالیت کے معنی بجز اسکے کچہہ نہین پس جو شخص فکر کرسکتا ہے اسمین فکر کرے
والقي في روعي ان المسيح سمى الآخرين من النصارى الدجالين
اور میرے دلمین ڈالا گیا ہی کہ حضرت مسیح نے آخری زمانہ کے نصاری کا نام دجال کہا اور ایسا
لا الاولين وان كان الاولون ايضا داخلين في الضالين المحرفين والسر في ذلك
نام پہلون کا نہین رکہا اگرچہ پہلے بہی گمراہون مین داخل تہے اور کتابون کی تحریف کرنیوالے تہے سو اسمین بہید یہہ ہے

ان الاوّلين ما كانوا مجتهدين ساعين لاضلال الخلق كمثل الآخرين بل ما كانوا

کہ پہلے نصاریٰ خلق اللہ کے گمراہ کرنیکے ایسی سخت کوششیں نہیں کرتے تھے جیسی پچھلوں نے کیں بلکہ وہ ان کوششوں پر

عليها قادرين وكانوا كرجل مُصفد فى السلاسل ومقرن فى الحبال وكالمسجونين

قادر نہیں تھے اور ایسے تھے جیسے کوئی زنجیروں میں جکڑا ہوا اور قیدی ہو ـــ

واما الّذين جاؤا بعدهم فى زماننا هذا ففاقوا اسلافهم فى الدجل والكذب ووضع الله

مگر وہ لوگ جو انکے بعد ہمارے اس زمانہ میں آئے وہ دجالیت میں اپنے پہلے بزرگوں سے بڑھ گئے اور خدا تعالیٰ نے اپنے

عنهم اياصرهم واغلالهم ونجاهم عن السلاسل التى كانت فى ارجلهم ابتلاء من عنده

بندوں کا امتحان کرنیکے لئے انکی ہمت کر دیوں اور انکے طوق گردنوں کو ان سے الگ کر دیا اور ان زنجیروں سے ان کو

وكان قدرًا مقضيًّا من رب العالمين وكان قدّر الله ان يبرزوا بعد الف سنة من الهجرة حتى

نجات دیدی جو ان کے پیروں میں تھے اور یہی ابتدا سے مقدر تھا اور ایک ہزار ہجری گذرنیکے بعد ان کا خروج شروع

ظهروا فى هذه الايام كغول خُلّص واخرج من السجن ثم استوى على راحلته واوى الى ذاقه

ہوا یہاں تک کہ ان دنوں میں وہ ایک ایسی دیو کیطرح ظاہر ہوئے جو زندان سے نکلا اور اپنی سواری پر سوار ہوا اور اپنے

وحزب خلقوا على شاكلته وكانوا القبوله مستعدين۔ ثم اشاعوا كيف شاؤا من انواع الكفر

ان عزیزوں اور اس گروہ کیطرف رخ کر لیا جو اسکے مادہ کے موافق اور اسکے قبول کرنیکے لئے مستعد تھے۔ پھر انہوں نے

واصناف الوسواس وكانوا قوما متمولين۔ وهذا هو الذى كتب فى الصحف الاولى ان الثعبان

جس طرح چاہا کفروں کو شائع کیا اور طرح طرح کے وساوس پھیلائے کیونکہ وہ ایک لدار قوم ہے اور یہی پیشگوئی ہے جو پہلی کتابوں میں

الذى هو الدجال يلبث فى السجن الى الف سنة ثم يخرج بفوج من الشياطين فليتذكر

لکھی گئی ہے کہ وہ اژدہا جو دجال ہے ہزار برس تک قید رہے گا اور پھر ہزار برس کے بعد شیاطین کی ایک فوج کے ساتھ نکلیگا

من كان من المتذكرين۔ كذلك خلصوا بعد الالف وتناسوا ذمام الله ونكثوا عهوده

سو اسی طرح وہ ہزار برس کے بعد نکلے اور خدا کی حرمت اور اسکے عہد کو بھلا دیا اور کل عہدوں کو توڑ دیا

واحفظوا ربهم مجترئين۔ وجمعوا كل جهدهم لاضلال الناس واستجدوا المكائد

اور سو جبان کرکے اپنے رب کو غصہ دلایا اور اپنی تمام کوششوں کو لوگوں کے گمراہ کرنے میں اکٹھا کر دیا

كالخناس وجاؤا بسحر مبين۔ واضاعوا التقوى والعمل الصالح واتكاؤا

اور تمام تدابیر کو کام میں لائے اور تقوے اور نیک عمل کو ضائع کیا اور ایسے

على كفارة لا اصل لها واتبعوا كل اثم واستعذبوا كل عذاب وكذبوا

کفارہ پر تکیہ کر بیٹھے جس کی کچھہ بھی اصل نہین اور ہر ایک گناہ کی اونہون نے پیروی کی اور ہر ایک عذاب کو شیرین

المقدسين وتجنوا وقالوا نحن عباد المسيح واحبائه وهيهات ان تراجع الفاسقين

سمجھہ لیا اور پاک لوگون کی تکذیب کی اور کوشش کی جو انکے عیب ڈھونڈھین اور کہا کہ ہم مسیح کے بندے اور اسکے پیارے ہین مگر یہ کہان

مقت الصالحين۔ وقد سمعت آنفا ان المسيح سماهم فاعلي الظلم وسمعت ان الظلم

ہوسکتا ہے کہ ایسے فاسقون کے ساتھہ نیکبختون کا میل جول ہو اور تو ابہی سن چکا ہے کہ مسیح نے انکا نام ظلم کے مرتکب اور بدکار رکھا ہے اور تو نے

والدجل لشئ واحد وقد قال الله تعالى آتت اكلها ولم تظلم منه شيئا اى لم تنقص

یہہ بہی سن لیا ہے کہ ظلم اور دجالیت ایک ہی چیز ہے جیسا کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے کہ اس باغ نے اپنا پورا پہل دیا اور اسمین سے کچھہ کم نہ کیا

واطلاق الظلم على النقص الذي كان في غير محله او الزيادة التي ليست في موضعها

اور لفظ ظلم کا ایسی کمی پر اطلاق کرنا جو غیر محل ہو یا ایسی زیادتی پر جو بے موقع ہے ایک ایسا امر ہے

امر شائع متعارف في القوم وهذا هو الدجل كما لا يخفى على المتبصرين۔

جو قوم میں شائع متعارف ہے اور اسی کا نام دجالیت ہے جیسا کہ سمجھہ دار لوگون پر پوشیدہ نہین۔

فلا شك ان قسيسي هذا الزمان دجالون كذابون يهلكون عوام الناس

پس کچھہ شک نہین کہ اس زمانہ کے پادری دجال کذاب ہین جو عام لوگون کو اپنے اونہہ کی

من نفثات فيهم وكل نوع خداع فيهم الختر يلمع من جبهتهم والتلبيس من صورتهم ولا نجد

پہونکون اور اپنے فریبون سے ہلاک کر رہے ہین فریب انکی پیشانیون پر چمکتا ہے اور حق پوشی انکی صورت سے ظاہر ہے

في مكايدهم ودجلهم نظيرهم في تصاريف الزمان ولا مثيلهم في نوع الانسان يقحمون

اور ہم انکے فریبون اور انکی دجالیت مین اگلے پچہلے زمانہ مین کوئی نظیر نہین پاتے اور نہ نوع انسان مین انکی مانند دیکھتے

الاخطار ليضلوا الديار ويبذلون المال للذى رغب الى دينهم ومال وتجدهم في كل

ہین مشکل جگہون مین گمراہ کرنیکے لئے دہس جاتے ہین اور بہت سا مال ایک ایسے آدمی پر خرچ کر دیتے ہین جو انکے دین کیطرف رغبت کرے

تلبيس وسيع المورد في كل خداع مبسوطة اليد وتجدهم في كل كيد ماهرين۔ وكما ان

اور ہر ایک فریب مین ان کا ایک بڑا وسیع گھاٹ ہے اور ہر ایک مکر مین بڑے لمبے ہاتھہ ہین اور وہ ہر ایک منصوبہ مین ماہر ہین اور جیسا کہ

المسيح يسميهم الدجالين فاعلي الظلم كذلك القرآن سماهم دجالين۔ وقال يا اهل

مسیح علیہ السلام نے انکا نام دجال رکھا ہے اسیطرح قرآن بہی انکو دجال کے نام سے موسوم کرتا ہے کیونکہ قرآن نے فرمایا ہے اے اہل

الکتاب لم تلبسون الحق بالباطل وتکتمون الحق وانتم تعلمون۔ یعنی لم تتجافون

کتاب کیون باطل کے ساتھہ حق کو مخلوط کرتے ہو اور تم دانستہ حق کو چھپا رہے ہو یعنے کیون تم اِس بات سے

عن الاشتطاط فی تحریف کلمات اللہ وانتم تعلمون ان الصدق وسیلة الفلاح

کنارہ نہین کرتے کہ الٰہی کلمات کی تحریف مین حد سے زیادہ بڑہے جاتے ہو اور تم جانتے ہو کہ سچائی نجات کا موجب

والکذب من آثار الطلاح وفی التزام الحق نباھة وفی اختیار الزور عاھة فایاکم

اور جہوٹھ تباہی کی علامت ہے اور حق کے اختیار کرنے مین نیکنامی اور جہوٹہہ کے اختیار کرنے مین آفت ہے سو تم

وطرق الکذابین۔ فاشار اللہ فی ھذا ان علماء النصاری ھم الدجّالون المفسدون

کذابون کا طریق چہوڑ دو۔ پس اِس آیت مین خدا تعالیٰ نے اِس طرف اشارہ کیا کہ نصاریٰ کے علماء درحقیقت دجال اور مفسد

اعداء الحق واھلہ نسوا ظلمة الرمس فلا یذکرون ما تم وحب الشہوات فیھم عمّ

ہین اور حق اور حق پرستون کے دشمن ہین قبر کی تاریکی کو بہلا دیا سو وہ اس خوف کو جو اس جگہ ہے یاد نہین کرتے اور نفسانی شہوتون کی

وتم وغاب اثر الدّین۔

محبت اُنہین پہیل گئی اور کمال تک پہنچ گئی اور دین کا نشان گم ہو گیا۔

واشرب حتّی وبناٴنی حدسی انھم لا یمتنعون ولا ینتھون حتی یروا

اور میری دانش اور میری فراست یہ خبر دیتی ہے کہ یہ کرسٹان نو عیسائی فساد سے باز نہین آئینگے جبتک خدا تعالیٰ

مثل سنن اللہ التی خلت من قبل ویروا ابا غمرة الذی یضرم فی الاحشاء الجمرة

کے اُن قوانین قدیمہ کو نہ دیکہہ لین جو پہلے گذر چکے ہین اور جبتک ایسی بہوکہہ کو نہ دیکہہ لین جو اندر کو جلاتی ہے اور جبتک ایسے دردناک نہ ہو

ویکونوا کجریح نوب متألّمین۔ فحاصل الکلام انھم الدجال المعہود وانا المسیح الموعود

جائین جیسا کہ کوئی حوادث کا مارا ہوتا ہے۔ پس حاصل کلام یہ ہے کہ یہی لوگ دجال معہود ہین اور مین مسیح موعود ہون

وھذا فیصلة اتفق علیہ القرآن والانجیل واکدھا الرب الجلیل فما لکم لا تقبلون

اور یہہ وہ فیصلہ ہے جس پر قرآن اور انجیل دونون اتفاق رکہتی ہین اور اُسکو موکد طور پر خدا تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے پس کیا

فیصلة اتفق علیھا حکمین عدلین اتفرون من الامر الواضح وتعرضون عرضکم للمفاضح

وجہ کہ تم ایسے فیصلہ کو قبول نہین کرتے جسپر دو عادل حاکمون نے اتفاق کیا ہے کیا تم ایک کہلے کہلے امر سے گریز کرتے اور اپنی آبرو کو رسوا

وتعرضون عن نصاحة الناصح وتسبون متنعلین سما لکم لا تنتبہون علی ھذا

کرتے ہو اور ناصح کی نصیحت سے کنارہ کش اور مشتعل ہو کر گالیان نکالتے ہو تمہین کیا ہو گیا کہ تم ان باتون سے متنبہ ہو کر

ولا تخافون ولا تدمع اجفانکم ولا یبید عرجفانکم ولا تتوبون متندمین۔ الا ترون انکم
نہین ڈرتے اور تمہارے آنسو جاری نہین ہوتے اور تمہارے بدن پر لرزہ نہین پڑتا اور پشیمان ہوکر توبہ نہین کرتے۔ کیا تم نہین دیکھتے
اغربتم وشذذتم فی ھذہ العقائد وترکتم الاصل وتمایلتم علی الزوائد وخالفتم الاولین
کہ انوکہی اور نادر باتین تمہارے عقیدون مین داخل ہین اور تمنے اصل کو چھوڑ دیا اور زائد اور بے اصل باتون پر جہک گئے اور پہلون
والآخرین۔ لم لا تسمعون قول الداعی ولا تتبعون الراعی بل تلدغون کالافاعی
اور پچھلون کی تمنے مخالفت کی۔ تم کیون ایک بلانیوالیکی آواز کو نہین سنتے اور چرانیوالیکے پیچھے نہین چلتے بلکہ تم سانپونکی طرح کاٹتے اور دوڑ نے
وتثبون کالذئب الساعی وتمشون صمًّا بکمًا عمیًا متکبرین مغرورین۔ وانما مثلنا
والے بھیڑیے کیطرح حملہ کرتے ہو اور تم اپنے چلنے کیوقت نہ سنتے نہ بولتے نہ دیکھہ سکتے اور تکبر اور غرور مین چلے جاتے ہو اور تمہین دعوت کرنیکے
فی دعوتکم کمثل الذی حاور عجماء او ینادی صخرۃ صماء او یکلم المیتین۔ یا حسرۃ
وقت ہماری مثال ایسی ہے جیسے کوئی گونگے سے بات کرے یا ایک پتھر سخت کو بلاوے یا مردون سے بات کرے ہائے ان
وآھا علی ھؤلاء المتنصرین کیف یعرضون عن الحق الصریح ویضطجعون ضجعۃ المستریح
کرستانون پر افسوس ہے کہ وہ حق سے کنارہ کش جاتے ہین اور ایسے سو رہے ہین جیسے کوئی بڑے آرام سے سوتا ہے اور خوبصورت
ویترکون ذیل الصبیح الملیح ویمیلون الی الشنیع القبیح ویابون اللہ مغمطین۔ نبذوا
عقاید کا دامن چھوڑتے اور مکروہ عقیدون کیطرف جہکے جاتے ہین اور ناشکری کے ساتھہ خداتعالی کی نافرمانی کرتے ہین خداتعالی کے حکم کو یون
امرہ نبذ الحذاء المرقع وکفروا بالکتاب المونع مجترئین۔
پہینکدیا جیسی ایک پرانی پھٹی جوتی کو پہینکدیا جاے اور ایسی کتاب سے جسپر الہی نشان ہے بڑی شوخی سے انکار کردیا ہے۔

الی الدنیا اوی حزب الاجانی
ان لوگون نے جو بہت ہی گناہون مین مبتلا ہین دنیا کو اپنا جاپناہ قرار دیا ہے

وحسبوھا جنًّی حلوا المجانی
اور دنیا کو ایک شیرین اور سہل الحصول میوہ سمجھہ لیا ہے

نسوا من جھلھم یوم المعاد
اپنی نادانی کے سبب سے معاد کے دن کو بہلا دیا ہے

وترکوا الدین من حب الدنان
اور شراب کے خمون سے پیار کرکے دین کو چھوڑ دیا ہے

تراھم مائلین لدی مدام
تو دیکھتا ہے کہ شراب کی طرف یہ لوگ جہک گئے

وغید والغوانی والاغانی
اور ایسا ہی نازک اندام اور حسین عورتین اور گیت اگر دلون کو کھینچتے ہین

وکم منھم اساری عین عین
اور بہتیرے انمین سے بڑی بڑی آنکھون والی عورتونکے قیدی ہین

ومشغوفین بالبیض الحسان
اور بہتیرے سفید رنگ عورتون کے فریفتہ ہین

لهنّ علی بعولتهنّ حکم
وہ عورتین اپنے خاوندون پر حکم کرتی ہین
تری کلاًّ لمنطلق العنانِ
اور سب مطلق العنان اور بے پردہ اور شر انگیز ہین

دماء العاشقین لهُنّ شغل
اپنے عاشقون کو قتل کرنا ان عورتون کا کام ہے
بعینٍ انجلت ظبيّ القنان
آنکھ قتل عام انکی آنکھ ہے جو پہاڑون کے ہرنونکو شرمندہ

ومن عجب جفون فاترات
اور تعجب تو یہ ہے کہ وہ پلکین جو سست اور نیمخواب ہین
اربن الخلق افعال السّنان
لوگون کو برچھیون کا کام دکھلا رہی ہین —

بناظرة تصید الناس لمحًا
وہ عورتین اپنی آنکھہ کی نیم نگہ سے لوگونکو شکار کرتی ہین
تفوق بلحظها رمح الطعان
جنکے گوشہ چشم کی ہلکی سی نظر نیزون کے زخم پر فوقیت رکھتی ہے

وانّیٰ الامن من تلك البلایا
اوران بلاؤن سے نجات پانا لوگون کیلئے غیر ممکن ہے
سوی الله الذي ملك الامان
بجز اسکے کہ اُس خدا کا رحم ہو جو امان بخشنے کا بادشاہ ہے

فعشاق الغوانی والمثانی
سو جو لوگ عورتون اور سرودون کے عاشق ہین
اضاعوا الدین من تلك الامانی
اُنہون نے اِنہین آرزؤن کے پیچھے دین ضائع کیا ہے

یصدّون الوریٰ من کل خیر
لوگون کو وہ ہریک نیکی کے کام سے روکتی ہین
ویغتاظون من تخلیصِ عانی
اوراس بات سے غصہ کرتے ہین کہ کسی قیدی کو رہا کر دیا جائے

عمایات الرجال تزید منهم
لوگون مین اُنکے سبب سے گمراہی پہیلتی جاتی ہے
وفتن الدهر تنمو کل آنِ
اور فتنے دمبدم بڑہتے جاتے ہین

وما من ملجاءٍ من دون ربٍّ
اوران آفتون سے بچنے کیلئے بجز اُس خدا کے کوئی گریزگاہ نہین
کریم قادرٍ کهف الزمان
جو کریم اور قادر اور زمانہ کی پناہ ہے

فنشکو هاربین من البلایا
سو ہم ان بلاؤن سے بہاگ کر اُسی خدا کیطرف شکایت لیجاتے ہین
الی الله الحفیظ المستعان
جو اپنے بندون کا نگہبان اور بیقرار دلکی مدد کرنیوالا ہے

جرت حزنًا عیون من عیونی
میری آنکھون سے مارے غم کے چشمے بہ نکلے
بما شاهدت فتنا کالدخان
جبکہ مینے اُن فتنون کا مشاہدہ کیا جو دہوئین کی مانند ہین

فهل وجدت ثکالیٰ مثل وجدی
پس کیا وہ عورتین جنکے لڑکے مر جائین ایسا غم کرتی ہین جو مین کرتا ہون
اذیً ام هل لهاشان کشانی
کیا دکھہ کے وقت ان کا ایسا حال ہوتا ہے جو میرا حال ہے

ولكم من ظالم يبغي فسادا
بہتیرے ظالم بہی چاہتے ہین جو دنیا مین فساد اور گناہ پہیلے

وقسيسين اصل الافتنان
اور توحید مین فتنہ اندازی کی جڑھ پادری لوگ ہین

تفاحشهم تجاوز كل حدّ
پادریون کی بدگوئی حد سے زیادہ بڑہ گئی ہے

كان غذاءهم فحش اللسان
گویا بدزبانی اُن کی غذا ہے

فكنت اطالعن كتاب ساب
مینے ایک ایسے شخص کی پادریون مین سے کتاب دیکھی جسمین گالیان دی ہین

وتمطر مُقلتي مثل الرثان
سو مین اس کتاب کو دیکہتا تہا اور میری آنکہون سے مینہ کیطرح آنسو جاری تہے

رئينا فيه كلما محفظات
ہمنے اُس کتاب مین وہ کلمے دیکھے جو غصہ دلانے والے تہے

وسبّ المصطفى بحر الجنان
اور دیکہا کہ اس شخص نے رسول اللہ صلعم کو گالیان نکالی ہین جو بخشش کا دریا ہے

صبرت عليه حتى عيل صبري
مینے اس بات پر صبر کیا یہانتک کہ صبر کرتا کرتا ہار گیا

ونار الغيظ ثارت في جناني
اور غصہ کی آگ مجھہ مین بہڑکی

وتاتي ساعة ان شاء ربي
اور وہ گہڑی آتی ہے کہ انشاء اللہ تعالی

اقرّ العين بالخصم المهان
کہ ہم دشمن کی رسوائی دیکہہ کر اپنی آنکہین ٹہنڈی کرینگے

اخذنا السب منهم مثل دين
اُن کی گالیان ہمارے ذمہ قرض کی طرح ہین

وعزّتنا لديهم كالرهان
اور ہماری عزت ان کے پاس گرو کی طرح ہے

سنغشيهم ببرهان كعضب
ہم عنقریب دلیل کی تلوار کے ساتہہ اُنکے سر پر پہونچینگے

رقيق الشفرتين اخ السنان
جو باریک کنارون والے نیزہ کا بہائی ہے

بفاس نختلي تلك الخلايا
ہم اس گہاس کو دلائل کے تبر کے ساتہہ کاٹینگے

ورمح ذابل وقنا البيان
اور نیز برچھی باریک نوک والی اور بیان کے نیزون سے

بجمجمة العدا قد حل غول
ان دشمنون کی کہوپری مین ایک بہوت داخل ہوگیا ہے

فنخرجه بآيات المثاني
سو ہم اس کو سورۃ فاتحہ سے نکالینگے۔

لنا دين ودُنيا للنصارى
ہمارے حصہ مین دین آیا اور نصاری کے حصہ مین دُنیا

ومقت الضرتين من العيان
سو یہ دو سوتون کی دشمنی ہے جسکی حقیقت ہر ایک کے پیش دید ہے

سئمنا كل نوع الضيم منهم
ہمنے ہر ایک ظلم اُن کا اٹہا لیا

ولكن سبّهم صلّى جناني
مگر اُن کی گالیون نے ہمارا دل جلایا۔

سعوا ان يجعلوا أسدا نعاجا
اُنہوں نے کوشش کی کہ کسیطرح شیروں کو بھیڑیں بنائیں
وليث الله ليث لا كضان
اور شیر شیر ہی ہیں وہ بھیڑ کی طرح نہیں ہو سکتے

ورثيتهم كسرحان ضريے
اور ان لوگوں کا حملہ اسی بھیڑیے کیطرح ہے جو شکار کا طالب ہے
وصورتهم كذى حبّ مُقانى
اور صورت انکی ایک لمن سار دوست کیطرح ہے

وباطنهم كجوف العَير قفر
اور اندر ان کا گدہے کے پیٹ کی طرح تقوی سے خالی
من التقوى وبطن كالجفانِ
اور پیٹ اُن پیالوں کیطرح ہے جو کہانے سے بہری ہوئی ہوں

ارى وغلاً جهولاً وابن وَغل
میں ایک خسیس ابن خسیس جاہل کو دیکھتا ہوں
يُرِى كالمرهفات لظے اللسانِ
جو تیز تلواروں کیطرح اپنی زبان کا شعلہ دکہاتا ہے

هرير الكلب لا يحثو بنبح
کتے کی آواز اُس چاند پر خاک نہیں ڈال سکتی
علے البدر المطهّر من عثان
جس کو خدا نے گرد و غبار اور دہوئیں سے پاک پیدا کیا ہے

الا يا ايّها الجِـز الشحيحُ
اے بخیل بدخلق اور حریص
هويت كذى اللبانة فى الهوان
تو محتاجوں کیطرح ذلت کے گڑھے میں گر گیا

وما تدرى الهدى وحملت جهلا
اور تو نہیں جانتا کہ ہدایت کیا شے ہے اور محض جہل سے تو نے
اناجيل النصارى كَالأتانِ
انجیلوں کو اُٹھا لیا جیسا کہ ایک گدہی بار اٹھاتی ہے

تنضنض مثل نضنضة الافاعى
اور تو اس طرح زبان ہلاتا ہے کہ جیسے سانپ
وتهذى مثل عادات الادانى
اور کمینوں اور سفلوں کیطرح بکواس کرتا ہے

هَلُمّ الى كتاب الله صدقاً
خدا کی کتاب کی طرف
وايمانًا بتصديق الجنان
صدق اور دلی ایمان سے آجا

شغفتم ايها النوكے بشوكٍ
بے وقوفو! تم کانٹوں پر فریفتہ ہو گئے
واعرضتم عن الزهر الحسان
اور خوبصورت پھولوں سے کنارہ کیا

وآثرتم اماعز ذات صخر
اور تمنے کنکریوں اور بڑے پتہروں والے زمین جو بہت سخت ہے اختیار کی
علے مخضرة قاع هجان
اور ایسی زمین کو چھوڑا جو پر سبزہ اور نرم اور نہایت عمدہ اور قابل زراعت ہے

وما القرآن الا مثل دُرٍّ
اور قرآن درحقیقت بہت عمدہ اور یکدانہ موتیوں کیطرح سے ہے
فرائد زانها حسن البيان
جو حسن بیان سے اور بہی اسکی زینت اور خوبصورتی نکلی ہے

وما مسّت اکف الکاشحینا
اور دشمنوں کی ہتھیلیاں ان معارف کو چھوئی بھی نہیں
معارفہ التی مثل الحصان
جو قرآن میں ایسے طور پر چھپی ہوئی ہیں جیسی پردہ نشین پاک عورت چھپی ہوئی

بہ ما شئت من علم و عقل
اسمین ہر ایک وہ علم اور عقل ہے جسکا تو طالب ہو
واسرار و ابکار المعانی
اور انواع اقسام کے بھید اور نئی صداقتیں اسمین بھری ہیں

یسکّت کل من یعدو بضغن
ہر ایک ایسے دشمن کا منہہ بند کرتا ہے جو مخالفانہ طور پر دوڑ پڑتا ہے
یبکّت کل کذاب وجانی
اور ہر ایک ایسے شخص پر اتمام حجت کرتا ہے جو دروغگو اور گنہگار ہے

رئینا درّ مزنتہ کثیرا
ہمنے اسکے مینہ کا پانی بہت ہی دیکھا ہے
فدینا ربّنا ذا الامتنان
سو ہم اُس خدا پر قربان ہیں جسنے ایسے احسان کئے

وما ادراک ما القرآن فیضا
اور تو کچھ جانتا ہے کہ قرآن فیض کی رو سے کیا شے ہے
خفیر جالب نحو الجنان
وہ ایک رہبر ہے جو بہشت کیطرف کھینچتا ہے

لہ نوران نور من علوم
اُسمین دو نور ہیں ایک تو علوم کا نور اور دوسرے
و نور من بیان کالجمان
فصاحت بلاغت کا نور جو دانہ نقرہ کیطرح چمکتا ہے

کلام فائق ما راق طرفی
وہ ایک ایسا کلام ہے جو ہر ایک کلام سے فوقیت لے گیا
جمال بعدہ والنیّران
اسکے بعد مجھکو کوئی جمال اچھا معلوم نہوا اور آفتاب اور قمر بھی اچھے دکھائی نہ دئیے

ایاۃ الشمس عند سناہ دخن
آفتاب کی روشنی اسکی چمک کے آگے ایک دہوان سا ہے
وما للعل والسبت الیمانی
اور لعل سے نرمی کے سرخ چمڑے کو نسبت ہی کیا ہے گو یمن کی ساخت ہو

واین یکون للقرآن مثل
اور قرآن کی مثال کوئی دوسری چیز کیونکر ہو
ولیس لہ بھذا الفضل ثانی
کیونکہ وہ تو اپنے فضائل میں بے مثل ہے

ورثنا الصحف فاقت کل کتب
ہم اُس کتاب کے وارث بنائے گئے جو سب کتابوں پر فائق ہے
وسبقت کل اسفار بشان
ایسی کتاب جو اپنے کمالات میں تمام کتابوں پر سبقت لیگئی ہے

وجاءت بعد ما خرت خیام
اور اس وقت آیا جبکہ سب پہلے خیمے منہہ کے بل گر گئے تھے
وخرّبت البیوت مع المبانی
اور تمام گھر مع بنیاد کی جگہوں کے خراب ہو چکے تھے

محت کل الطرائق غیر برّ
ہر ایک راہ کو بجز نیکی کے راہ کے معدوم کر دیا
وجذّت راس بدعات الزمان
اور ان تمام بدعتوں کا سر کاٹ دیا جو زمانہ میں شائع تھیں

كأنّ سيوفها كانت كنار
گویا اسکی تلوارین ایک آگ کی طرح تہین

بها حُرقت مخاريق الاراذل
اُن سے وہ تمام کوڑے جلگئی جو سفلہ لوگون کے ہاتھ مین تھے

اذا استدعى كتاب الله مثلا
جب کتاب اللہ نے اپنی مثل کا مطالبہ کیا

فعيّ القوم واستتروا كفاني
سو قوم مقابلہ سے عاجز ہوگئی اور فنا شدہ چیز کیطرح چھپ گئی

وسلبت جرأة الاسناف منهم
اور پیشں قدمی کی ہمت اُن سے مسلوب ہوگئی

من الهول الذي حل الجنان
اور یہ ہیبت اٰلہی تھی جو اُن کے دل مین بیٹھ گئی

فمن عجب ابوا مثل ميت
سو یہہ تعجب کی بات ہے کہ وہ مردہ کیطرح منہہ کے بل جا پڑے

وقد مرنوا على لطف البيان
حالانکہ وہ فصیح کلمات کی مشق اور عادت رکہتے تھے

وانزله مهيمنا حدّيا
اور خدا تعالی نے اسکو بےمثل اور طالب معارض نازل کیا

ففرّوا كلهم كالمستهان
پس کفار اسکی مثل بنانے پر قادر نہو سکے اور سرگردان ہوکر بہاگ گئے

وصارت عصبهم فرقا ثبينا
اور اُن کی جماعتین کئی فرقے متفرق ہوگئے

فمنهم من اتى بعد الحران
پس بعض اُن مین سے تو سرکشی سے باز آگئے

ومنهم من تلبّب مستشيطا
اور بعض نے قرآن کے مقابلے سے عاجز آکر ہتیار باندہے

لحرب الصادقين وللطّعان
اور غضب مین آکر راست بازون کیساتھ جنگ کیلئے تیار ہوگئے

فانتم قد سمعتم ما اصيبوا
سو تم سن چکے ہو کہ اُن کو کیا کیا سزائین ملین

بضعضعة السيوف من الهوان
اور تلوارون کی سرکوبی سے کیسی ذلت اُٹھائی

وكان جزاء سل السيف سيفا
اور تلوار کہینچنے کا بدلہ تلوار ہی تہی سو جو کچھ اُنہون نے بویا تہا

فذاقوا ما اتاقوا كالجبان
وہی کاٹا اور بزدل ہوکر جو کچھ بویا تہا اُسکا پہل کہایا

اذا دارت رحى البلوى عليهم
اور جبکہ سختی کی چکی اُن پر چلی سو ایسے ہوگئے

فكانوا كهوة فوق الدّهان
جیسا کہ آٹے کی ایک مٹھی چکی کے اُوپر چرم پر ہوتی ہے جو چکی کے

فطفقوا يهربون كمثل جبن
سو اُنہون نے ایک نامرد کی طرح بہاگنا شروع کیا

فاخذوا ثم قتلوا مثل ضان
پس پکڑے گئے اور بھیڑون کی طرح قتل کئے گئے

اذا ما شاهدوا قتلى كقتن
اور جبکہ اُنہون نے اپنے مقتولوں کو ٹڈیوں کیطرح دیکہا

فرفعوا طاعة علم الامان
تب اُنہون نے امان طلب کرنیکے لئے جھنڈیان اُٹھائین

سراة الحي جاءوا نادمينا
اور قبیلہ کے سردار شرمندہ ہو کر آئے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم
وأما الجاهلون فما أطاعوا
مگر جاہلون نے آن کا حکم نہ مانا
سقوا كاس المنايا ثم سيقوا
موت کے پیالے ان کو پلائے گئے
فهذا اجر جهل الجاهلينا
سو یہ جاہلون کے جہل کی سزا تھی
وما كان الرحيم مذل قوم
اور خدائے رحیم کسی قوم کو ذلیل نہین کرتا
وهل حدثت من انباء امم
کیا ایسی قومون کی تجھے کچھ خبر ہے
وكل النور في القرآن لكن
اور تمام اور ہر ایک قسم کے نور قران ہی مین ہین
به نلنا تراث الكاملينا
ہمنے اس کے وسیلہ سے کاملون کی وراثت پائی
فقم واطلب معارفه بجهد
پس اٹھ اور کوشش کے ساتھ اُسکے معارف طلب کر
اتطلب عزة الدنيا الدنية
کیا تو اس دنیا ناکارہ کی عزتون کا طالب ہے
اترضى يا اخي بالخان حمقا
اے بھائی کیا تو سرائے مین رہنے مین اپنی حمق سے راضی ہو گیا
على بستان هذا الدهر فاس
اس دنیا کے باغ پر تبر رکھا ہے

فرحم المصطفى بحر الجنان
نے جو دریائے بخشش ہے ان کا گناہ معاف کیا
فاعدمهم فتوس الاختفان
سو بجلی کے تیرون نے انکو معدوم کیا
الى نار تلوح وجه جاني
اور پھر وہ اُس آگ کیطرف کھینچے گئے جو مجرم کا منہ جلاتی تھی
من الرحمان عند الاستنان
یہ سزا خدا تعالی کیطرف سے اُس وقت ہوئی جب اُنہون نے فساد اور ظلم
ولكن بعد ظلم وافتنان
مگر اُس وقت جبکہ ظلم اور فتنہ اندازی اختیار کرے
رؤا قبحا بافعال حسان
جن کو نیکی کرتے کرتے بری پیش آئے
يميل الهالكون الى الدخان
مگر مرنے والے دھوئین کیطرف دوڑتے ہین
به سرنا الى اقصى المعاني
ہمنے اسکے وسیلہ سے حقیقتون کے اخیر تک سیر کیا
وخف شر العواقب والهوان
اور انجام بد اور ذلت کی بدیون سے خوف کر
اتطلب عيشها والعيش فاني
کیا تو اس دنیا کے عیشون کو ڈھونڈھتا ہے اور اسکے تمام عیش فانی ہین
وتنسى وقت تبديل المكان
اور اُس وقت کو بھلا دیا جو تبدیل مکانی کا وقت ہو
فكم شجر يجاح من الاهان
سو بہت سے درخت جڑھ سے اکھیڑے جاتے ہیں

وكم عنق تكسّرها المنايا
اور موتیں بہت سی گردنوں کو توڑ رہی ہیں

وكم كفّ وكم حسن البنان
اور بہت ہتیلیاں اور بہت سی خوبصورت پوریں ٹوٹی چلی جاتی ہیں

ترى فى ساعة سررا لرجل
اور تو یہ تماشہ دیکھ رہا ہے کہ ایک گھڑی ایک مرد کیلئے کئی تخت بچھے

وفى الاخرى نراه على الاران
اور پھر دوسری گھڑی میں وہی مرد تابوت مردہ پر پڑا ہوا ہوتا ہے

وانى ناصح خلّ امين
اور میں ایک نصیحت دینے والا دوست اور امین ہوں

ويدرى نور علمى من يرانى
اور جو شخص مجھے دیکھے وہ میرے نور علم کو معلوم کرے گا

يكرّم جاهل قبل ابتلاء
جاہل کی تعظیم آزمائش سے پہلے ہوتی ہے

وقدر الحبر بعد الامتحان
اور دانا آدمی کی تعظیم اسکے امتحان کے بعد کیجاتی ہے

وكفّرنى عدو الحق حمقا
اور ایک سچ کے دشمن نے مجھے کافر ٹھیرایا

فقلت اخساء يرانى من هدانى
سو میں نے کہا دفع ہو جس نے مجھے ہدایت دی وہ مجھ کو دیکھ رہا ہے

صوارمه علىّ مسلّلات
اُس دشمن کی تلواریں میرے پر کھینچی ہوئی ہیں

وانى نحو وجه الحبّ رانى
اور میں اپنے پیارے اللہ کی طرف دیکھ رہا ہوں

وانى قد وصلت رياض حبّى
اور میں اپنے پیارے کے باغوں میں پہنچا ہوا ہوں

ويطلبنى خصيمى فى المحانى
اور دشمن مجھے جنگلوں میں تلاش کر رہا ہے

هويت الحبّ حتى صار روحى
میں نے اس پیارے سے محبت کی یہاں تک کہ وہ میری جان ہو گیا

وارانى جنانى فى جنانى
اور میرا بہشت اُس نے میرے دل میں ہی دکھا دیا

بوجه الحبّ لست حريص ملك
اس پیارے کی قسم ہے کہ میں کسی ملک کا حریص نہیں

كفانى ما ارى نفسى كفانى
اور یہ میرے لئے کافی ہے کہ میں اپنے نفس کو فنا کی حالت میں دیکھتا ہوں

عمود الخشب لا ابغى لسقفى
میں لکڑی کے ستون اپنی چھت کیلئے نہیں چاہتا

وحبّى صار لى مثل البوان
اور میرا پیارا میرے لئے ایسا ہو گیا ہے جیسا کہ ستون

ورثنا المجد من ذى المجد حقا
ہم نے بزرگی کو خدائے ذوالمجد سے پایا

وصبّغنا بمحبوب مقانى
اور اُس ملنے والے پیارے کے رنگ سے ہم رنگے گئے

دخلت النار حتى صرت نارًا
